اتنا بوکھلایا ہوا تھا کہ قندیل کو کئی مرتبہ فون کرکے سرنڈر ہونے کی دھمکی اور مراعات کا لالچ دیا گیا۔ لیکن شہید ہمیشہ اس طرح کی پیش کش کو یہ کہہ کر ٹھکرا دیتے کہ سرنڈر ہونے کے لئے مسلح ہونا ضروری ہے، اور میرے پاس صرف قلم ہے۔شہید کندیل کے بڑے بھائی فدا شہید کو 2014 کی مارچ کو فورسز نے گرفتار کیا تھا، ہر قابض کی طرح یہاں بھی قابض آرمی نے رشتوں کو بطور ہتھیار استعمال کرکے کندیل کو جہد سے کنارہ کش کرنے کی کوشش کی۔لیکن کندیل اپنے بھائی کی رہائی کے بدلے بھی اس جدوجہد سے کنارہ کش ہونے پر آمادہ نہ تھے۔ 2015 کے سیشن کے چند دنوں بعد فورسز نے مشکے ہی میں کندیل جان کے بھائی اور بی ایس او آزاد کے ممبر فدا بلوچ کو شہید کردیا۔شہید کے والد اور کمسن بھائیوں کو اغواء کرکے کندیل پر دباؤ ڈالنا چاہا۔لیکن اس آزمائشی صورت حال میں کندیل بلوچ اپنی کم عمری کے باوجود ثابت قدم رہ کر ایک مرتبہ پھر یہ ثابت کرگئے کہ انقلاب کی جدوجہد میں واقعی کم ظرف لوگ حصہ نہیں لے سکتے۔

شہید فدا کی شہادت کے چند دنوں بعد جب میں کندیل سے ملا تو اس کے حوصلے جوان اور آنکھیں پر امید تھیں۔ مجھے مخاطب کرتے ہوئے کندیل نے کہا کہ آزادی کے لیے ہمیں لازوال قربانی کے لیے تیار رہنا چاہیے۔میرے خاندان کی قربانی میرے لئے کسی اعزاز سے کم نہیں، اس دن میرے حوصلے مزید بلند ہوگئے کہ ہمارے کارکنان حالات سے سیکھ کر حالات کو سامنا کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

بی ایس او آزاد کے پلیٹ فارم سے جو نظریاتی کامریڈ سرزمین پر اپنی جان نچھاور کر چکے ہیں، انکی قربانیاں تاریخ میں ہمیشہ سنہری الفاظ میں لکھی جائیں گی۔اُن ساتھیوں کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔کندیل جان بھی اسی راہ پر چلتے ہوئے شہادت کے عظیم رتبے پر فائز ہوگئے، لکمیر جان کی اغواء نما گرفتاری کے ایک روز بعد کولواہ میں ایک آپریشن کے دوران فورسز نے کندیل بلوچ کو فائرنگ کرکے شہید کردیا، شہادت کے وقت کندیل بلوچ کی عمر 21 سال تھی۔اپنی شہادت سے کندیل جان نے یہ ثابت کردیا بی ایس او آزاد کے کارکنان سرخم کرنے کے بجائے آزادی کی خاطر سر دینے کو ترجیح دیتے ہیں۔

شہید کندیل جان، بی ایس او آزاد کے کارکن آپ کو اپنا آئیڈیل مان کر آپ کی راہ کے مسافر ہیں۔سدسلام

سگار کمیٹی کی جانب سے بی ایس او آزاد کے

# سیکٹری جنرل عزت بلوچ کا انٹرویو

☆ادارہ☆

"عزت بلوچ بی ایس او آزاد کے موجودہ سیکرٹری جنرل ہیں۔انہوں نے 2009 میں تنظیم میں شموولیت اختیار کی۔ 2010 سے 2012 تک زونل صدر کے عہدے پر رہے۔2012 سے جون 2015 تک مرکزی کمیٹی کے رکن رہے۔ جون 2015 سے نومبر 2015 تک تنظیم کے مرکزی انفارمیشن سیکٹری رہے۔ 2015 کو ہونے والے کونسل سیشن میں بی ایس او آزاد کے سیکٹری جنرل منتخب ہوئے۔"

**سوال☆ بحیثیت ایک طلباء لیڈر آپ بلوچ قومی تحریک کی موجودہ صورتحال سے کس حد تک مطمئن ہیں؟**

**جواب☆** مطمئن ہونا بزات خود ایک ایسا احساس ہے کو یہ عام طور پر کسی کو کچھ نیا کرنے کے لئے متحرک کرنے کے بجائے موجودہ حالات پر خوش کرتا ہے۔موجودہ تحریک میں کمزوریاں اگرچہ ہیں، یہ کمزوریاں پارٹی منیجمنٹ کے حوالے سے ہوں، سیاسی ناپختگی یا عدم برداشت جیسی کمزوریاں، لیکن ان سب کے باوجود حوصلہ افزا بات یہ ہے کہ قومی تحریک کی تمام اکائیوں کی طریقہ جدوجہد میں کوئی اختلاف نہیں، ان کے مقاصد میں بھی کوئی اختلاف موجود نہیں ہے۔ مجموعی حوالے سے اگر دیکھا جائے تو قومی تحریک کی مجموعی صورت حال اطمینان کن ہے۔لیکن مجھے یہ وضاحت کرنے دیجیے کہ جہاں تک میرا خیال ہے تحریک کی اکائیوں میں، بشمول بی ایس او آزاد، بہتری کی گنجائش موجود ہیں۔





**سوال☆ پچھلے کئی سالوں سے ریاست کی جانب سے تعلیمی اداروں پر بندش اور منشیات کے پھیلاؤ جیسے مختلف حربے بلوچ نوجوانوں کے خلاف استعمال کیے جارہے ہیں، آپ کے نزدیک ان حالات میں نوجوانوں کی مجموعی ذمہ داری کیا بنتی ہے؟**

**جواب☆** یہ حقیقت ہے کہ ریاست مختلف حربوں کا بیک وقت استعمال کرکے نوجوانوں کو تحریک سے دور کرنے کی کوشش کررہی ہے، چونکہ یہ نوجوان ہی ہیں جو کہ کسی تحریک کا، یا قوم کا مستقبل ہوتے ہیں۔ریاست کی ان پالیسیوں کے اثرات 'اگر ریاست کامیاب ہوئی تو' آئندہ سالوں میں منفی حوالے سے تحریک اور بلوچ معاشرے پر پڑیں گے۔ جہاں تک سوال کے دوسرے حصے کا تعلق ہے کہ نوجوانوں کی زمہ داری کیا بنتی ہے تو میرے خیال میں ان حالات کا مقابلہ صرف نوجوانوں کو نہیں بلکہ معاشرے کے تمام باشعور طبقوں کو اس صورت حال کے خلاف مزاحم ہوکر ہی ان حربوں کا ناکام بنانے کی کوشش کرنا چاہیے۔ ریاست میڈیا اور پروپگنڈہ کے دوسرے ذرائع کا استعمال کرکے ایسی تمام سازشوں کو چھپا رہی ہے جو کہ بتدریج بلوچ معاشرے کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ یہ بلوچ سیاسی پارٹیوں اور معاشرے کے باشعور طبقے کی زمہ داری ہے کہ وہ ان حربوں کو بے نقاب کریں۔ جب عام لوگ ان حربوں اور ان سے پہنچنے والے نقصانات سے آگاہ ہوجائیں گے تو وہ ان کے خلاف جاری مذاحمت میں شامل ہوجائیں گے۔

**سوال☆ بعض لوگوں کے نزدیک ان حالات میں بی ایس او آزاد وہ کردار ادا کرنے سے قاصر ہے جو وہ ماضی میں ادا کرتا رہا ہے، مثلاً جلسہ جلوس، سیمینار، مظاہرے وغیرہ۔آپ کی نظر میں یہ تنظیم کی ناکامی ہے یا موجودہ حالات کے تقاضے؟**

**جواب☆** میں نہیں سمجھتا کہ بی ایس او آزاد جلسہ جلوس یا سیمینارز منعقد نہیں کرسکتا۔ بی ایس او آزاد کے خلاف کریک ڈاؤن اور ایک سو سے زائد لیڈرز اور کارکنوں کی شہادت کے

باوجود بی ایس او آزاد نوجوانوں کی ایک ایسی قوت ہے جو کہ گراؤنڈ میں موجود ہے۔ جلسوں یا سیمنارز کے انعقاد ہونے یا نہ ہونے سے کسی تنظیم کو کامیاب یا ناکام نہیں قرار دیا جاسکتا۔ بی ایس او آزاد نے پالیسی کے تحت جلسے اور سیمینار منعقد کرنے کی سرگرمیوں کو محدود کر رکھا ہے ۔ اگر آپ کو یاد ہو تو چند مہینوں پہلے تک بی ایس او آزاد نے کوئٹہ اور کراچی میں مظاہرے کیے ہیں، سیمینار بھی منعقد کیا ہے۔ چونکہ یہ سیاسی سرگرمیوں کا حصہ ہیں ان سے انکار نہیں کیا جاسکتا، لیکن آج کے زمانے میں بہتر ذرائع موجود ہیں جو کہ جلسوں یا دوسرے روایتی ذرائع کے استعمال سے زیادہ پُراثر ثابت ہوسکتے ہیں۔ اگر روایتی طریقے کی سرگرمیاں محدود ہیں تو ان کی بنیادی وجہ حالات کے نئے تقاضے اور نئی ضروریات ہیں۔

**سوال☆ لیکن کچھ حلقوں کے نزدیک بی ایس او آزاد موجودہ سیاسی منظر نامے سے یکسر غائب ہے، آپ اس بارے میں کیا کہتے ہیں؟**

**جواب☆** اگر کسی کا یہ خیال ہے تو میرے خیال میں وہ بلوچستان کی موجودہ صورت حال سے ناواقف ہے۔ بی ایس او آزاد کسی بھی زاویے سے منظر عام سے غائب نہیں ہے، تنظیم کے جتنے ذیلی اور مرکزی ادارے ہیں سب متحرک ہیں، تنظیم کا لٹریچر اور سیاسی حالات کے حوالے سے موقف وقتاً فوقتاً میڈیا میں شائع ہو رہا ہے۔ جیسا کہ پہلے سوال کے جواب میں، میں نے ذکر کیا کہ بی ایس او آزاد نے جلسوں اور سیمنارز کے انعقاد کو شعوری طور پر محدود کر رکھا ہے، اگر کسی کے نزدیک جلسہ منعقد نہ کرنے یا سیمنار منعقد نہ کرنے کا مطلب سیاسی منظر نامے سے غائب ہونا ہے تو میرے خیال میں وہ شخص بالکل غلط ہے۔





**سوال☆ بلوچ قومی تحریک میں ماس پارٹی کے کردار کو کس نظر سے دیکھتے ہیں؟**

**جواب☆** صرف ہماری تحریک میں ہی نہیں بلکہ دنیا کی تمام ملکوں یا تحریکوں میں منظّم پارٹیوں کی موجودگیوں کے فوائد اُن قوموں یا تحریکوں کے لئے مسلمہ ہیں۔ لیکن بلوچ جیسی کمزور قوموں کی طاقت کو یکجا کرنے کے لئے پارٹی کی ضرورت و اہمیت دوگنی ہوجاتی ہے۔ اگر ہم تاریخی حوالے سے دیکھیں تو بھی یہ بات واضح نظر آتی ہے کہ ماضی میں تحریکوں کی ناکامی، یا خاموشی کی بنیادی وجوہات میں سے ایک پارٹی کی عدم موجودگی بھی تھی۔ میرے خیال میں بلوچ قومی تحریک میں اب تک کوئی ایسی پارٹی موجود نہیں جسے ہم صحیح معنوں میں ماس پارٹی کہہ سکیں یا اس حوالے سے اس کے کردار پر بحث کریں۔ البتہ بی این ایم موجود ہے جو کہ ابھی تک ایک ڈھانچہ ہے، اس ڈھانچے میں گوشت بھرنے اور اسے صحت مند پارٹی بننے میں ابھی تک محنت درکار ہے، بی این ایم کے بانی چیئرمین، مرکزی سیکرٹری جنرل اور دوسرے کئی اہم رہنماء شہید کردیئے گئے ہیں، پارٹی کے خلاف ریاستی کریک ڈاؤن خود اس بات کا اظہار ہے کہ ریاست پارٹی کو عوام سے دور رکھنے کی تمام ممکن کوشش کرے گی۔ جیسا کہ میں نے اپنے ایک کالم میں کہا تھا اور اب بھی وہ بات دہراتا ہوں کہ بی این ایم کی قیادت کو یہ چیلنج قبول کرکے پارٹی کی تنظیم کو وسعت دینے کے لئے جدوجہد تیز کرنا ہوگا۔ کیوں کہ بغیر منظّم پارٹی کی موجودگی کے ہم شاید ہی دشمن کو شکست دے سکیں اور شاید ہی اپنی ایک منظّم ریاست تعمیر کرسکیں۔

**سوال☆ سیاسی حلقوں میں ایک نقطہ نظر یہ بھی پایا جاتا ہے کہ بی ایس او آزاد اپنے تنظیمی دائرہ حدود سے تجاویز کرکے سیاسی جماعت کا کردار ادا کرنے کی کوشش کر رہا ہے؟**

**جواب☆** اگر وہ سیاسی حلقے حدود سے تجاوز کر جانے والی سرگرمیوں کی نشاندہی کریں تو اُن کی مہربانی ہوگی۔ میں نہیں سمجھتا کہ بی ایس او آزاد نے ایسی سرگرمیاں کی ہیں کہ انہیں

بی ایس او آزاد کی حدود سے تجاوز کہا جائے۔ بلوچستان کی موجودہ صورت حال کے حوالے سے ، یا ماضی میں جو بھی پالیسی بی ایس او آزاد نے تشکیل دی ہے، اُن پالیسیوں کی طریقہ کار یا وقت کے انتخاب کے حوالے سے بحث تو کیا جاسکتا ہے لیکن یہ نہیں کہا جاسکتا کہ بی ایس او آزاد نے اپنے حدود سے تجاوز کیا ہے۔

**سوال☆ ریاست کی جانب سے مارو اور پھینک دو جیسی پالیسیوں میں شدت آنے کے بعد ماس موبلائزیشن کا عمل ایک حد تک جمود کا شکار ہوتا دیکھائی دے رہا ہے، کیا یہ سیاسی جماعتوں کی ناقص حکمت عملی کا نتیجہ نہیں؟**

جواب☆ مارو اور پھینکو پالیسی کے تحت ریاست نے عام لوگ نہیں مارے ہیں بلکہ سارے ریاست کے Selected ٹارگٹ تھے۔ بی این ایم، بی آر پی اور بی ایس او آزاد سمیت دوسری پارٹیوں کے چنیدہ لوگ ریاست نے اس پالیسی کے تحت مارے ہیں، صرف بی ایس او آزاد کے ایک سو سے زائد لیڈر اور کارکنان اسی پالیسی کے تحت مارے گئے ہیں۔ یہ نقصان کسی مخصوص پارٹی کے لئے نہیں بلکہ بطور مجموعی بلوچ قوم کے لئے ایک بھاری نقصان ہے۔ کئی انجینئرز، پولیٹیکل سائنٹسٹ، ڈاکٹرز اور وکلاء مارے گئے ہیں، کئی انتہائی سنجیدہ سیاسی لیڈر سالوں سے خفیہ اذیت گاہوں میں بند ہیں۔ اسی وجہ سے پارٹیوں کی موبلائزیشن کے عمل میں بھی کمی آئی ہے۔ پاکستان ایک ملٹری اسٹیٹ ہے، لیکن بلوچستان میں ملٹری کی ذہنیت کسی دوسرے خطے کی نسبت بہت ہی زیادہ عیاں ہے۔ ریاست کبھی یہ نہیں چاہتی کہ بلوچستان میں کوئی ایسی سیاسی قوت موجود ہو جو کہ عوام کے ساتھ رابطے میں رہے، ایسی قوت نام نہاد پاکستانی پارلیمانی سیاست پر ہی کیوں نہ بھروسہ کرے، لیکن ملٹری اسٹیبلشمنٹ کے لئے قابل قبول نہیں ہے۔ اسی لئے ریاست نے سیاسی تنظیموں کی مقامی قیادت کو یا تو قتل کردیا یا پھر انہیں مجبور کردیا کہ وہ عوام سے اپنی تعلقات محدود کردیں۔





میرے خیال میں ماس موبلائزیشن میں کمی کے عمل کو ہم ناقص حکمت عملیوں کا سبب نہیں کہہ سکتے کیوں کہ ریاست کی جب پوری کوشش یہ ہو کہ سیاسی کارکن قتل کردیئے جائیں تو اس پالیسی کا مقابلہ حکمت عملی میں تبدیلی لائے بغیر ممکن نہیں۔ اگر ماس موبلائزیشن کے عمل میں موجودہ وقت میں کچھ کمی آئی ہے تو میرے خیال میں یہ تعطل وقتی ہے۔ جو سیاسی پارٹیاں گراؤنڈ میں موجود ہیں وہ نئی حکمت عملیوں کے ساتھ اپنی سرگرمیاں جاری رکھیں گے کیوں کہ عوام سے رابطہ رکھے بغیر کوئی پارٹی یا تحریک طاقت حاصل نہیں کرسکتا۔

**سوال☆ تاریخ کے مطابق دنیا کے تمام تر عظیم انقلابات اور قومی تحریکوں میں سیاسی لٹریچر کا ایک اہم کردار رہا ہے، لیکن بلوچ قومی تحریک میں برسرپیکار سیاسی اداروں کی جانب سے اس حوالے سے کوئی خاص پیش رفت دیکھنے کو نہیں ملتی۔ آپ کی نظر میں یہ بلوچ قومی تحریک میں متحرک اداروں کی کمزوری نہیں؟**

جواب☆ یہ بات درست ہے کہ تمام عظیم انقلابات میں لٹریچر نے اہم کردار ادا کیا لیکن یہ بات بھی اپنی جگہ حقیقت ہے کہ لٹریچر یا پروپگنڈے کے محاز نے بہت زیادہ ترقی کرلی ہے۔ Renaissance period میں پرنٹر کی ایجاد نے پروپگنڈے کے ذرائع کو مخصوص ہاتھوں سے نکال کر عام کردیا، اس کے بعد انقلاب فرانس میں پرنٹر کی استعمال نے پروپگنڈے کے محاز کی ہیئت ہی بدل دی تھی، یا اس کے بعد سویت یونین کے زمانے میں پرنٹر کے ساتھ ساتھ وژیول پروپگنڈہ نے خیالات کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ لیکن آج ہم ایک ڈیجیٹل دور میں رہ رہے ہیں، سوشل میڈیا کی ایجاد نے پروپگنڈہ کے ذرائع کو ناقابل کنٹرول بنادیا ہے۔ ہم نے دیکھا کہ مڈل ایسٹ کے کئی ممالک میں وہاں کے باغیوں نے سوشل میڈیا کا استعمال کس طرح کرکے لوگوں کو اپنی جدوجہد میں شامل کیا تھا۔ کہنے کا مقصد یہ نہیں کہ لٹریچر کی تقسیم کے روایتی طریقے غیر اہم ہوچکے ہیں، لیکن جتنے نئے

طریقے ایجاد ہو چکے ہیں وہ کم وقت اور کم انرجی استعمال کرنے پر بھی زیادہ لوگوں تک پہنچ سکتے ہیں۔ بلوچ آزادی پسند پروپگنڈہ کے محاذ پر اگرچہ کمزور نہیں ہیں لیکن حالیہ پروپگنڈے کا محور عالمی اداروں یا ممالک کی توجہ حاصل کرنا ہے جو کہ غلط نہیں ہے، لیکن اس کے ساتھ ہی میرے خیال میں بلوچ سیاسی پارٹیوں کو بلوچ عوام کو موٹی ویٹ کرنے اور ریاست اور اس کے مقامی نمائندوں کو بے نقاب کرنے کی جانب بھی توجہ دینا چاہیے۔ میری ذاتی رائے میں ہماری تحریک کے پروپگنڈہ کا فوکس اپنی عوام کو متحرک کرنا ہونا چاہیے کیوں کہ جب تک عوام متحرک نہ ہوں یا عوام غلامی کے نقصانات اور آزادی کے معاشی، سیاسی و دیگر فوائد سے آگاہ نہ ہوں تو وہ تحریک کا حصہ بننے کی کوشش نہیں کریں گے۔

**سوال☆کسی بھی قومی تحریک میں دانشوروں کا مثبت اور اہم کردار دیکھنے کو ملتا ہے۔کیا آپ موجودہ حالات میں بلوچ دانشوروں کے کردار سے مطمین ہیں؟**

**جواب☆** میں مطمئین نہیں ہوں، اور یہی خیال کرتا ہوں کہ سیاسی کارکن' صورت خان مری جیسے دانشوروں کے علاوہ' باقی دانشوروں کی موجودہ کردار سے مطمئین نہیں ہوں گے۔ ہمارے وہ دانشور جنہیں سیاسی صورت حال پر لکھنے کا ہنر آتا ہے، یا وہ ادیب ولکھاری جو حالات کو اپنے ناول یا افسانوں میں لکھ سکتے ہیں، وہ ایسا کچھ بھی تخلیق نہیں کررہے ہیں۔صورت خان مری جیسے دانشور بہت ہی کم ہیں جو صورت حال کا تنقیدی نقطہ نظر سے تجزیہ کرتے ہیں۔ ہمارے بہت سے دانشور' خاص کر ادبی دانشور' خود کو آفاقی مخلوق ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں جیسے کہ زمینی حالات انہیں متاثر نہیں کرتے ، جب ان سے کہا جائے کہ وہ موجودہ حالات کو اپنے افسانوں میں، یا ناولوں میں، آرٹ میں جگہ دیں تو وہ یہ جواب دیں گے کہ ادب کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ۔تو کیا ٹالسٹائی کی جنگ اور امن ایک سیاسی دستاویز نہیں ہے؟ میکسم گورکی کی ناول' ماں' اپنے دور کے سیاسی حالات کی تاریخ





نہیں ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ جب کوئی قوم تشکیل کے عمل سے گزر رہا ہو تو اُس قوم کے ہر فرد کی یہ اخلاقی زمہ داری ہے کہ وہ اپنے انفرادی ہنر کو اجتماعی عمل سے مربوط کرے۔اس کے برعکس جو کچھ تخلیق ہوتا ہے اگرچہ وہ تخلیقی اعتبار سے اہم ہے، لیکن حقیقت میں وہ غیر ضروری ہے۔ بلوچ کے لئے موجودہ دور اہم ہے، وہ لوگ جو ادب و سیاست کے شعبے سے وابستہ ہیں انہیں چاہیے کہ وہ لکھیں، تنقید کریں، عوام کی رائے اور حالات کا تجزیہ کریں۔ ایک ادیب یا دانشور جب اپنے اردگرد کے حالات سے متاثر نہ ہو تو میں نہیں سمجھتا کہ ایسے سوڈو دانشور Pseudo-intellectual ادیب یا سیاسی دانشور جیسے حساس طبقے کے لوگوں میں شمار ہو سکتے ہیں۔

**سوال☆ بلوچ نوجوانوں کیلئے کیا پیغام دینا چاہیں گے؟**

**جواب☆** میرے خیال میں گزارش کو پیغام کہنا مناسب نہیں ہے۔ میں نوجوانوں سے یہی گزارش کرتا ہوں کہ وہ اس بات کا ادراک کریں کہ اُن کے ہر عمل کا نقصان اور فائدہ قوم کے لئے ہے۔ بحثیت ایک غلام قوم کے نوجوان کے، بلوچ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی ذاتی زندگیوں سے زیادہ قوم کی مستقبل اور آزادی کے لئے جدوجہد کریں۔ پاکستان کے نصاب شعوری طور پر کامیابی کے معیار کو گھٹا کر دھوکہ بازوں اور کرپٹ لوگوں کو اور پیسے کی فراوانی کو کامیابی کی علامت قرار دیتے ہیں، لیکن بلوچ نوجوانوں کو ایسی سطحی سوچ سے بڑھ کر اجتماعی مفادات کے لئے کام کرنا چاہیے اور نوجوانوں سے میرا یہی مطالبہ ہے کہ وہ سیاست کا باقاعدہ طور پر حصہ بنیں کیوں کہ سیاست کا حصہ بن کر وہ بہتر طور پر اپنے ہنر قومی آزادی کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔

# کرد قومی تحریک کا مختصر جائزہ

☆عادل بلوچ☆

### تعارف کردستان

**کرد ستان** ریجن 200,000 مربع میل پر مشتمل ہے۔کردستان کو مغرب میں الحساکہ شام سے، شمال میں دیار باکر ترکی سے، مشرق میں کرمانشاہ ایران سے، جنوب میں کرکوک عراق سے الگ کرتا ہے۔کردستان ایروایشیا کا رابطہ زون تھا اس خطے کے جغرافیائی اہمیت کی وجہ سے عالمی طاقتوں کی نظریں ہمیشہ اس خطے پر رہے ہیں۔کردستان کے جغرافیہ میں Tigris River اور Euphrates River بہت اہمیت رکھتے ہیں۔بنیادی طور پر کرد سماج قبائلی و غیر قبائلی لوگوں کا مجموع ہے جو کہ اپنے آپ میں ایک پیچیدہ سماج ہے جس میں قبائلی، مذہبی، سیاسی اور طبقاتی پیچیدگیاں پائی جاتی ہے لیکن بحیثیت قوم صدیوں سے اپنی متحد قومی شناخت کو قائم رکھے ہوئے ہیں۔کرد بحیثیت قوم مشرق وسطیٰ میں ہزاروں سالوں سے آباد ہیں 9ویں اور 10ویں صدی کے درمیان باقاعدہ کرد ریاست قائم ہوئی جو مختلف کرد حکومتوں میں تقسیم تھی لیکن یہ خطہ ہمیشہ سے عرب، فارس، ترک منگول، رومن امپائر اور دیگر بیرونی حملہ آوروں کے زد میں رہا ہے۔کردوں کی مجموعی آبادی 30 تا 35 ملین پر مشتمل ہے جو ترکی میں 15 ملین، ایران 6 ملین، عراق میں 9 ملین، شام میں 2 ملین، ارمینیا اور اذر بائیجان میں دو لاکھ سے زائد، یورپ اور دیگر ملکوں میں 10 لاکھ سے زائد آباد ہیں جبکہ کرد مشرق وسطیٰ میں عرب، فارس اور ترک کے بعد چوتھی بڑی نسلی گروہ ہے۔

کردش زبان انڈو یورپین زبان کے انڈو ایرانیان برانچ کے خاندان سے تعلق رکھتا ہے جس نے دو ہزار سے چار ہزار سال قبل کے درمیان ترقی کی ہے۔کردش زبان کی کردستان کے مختلف ریجن میں مختلف بولی (dialects) بولے جاتے ہیں۔کردش زبان تین مرکزی گروہ





شمالی کردش، وسطی کردش اور جنوبی کردش میں تقسیم ہے۔شمالی کردش بولی جس کو عام طور میں Kurmanji کہتے ہیں جو ترکی، شام اور سابقہ سوویت یونین کے کرد علاقوں میں مکمل اور عراق و ایران کے کچھ حصوں میں استعمال ہوتا ہے۔Kurmanji کو 65 فیصد سے زائد کرد آسانی سے بول سکتے ہیں اور اس کا رسم الخط لاطینی ہے جبکہ سابقہ سوویت یونین کے علاقوں میں Kurmanji سیریلک Cyrillic رسم الخط میں لکھی جاتی ہے۔دوسری بڑی بولی وسطی کردش بولی ہے جس کو عام طور میں Sorani کہتے ہیں جو کردستان کے عراق اور ایران کے حصوں میں استعمال ہوتا ہے جس کا رسم الخط عربی میں ہے جبکہ جنوبی کردش بھی انہی علاقوں میں استعمال ہوتا ہے۔

مشرق وسطیٰ میں عرب، فارس اور ترک صدیوں سے کردش زبان، ثقافت، تاریخ، تہذیب و تمدن پر پے در پے حملہ آور ہوتے آرہے ہیں تا کہ ان کو عرب، فارس اور ترکش نسل میں ضم کیا جائے۔ان طاقتوں کا ہمیشہ سے یہ کوشش رہا ہے کہ کرد علاقوں کو معاشی، سیاسی اور ترقی کے حوالے سے پسماندہ رکھا جائے، تاریخ کے مختلف ادوار میں انہوں نے کردوں کو تقسیم در تقسیم کیا لیکن کبھی بھی کردوں کے قومی شناخت کو ختم کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکے۔

### 16ویں صدی میں کردستان

سلطنت صفوی (فارس) اور سلطنت عثمانیہ اپنے سرحدات کو وسعت دینے کیلئے کردستان کے علاقے میں داخل ہوئے۔23 اگست 1514ء کو سلطنت صفوی اور سلطنت عثمانیہ کے درمیان شمالی کردستان کے علاقے میں The Battle of Chaldiran War (جنگ چالدران) ہوا۔انہوں نے مشرق اور مغرب کے سرحدات کو تقسیم کرنے کیلئے 1639ء میں Treaty of Zuhab پر دستخط کیا۔جس میں انہوں نے کردستان کو چار ریجن میں تقسیم کیا Diyarbakir شمالی کردستان، Raqqa مغربی کردستان جو موجودہ ترکی اور شام کے سرحدات پر واقع ہے موصل جنوبی کردستان موجودہ شمالی عراق اور مشرقی کردستان Kermanshah جو موجودہ ایران میں واقع ہے یہ کردستان کی پہلی تقسیم تھی جس کے بعد

کرد علاقوں میں ان کی باقاعدہ اجارہ داری کا آغاز ہوا۔

تین صدیوں تک سلطنت عثمانیہ اور سلطنت فارس نے کرد علاقوں کو معاشی حوالے سے پسماندہ رکھا، کرد قومی شناخت کو مسخ کرنے کی کوشش کی اور ان کو اپنے علاقوں سے نقل مکانی پر مجبور کرکے کرد علاقوں میں عرب، ترک اور فارس کے لوگوں کو آباد کیا جبکہ کردوں کی شہری زندگیوں کو تباہ کرکے ان کو دوبارہ قبائلی زندگیوں کی جانب دھکیل دیا۔ ان بیرونی طاقتوں کے خلاف کرد سماج میں ہمیشہ سے ایک غم و غصے کی لہر پایا جاتا تھا، کردوں نے مختلف ادوار میں ان طاقتوں کے خلاف بغاوتیں کیے لیکن یہ بغاوتیں زیادہ منظّم اور کامیاب نہیں ہوتے تھے۔

16 ویں صدی میں کردوں نے عربی و فارسی زبان کے اثر و اسوخ کو ختم کرنے کیلئے کردش ادب کو فروغ دیا اور اپنے خطے میں کردش زبان کو وسعت دیا۔ 1694,95 میں احمد کانی کرد نے سیاسی ادب پر کام کیا Mem-o-zin نامی نظم کے ذریعے کردوں کو متحد ہونے اور قومی ریاست تشکیل دینے کا درس دیا۔ Haji Qadri Koyi 1817-1897 ایک قوم پرست ادیب و شاعر تھے جس نے کردش زبان پر بہت زیادہ کام کیا زبان کی ترقی میں انہوں نے اہم کردار ادا کیا، انہوں اپنے شاعری اور نثر کے ذریعے کرد قومی پرستی کو ابھارنے میں اہم کردار ادا کیا۔

## پہلی جنگ عظیم کے بعد کرد قومی تحریک

1914ء تک کردستان کے سرحدات اسی طرح تقسیم تھے جبکہ پہلی جنگ عظیم کے بعد کردستان کو موجودہ عراق، ایران، شام اور ترکی میں تقسیم کیا گیا۔ 1916ء میں مغربی اتحاد اور سلطنت عثمانیہ کے درمیان Sykes-Picot Agreement پر دستخط ہوا۔ جس میں کہا گیا کردستان کو فرانس، برطانیہ اور روس کے زیر اثر علاقوں میں تقسیم کیا جائے گا، لیکن امریکہ اور روس نے اس معاہدے کو تسلیم کرنے سے انکار کیا۔ امریکی صدر وڈرو ولسن Woodrow Wilson کے پیش کردہ چودہ نکات کے نکات نمبر 12 میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ سلطنت عثمانیہ میں آباد غیر ترکش اقوام کی قومی آزادی کو تسلیم کیا جائے اور ان کو یہ حق دیا جائے کہ وہ





اپنی مکمل خود مختیار ریاست تشکیل دے۔ امریکی اصرار کے بعد مغربی فاتح اتحاد اور سلطنت عثمانیہ ایک نئے معاہدے کیلئے تیار ہوگئے جسے Treaty of Suvres کا نام دیا گیا 10 اگست 1920ء کو سلطنت عثمانیہ کے نمائندے اور فاتح مغربی اتحاد کے درمیان معاہدہ سورس Treaty of Suvres پر دستخط کیا گیا اس معاہدے میں طے پایا گیا کہ سلطنت عثمانیہ میں آباد غیر ترکش اقوام کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی قومی ریاست تشکیل دے سلطنت عثمانیہ کے غیر ترکش اقوام میں کرد بھی شامل تھے اس معاہدے کی مسودہ 15 ماہ کے طویل عرصے کے بعد تیار ہوگیا تھا۔ لیکن تنازعہ اس وقت ہوئی جب ماڈرن ترکی کے رہنما کمال اتاترک نے اس معاہدے کو ماننے سے انکار کردیا اور اس سے فاتح مغربی اتحاد اور ماڈرن ترکی کے درمیان ایک نئے معاہدے کی ابتدا ہوئی۔ 1923ء میں سوئزرلینڈ کے شہر لوزز نے Lausanne میں 7 ماہ کے طویل عرصے کے بعد معاہدہ لوزز نے Treaty of Lausanne طے پایا گیا۔ اس معاہدے معاہدہ سورس Treaty of Suvres کو منسوخ کیا گیا اور سلطنت عثمانیہ میں میں آباد غیر ترکش اقوام کی قومی شناخت کو مسخ کرکے ان کو ماڈرن ترکی میں شامل کیا گیا۔ عالمی طاقتوں نے ماڈرن ترکی کے ساتھ Treaty of Lausanne پر دستخط کرکے شمالی کردستان کو ترکی، مغربی کردستان کو موجودہ شام، جنوبی کردستان کو موجودہ عراق میں تقسیم کیا جبکہ مشرقی کردستان ایران کے حصے میں تھا۔

## شمالی کردستان میں تحریک (ترکی کا مقبوضہ علاقہ)

اس معاہدے کے خلاف کرد سماج میں قومی ریاست کی تشکیل کے جذبات شدت کے ساتھ ابھرے 1920ء سے شمالی کردستان میں ترکی کے خلاف چھوٹے چھوٹے بغاوت کا آغاز ہوتا ہے۔ 1925ء کو شیخ سید کرد ترکی کے خلاف محدود پیمانے پر بغاوت کا آغاز کرتا ہے اس بغاوت سے کرد علاقوں میں سیاسی شعور پروان چڑھتا ہے۔ اس جدوجہد میں کرد قبائلی رہنما، شیخ، جاگیردار اور دانشور سمیت تمام طبقات کے لوگ شامل تھے کرد قومی شناخت کو محفوظ کرنے کیلئے اس بغاوت کا اہم کردار تھا۔ کمال اتاترک نے اس بغاوت کو کچلنے کیلئے جارحانہ فوجی آپریشن کا

آغاز کیا، ترک فضائی فوج نے کرد علاقوں میں بڑے پیمانے پر بمباری کا آغاز کیا جبکہ کرد علاقوں میں مارشل لاء بھی نافذ کیا گیا ایک اندازے کے مطابق اس جنگ میں پانچ ہزار لوگ قتل کیے گئے ۔ 1939ء تک ترکی نے بڑی حد تک مزاحمت کو کنٹرول کرنے کے بعد Program of modrenization and economic development کے نام پر ایک منصوبہ شروع کیا جس کا مقصد ترقی کے نام پر کرد قومی شناخت کو ختم کرنا تھا ۔ اس منصوبے میں کردوں کو اپنے علاقوں سے نقل مکانی پر مجبور کر کے ترکی کے اہم شہروں میں آباد کیا گیا تا کہ کرد اپنے قومی شناخت ، تاریخ ، زبان اور تہذیب و تمدن سے غیر آشنا ہو جائے ۔

ترکی میں کرد مزاحمت کا دوسرا بڑا مرحلہ 1960ء کے دہائی میں شروع ہوجاتا ہے اس تحریک کی قیادت نوجوان کرد دانشور کررہے تھے جو ترکی کے شہروں میں آباد تھے ۔ ایران اور عراق کی طرح ترکی میں بھی کرد تحریک میں سوشلزم کے اثرات موجود تھے ۔ 1960ء 1980ء اور 1990 کے دہائی میں کرد مزاحمت کی وجہ سے ترکی کو شدید مشکلات کا سامنا تھا ۔ کرد مزاحمت کو ختم کرنے کیلئے تین مرتبہ 1960ء، 1971ء، اور 1980ء کو فوج نے بغاوت کر کے اقتدار پر قبضہ کیا ۔

**شمالی کردستان میں Partiya Karkerên Kurdistan (PKK) کا کردار**

1970ء کے دہائی میں کردوں نے ماضی کے برعکس جدید نیشنل ازم کے اصولوں کے مطابق سائنسی بنیادوں پر کرد قومی ریاست کی تشکیل کیلئے ایک نئی جدوجہد کا آغاز کیا جس میں عبداللہ اوژلان AbdullahOcalan اور اس کی جماعت PKK کا اہم کردار ہے ۔ عبداللہ اوژلان PKK کے بانی رہنما ہے جو 4 اپریل 1948ء کو ترکی کے کرد علاقے کے کسان خاندان میں پیدا ہوئے ۔ عبداللہ اوژلان نے انقرہ یونیورسٹی ترکی میں پولیٹیکل سائنس میں تعلیم حاصل کی، زمانہ طالب علمی سے ایک مارکس وادی کارکن تھے، سوشلزم کے حوالے سے پمفلٹ تقسیم کرنے کے الزام میں دوران طالب علمی گرفتار بھی ہوئے تھے ، گرفتاری کے بعد





اس کو یونیورسٹی سے فارغ کیا گیا اس کے بعد اوژلان کردستان کے قومی آزادی کیلئے باقاعدہ جدوجہد شروع کرتے ہیں ۔ 1977ء کو اپنے دو ساتھیوں کے ہمراہ ایک مینوفیسٹو لکھتے ہیں جس کا نام The National Road to the Kurdish Revolution تھا یہ مینوفیسٹو PKK کے وجود کا سبب تھا ۔ 28 نومبر 1978ء کو عبداللہ اوژلان نے باقاعدہ کردستان ورکر پارٹی Partiya Karkerên Kurdistan (PKK) کی بنیاد رکھی ۔ PKK نے کرد قومی ریاست کی تشکیل کیلئے جدوجہد کا آغاز کیا 1979ء کو ترکی میں ان کیلئے گھیرا تنگ ہوتا ہے تو اوژلان اپنے ساتھیوں سمیت شام کے کرد علاقوں میں اپنے کیمپ قائم کر کے پارٹی کے انتہائی اہم رہنماؤں کی فوجی ٹریننگ دیتا ہے ۔ 1980ء میں ترکی میں فوج حکومت کا انتظام کنٹرول کر کے کرد قومی تحریک کے خلاف جارحانہ کاروائی کا آغاز کرتا ہے ۔ PKK طویل مدتی منصوبے کے تحت لیبیا کے پہاڑی علاقوں میں پناہ لیتا ہے، اوژلان لیبیا میں فلسطینی تنظیموں کے ساتھ تعلقات قائم کرتا ہے اور کرد جنگجو فلسطینی کیمپوں میں گوریلا ٹریننگ حاصل کرتے ہیں ۔ 1980ء کو عبداللہ اوژلان کردستان ڈیموکریٹک پارٹی عراق (KDP) سے تعلقات قائم کر کے عراقی کردستان میں PKK کے کیمپ قائم کرتا ہے اور اگست 1984ء کو ترکی کے خلاف باقاعدہ مسلح جدوجہد کا آغاز کیا جاتا ہے ۔ PKK عراق و ایران کے کرد تنظیموں کے برعکس گریٹر کردستان کی آزادی کا مطالبہ کرتا ہے ۔ 1984ء کے بعد ترکی کے کرد علاقوں میں مزاحمت میں انتہاء سطح تک شدت آگئی تھی ترکی نے کرد مزاحمت کو ختم کرنے کیلئے ترکی ، شام اور عراق کے کرد علاقوں میں PKK کے مزاحمت کاروں پر باقاعدہ فوجی آپریشن کا آغاز کیا تھا ۔ 1993ء میں ترکی نے کردوں کے خلاف آپریشن کرنے کیلئے 20 ہزار فوجی اہلکار عراق میں بھیجے جبکہ 1995ء میں یہ تعداد 35 ہزار ہوگئی ۔ جبکہ امریکہ، نیٹو ، یورپی یونین اور دیگر کئی ممالک نے ترکی کے اصرار پر PKK کو ایک دہشت گرد تنظیم قرار دیا تھا ۔ ایک اندازے کے مطابق 1984ء سے 1993ء تک ترکی اور کردوں کے درمیان جنگ میں 15 ہزار لوگ قتل کیے گئے ۔ PKK نے ایک مہم کا آغاز کیا جس میں مقامی مخبر اور

غداروں کو قتل عام شروع کیا، ترکی نے اس عمل سے فائدہ اٹھا کر کردوں کو آپس میں لڑانے کی سازش شروع کی ۔ 1985ء میں ترکی نے ایک مہم شروع کیا جس کا نام تھا Village Guard System جس میں قبائلی لوگوں کو PKK کے خلاف مسلح کیا، ان کا مقصد PKK کو ختم کرنا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ اپنے علاقوں کو PKK سے محفوظ کیا جائے ، ان میں قبائلی ، ڈاکو اور مذہبی ملاّ بھی شامل تھے ایک اندازے کے مطابق 1993ء تک ان کی تعداد 35ہزار تھی ۔ Village Guard System کے لوگوں نے کرد علاقوں میں ظلم و جبر کا بازار گرم رکھا تھا لوگوں کو مارنا ،قتل کرنا اور کو معاشی حوالے سے نقصان پہنچانا معمول کی سرگرمی تھے ان عمل کے خلاف لوگوں میں شدید غم وغصہ پایا جاتا تھا اس عمل سے PKK نے مکمل فائدہ اٹھا کر زبردست عوامی حمایت حاصل کیا ۔اس دوران تین کردش گاؤں تباہ کیے گئے، تین لاکھ لوگوں کو جبراً ہجرت پر مجبور کیا گیا جبکہ پانچ لاکھ کرد 1980 تا 1999 کے دوران یورپ میں ہجرت کر گئے ۔ 1994ء کو ترکی نے فوج کو عسکری حوالے سے مضبوط کرنے اور PKK کے ختم کرنے کیلئے اسرائیل کے ساتھ عسکری اتحاد قائم کرلیا۔

PKK میں عبداللہ اوژلان کا فرضی نام Apo تھا، Apo کردش لفظ ہے جس کے معنی انکل ہے ۔مبینہ طور پر عبداللہ اوژلان پر اپنے سیاسی مخالفین ، عام عوام اور بین القوامی سیاحوں کے قتل کے الزام عائد تھے ۔PKK نے 1980ء میں مسلح جدوجہد شروع کرنے سے قبل اپنے نمائندے جرمنی اور سویڈن میں بھیجے تھے ۔PKK کو یورپی یونین نے کالعدم قرار دیا تھا لیکن PKK کے مظبوط سفارت کاری کے بدولت 1995ء میں جرمن حکومت کے اعلیٰ نمائندوں نے خفیہ طور شام اور لیبیا میں عبداللہ اوژلان سے متعدد دفعہ ملاقاتیں کیے تھے ۔ترکی شامی سرکار کو دباؤ میں رکھتا ہے کہ عبداللہ اوژلان کو شام سے بے دخل کردیں تو نومبر 1998ء کو عبداللہ اوژلان اٹلی روانہ ہوجاتا ہے وہاں ان کے حریف وحلیف ان کو خوش آمدید کرتے ہیں لیکن اٹلی میں عبداللہ اوژلان کو سیاسی پناہ نہیں ملتا جس کے بعد اوژلان کینیا چلاجاتا ہے جہاں فروری 1999ء کو ترکی نے اوژلان کو امریکی مدد سے کینیا میں یونان کے سفارت





خانے سے گرفتار کر کے ترکی منتقل کیا ۔ترکی میں اوژلان کو سزائے موت کی سزا سنائی گئی تھی لیکن اکتوبر 2002ء کو ترکی کے یورپی یونین میں شمولیت کے پیش نظر سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کیا گیا ۔ عبداللہ اوژلان کی گرفتاری کے بعد PKK کی قیادت Karyilal Murat نے سنبھالی اورآزاد کرد ریاست کی تشکیل کے جدوجہد کو جاری رکھا ۔PKK نے 1998ء کو عبداللہ اوژلان کے گرفتاری سے قبل فائر بندی کا اعلان کیا اور فروری 2002ء کو PKK نے پارٹی پالیسی میں تبدیلی لاتے ہوئے اعلان کیا کہ باقاعدہ سیاسی جدوجہد کا آغاز کروں گا لیکن 2004ء کو PKK نے اپنے اس فیصلے کو واپس لیتے ہوئے مسلح جدوجہد کا دوبارہ آغاز کیا۔ اکتوبر 2007ء کو ترکی کے پارلیمنٹ کے ایک بل پاس کرتا ہے جس میں ترکی کے فوج عراقی کردستان میں داخل ہوکر PKK کے خلاف کاروائی کریں عالمی طاقتیں کاروائی نہ کرنے کیلئے ترکی کو دباؤ میں رکھتے ہیں لیکن اس کے باوجود ترکی نے 2007ء سے 2012ء تک متعدد دفعہ عراقی کردستان میں PKK کے بیس ٹھکانوں پر فضائی حملہ کیا۔ 2012ء کو ترکی کے وزیراعظم رجب طیب اردگان اعلان کرتا ہے کہ عبداللہ اوژلان اور ترکی کے درمیان امن بات چیت شروع ہوچکے ہیں اور مارچ 2013ء میں باقاعدہ جنگ بندی کا اعلان کیا گیا ، جنگ بندی کے بعد کرد حمایت یافتہ سیاسی جماعت کردش پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (HDP) نے عام انتخابات میں حصہ لیکر بڑے پیمانے پر کامیابیاں حاصل کی تھی جبکہ 2014ء کو داعش عراق وشام کے کرد علاقوں میں حملے شروع کرتا ہے PKK نے داعش کے حملوں کو ترکی کے حمایت یافتہ قرار دیا، اس کے ساتھ جنگ بندی کا معاہدہ ختم ہوگیا اور جنگ میں دوبارہ شدت آگئی ۔جبکہ معاہدہ ختم ہوتے ہی ترک حکومت نے کردش پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (HDP) کے قیادت کو سیاسی دباؤ میں رکھا اور ان کیلئے سیاسی زمین تنگ کردی گئی تھی ۔10 مارچ 2017ء کو اقوام متحدہ کے ایک رپورٹ کے مطابق جنگ بندی کے معاہدے کے خاتمے کے بعد 2ہزار لوگ قتل کیے گئے۔ جولائی 2015ء میں ترکی داعش کے خلاف امریکی اتحاد میں شمولیت اختیار کرتا ہے لیکن ساتھ ساتھ یہ بھی اصرار کرتا ہے کہ داعش

کے ساتھ شمالی عراق میں PKK خلاف بھی حملے کیے جائے اور ترکی شمالی عراق میں PKK کے بیس کیمپوں پر بمباری کرتا ہے ۔ترکی الزام عائد کرتا ہے کہ PKK نے ترکی میں متعدد سیاسی وعسکری ونگ قائم کیے ہیں جومختلف ناموں سے ترکی میں سیاسی وعسکری جدوجہد کررہے ہیں سیاسی جماعتوں میں پارلیمانی جماعتیں بھی شامل ہیں ۔

عبداللہ اوژلان معاملے فہم لیڈر ہونے کے ساتھ ایک سیاسی دانشور بھی تھے جنوں نے ''جمہوری اتحاد'' کا تھیوری پیش کیا جس کے سبب مئی نے 2007ء کو Kurdistan Communities Union(KCK) کے نام سے سیاسی وعسکری پارٹیوں کا اتحاد قائم ہوگیا جوگریٹر کردستان کے متبادل کے طور پر کام کررہا ہے۔جس میں جنوبی ، شمالی، مشرقی اور مغربی کردستان کے اکثریت سیاسی وعسکری تنظیم و پارٹیاں شامل ہیں۔KCK کردتحریک کی سب سے بڑی کامیابیوں میں سے ایک ہے جو PKK کا مرہون منت ہے۔

**کردتحریک میں خواتین کا کردار**

عبداللہ اوژلان نے کہا کہ جمہوریت ، انصاف و برابری سب سے پہلے اپنے سماج میں پیدا ہونے چاہیے ۔عبداللہ اوژلان کا موقف تھا کہ''خواتین کی آزادی کردش سماج کی آزادی ہے۔عبداللہ اوژلان کے سماج کے حوالے سے موقف اور اصول نے کرد خواتین کی مسلح جدوجہد کی جانب راغب کیا اور ہزاروں کی تعداد میں کردخواتین نے پہاڑوں کا رخ کیا اور باقاعدہ مسلح جدوجہد کا آغاز کیا آج کردخواتین 30 سالوں سے مردوں کی برابر مسلح جدوجہد کررہے ہیں ۔کردخواتین ایک وقت میں دومحاذوں کا سامنا کررہے تھے ، ایک مسلح جدوجہد میں دشمن افواج کے ساتھ دوسرا اپنے سماج کے فرسودہ روایات کے خلاف باقاعدہ جنگ کررہے تھے ۔عبداللہ اوژلان کہتا ہے اس سماج میں انقلاب برپا نہیں ہوتا جس میں خواتین غلام ہواوژلان کے اس موقف نے کردخواتین کو مزید توانائی بخشی ۔عبداللہ اوژلان نے ہمیشہ جدوجہد کی کمزوریاں ، کردسماج میں خاندانی مسائل اور خواتین کے آزادی کے مسائل کے حوالے سے جائزہ لیا اور اپنے تنقیدی رائے کو بیان کیا ۔عبداللہ اوژلان کے سماج کے فرسودہ





روایات پر تنقیدی جائزے نے تحریک کوتوانائی بخشی ۔جس وقت عبداللہ اوژلان کے قیادت میں PKK نے کردسماج میں موجود مختلف مسائل کی نشاندی کی اور ان کی حل کرنے کیلئے سماج میں موجود خواتین سمیت تمام طبقات کے ذمہ داریوں کو واضح کیا تو شمالی کردستان کے علاقے Nusaybia میں پہلی مرتبہ کسی خواتین کے قیادت میں مسلح جدوجہد کا آغاز کیا گیا۔عبداللہ اوژلان کرد سماج میں پدرشاہی نظام کے سخت مخالف تھا اور اس نظام کوختم کرنے کیلئے Break-Off کا تھیوری پیش کیا ۔اس تھیوری کا مقصد تھا کہ کردسماج میں مردوں کی اجارہ داری اور خواتین کی غلامی کوفوری طور پر بغاوت کے ذریعے ختم کیا جائے ۔کردخواتین کی مسلح جدوجہد کے ساتھ ساتھ سیاسی جدوجہد میں بھی اہم کردار ہے ۔پہلی کردخواتین تنظیم Union of Patriotic women from Kurdistan(YJWK) 1987ء کو جرمنی میں اس کا قیام ہوا۔اس تنظیم نے کردستان کی آزادی کے ساتھ ساتھ خواتین کو بااختیار بنانے کی جدوجہد کیا ۔ 1990ء کے دہائی میں خواتین کی مسلح جدوجہد میں شمولیت بہت تیز ہوگیا۔مسلح جدوجہد میں 1993ء کو پہلی خواتین یونٹ بنایا گیا اس کے بعد کردخواتین کی مسلح آرمی بنایا جاتا ہے ۔ 1995ء First Kurdistan Women Liberation Congress منعقد ہوئی اور اس میں Kurdistan Free Womens Union کا قیام میں عمل لایا گیا ۔کردخواتین کی جداگانہ مسلح آرمی بنانے کا اہم مقصد یہ تھا کہ خواتین اپنی عسکری طریقہ کار بنائے اور اپنے طریقہ کار کے مطابق مسلح جدوجہد کریں اس عمل نے کرد قومی تحریک میں خواتین کو مکمل بااختیار بنایا اور خواتین کو جدوجہد میں مزید حوصلہ افزائی ہوئی ۔

کردخواتین کے مضبوط سیاسی و مسلح جدوجہد کی بدولت 1995ء بیجنگ چین میں منعقد ہونے والا United Nation Women Conference میں کرد Kurdistan Free Womens Union کو مدعو کیا جاتا ہے۔ 8مارچ 1999ء ایک اور تنظیم بنائی گئی Kurdistan Working Womens party(PJKK) کے نام سے جس کا مقصد قومی تحریک میں خواتین کی شمولیت کو زیادہ سے زیادہ کیا جائے اور سماج میں پدرشاہی

نظام کو براہ راست چیلنج کیا جائے ۔سن 2000ء میں اس پارٹی نے کردستان سمیت پوری دنیا کے خواتین کے آزادی کیلئے جدوجہد شروع کیا جس میں اپنے نام میں ترمیم کرکے Women Liberation Party(PJA)رکھا گیا۔ 2004ء میں Kurdistan Womens Liberation Party کا قیام عمل میں لایا گیا جس کا مقصد خواتین کی مسلح جدوجہد کو تیز کرنا تھا۔ 2005ء High Womens Council(KJB) کا قیام عمل میں لایا گیا جس کا مقصد کردستان سمیت دنیا بھر میں موجود کرد خواتین کو جدوجہد کے حوالے سے متحد کرنا تھا۔ KJB کے قیام کے بعد کرد سماج میں خواتین کرد سماج کے نگہبان ہوگئے اور سماج میں ان کے مقام و رتبے کو پذیرائی بخشی گئی اور اس کے قیام کے بعد جدوجہد میں مزید تیزی لائی گئی ۔1991ء کے جدوجہد میں کرد خواتین جنگجو نے ترکش آرمی، پولیس اور تنصیبات پر پے در پے کامیاب حملوں نے کرد تحریک کو ایک نئی توانائی بخشی ۔30 جون 1996ء کو خواتین گوریلہ Zilan ترکی کے آرمی فریڈ میں خودکش حملہ کرکے درجنوں فوجیوں کو قتل کرتا ہے کرد خواتین جنگجوؤں کا فدائی حملوں میں اہم کردار ہے۔کرد خواتین رہنماؤں میں SakineCansiz اور Base Hozat کا اہم کردار ہے جو PKK کے بانی رہنماؤں میں شمار ہوتے ہیں واضح رہے کہ 2013ء میں SakineCansiz کو فرانس میں قتل کیا گیا ۔کرد خواتین کے جدوجہد نے کرد سماج میں سماجی انقلاب برپا کیا ان کے جدوجہد کے اثرات نہ صرف سیاسی تھے بلکہ سماجی ،معاشی اور ثقافتی حوالے سے بھی ان کے گہرے اثرات تھے ۔کرد خواتین کے جدوجہد نے کرد سماج کو ازسرنو جنم دیا۔

**مشرقی کردستان میں تحریک (ایرن کا مقبوضہ علاقہ)**

1942ء میں مشرقی کردستان کے علاقے Mahabad میں Society for the rivavil of Kurdistan کے نام سے ایک جماعت بنائی گئی جس میں شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی اکثریت تھی ۔آگے جاکے اس نے ایک سیاسی جماعت Kurdistan Democratic Party (KDP) کی شکل اختیار کرلی ۔ 1946ء





ایران میں کرد ریاست Republic of Mahabad قائم کیا گیا جو ایک نیم خودمختیار علاقہ تھا اور قاضی محمد ریاست کا سربراہ تھا ۔لیکن امریکہ اور برطانیہ نے اس ریاست میں سوویت یونین کے اثر و اسوخ کے پیش نظر شاہ کو فوجی امداد دیکر کرد ریاست کے خلاف فوجی طاقت کا زبردست استعمال کرکے Republic of Mahabad کو ختم کیا ۔ of Mahabad Republic کے زوال کے بعد KDP کے بیشتر رہنما عراق منتقل ہوگئے ایران اور عراق کے KDP جنوبی اور مشرقی کردستان میں مشترکہ جدوجہد کرتے تھے ۔لیکن ایران نے اپنے علاقوں میں مزاحمت کو ختم کرنے کیلئے عراق میں KDP کے سربراہ مصطفیٰ بارزانی کو باقاعدہ مدد کرنا شروع کیا۔ بارزانی نے مشرقی کردستان کے KDP کو مشورہ دیا کہ جب تک جنوبی کردستان (عراق) میں کامیابی حاصل نہیں ہوتا اُس وقت تک ایران کے خلاف مسلح جدوجہد کو روک دیا جائے بارزانی کے اس تجاویز نے KDPایران کو دوگرپوں میں تقسیم کیا۔ ایک گروپ نے ایک انقلابی کمیٹی بنائی جس نے ایران کے خلاف مسلح جدوجہد کا آغاز کیا، لیکن ایران نے ان کے خلاف سخت اقدام اٹھایا اور بارزانی نے جنوبی کردستان کے سرحدان کیلئے بند کردیئے تھے جس کے سبب ایران نے انتہائی جارحانہ انداز میں مزاحمت کو کچل دیا۔ ایران کے خلاف مسلح جدوجہد نہ کرنے کے فیصلے نے عوام میں بڑی تعداد میں مایوسی پھیلادی اس دوران کرد ریڈیکل دانشوروں نے 1969ء کو Revolutiontary Organization Toilers of Kurdistan قائم کی ۔اس جماعت نے ایران میں کرد سماج کو سیاسی حوالے سے منظّم کرنے کی پالیسی اپنائی ،انہوں کسان اور خواتین کے یونین بنائے۔ اس کے بعد KDPایران اور ROTK کے درمیان اختلافات پیدا ہوگئے ، KDP کا موقف تھا کہ ROTK کرد سماج میں طبقاتی مسئلوں کو اجاگر کررہا ہے جن کی ضرورت فی الحال نہیں ہے ۔ جس کے سبب KDPاور ROTK کے درمیان تنازعات شدت اختیار کرتے گئے 1984ء میں ’’کے ڈی پی‘‘ ROTK پر حملہ کرتا ہے اور کئی سالوں تک یہ تنازعہ جاری رہا جس کے سبب KDPایران کے دو جنرل سیکریٹری قتل ہوئے اور

KDP کا تنظیمی ساخت کمزور پڑ گیا بلا آخر KDP ٹوٹ گیا۔ لیکن ROTK قومی آزادی کے بجائے خودمختیاری کا دعوی کرتا ہے اور ایران میں سوشلزم کے قیام کا مطالبہ کرتا ہے۔ لیکن اس جماعت کو عوامی سطح پر پذیرائی حاصل نہیں ہوتا ہے ازسر نو جدوجہد شروع کرنے بعد KDP بھی خودمختیاری کا مطالبہ کرتا ہے اور خودمختیاری کیلئے ایران کے سرکار سے مختلف معاہدات بھی ہوئے ہیں لیکن خودمختیاری حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوتے ہیں۔

2004ء کو Party For a Free Life in Kurdistan(PJAK) کا قیام عمل میں لایا گیا جس نے ایرانی قبضے کے خلاف مسلح جدوجہد کا آغاز کیا اور مشرقی کے کردستان کے تمام علاقوں میں اپنا اثر و اسوخ قائم کیا۔ اس پارٹی کے قیام میں PKK کا بنیادی کردار ہے۔

**جنوبی کردستان میں تحریک (عراق کا مقبوضہ علاقہ)**

پہلی جنگ عظیم کے بعد برطانیہ سلطنت عثمانیہ کے سابقہ علاقے بغداد، بصرہ اور کردستان کے موصل ریجن کو اپنے انتظام میں لیتا ہے۔ 1919ء سلمانیہ کرد علاقے میں برطانیہ نے شیخ محمود کرد کو گورنر مقرر کیا، گورنر شیخ محمود نے 1919ء کو برطانیہ کے خلاف تحریک کا ابتداء کیا۔ برطانیہ نے شیخ محمود کو گرفتار کرکے جلاوطن کیا۔ تین سال بعد شیخ محمود کو رہا ہوکر 1930ء کو دوبارہ جدوجہد شروع کرتے ہیں اس مزاحمت کو ختم کرنے کیلئے برطانیہ اپنے فضائی اور زمینی فوج کو استعمال کرتا ہے۔ 1940 کی دہائی کے ابتداء میں عراق میں KDP کے قیام عمل میں لایا جاتا ہے۔ لیکن 1946ء کو KDP میں تضادات پیدائے۔ KDP کی قیادت ایک کونسل کررہی تھی جس میں روایاتی قوم پرست اور سوشلسٹ نظریات کے حامل قوم پرست بھی شامل تھے روایاتی قوم پرستوں میں اہم کردار مصطفیٰ بارزانی تھے۔ KDP میں تنازعہ اس وقت پیدا ہوا جب بارزانی نے کونسل کے اعتماد میں لیے بغیر بغداد کے ساتھ ایک معاہدہ کیا۔ کونسل میں موجود سوشلسٹ نظریات کے حامل قوم پرستوں نے اس کو پارٹی کے اصول کے منافی قرار دیا اور بارزانی پر الزام عائد کیا کہ وہ طاقت کا غلط استعمال کررہا ہے۔ لیکن بارزانی نے کونسل کو تحلیل کرکے ایک نئی کونسل کا قیام کیا جس میں اپنے مخالفین کو شامل نہیں کیا گیا، بارزانی نے





اپنے مخالفین پر طاقت کا استعمال شروع کیا اور مخالفین ایران کے کرد علاقوں میں پناہ لینے پر مجبور ہوگئے۔

1964ء تا 1975 بارزانی مخالف گروپ کو عراقی کردستان کے شہری علاقوں میں ایک بہت بڑی عوامی حمایت حاصل تھی لیکن یہ عوام کو منظم کرنے اور ان کی قیادت کرنے میں ناکام رہے۔ 1966ء کو انہوں بارزانی کے خلاف بغداد حکومت سے اتحاد قائم کیا۔ 1968ء کو عراق میں Iraqi Ba'ath Party کی جانب سے حکومت کا انتظام کنٹرول کرنے کے بعد بارزانی اور حکومت میں خودمختیاری کے حوالے سے ایک معاہدہ طے پایا گیا اور اس معاہدے پر عمل درآمد کی معیاد چار سال مقرر کی گئی۔ بارزانی اور بغداد کے درمیان معاہدے کے بعد بارزانی کے مخالفین نے دوبارہ بارزانی گروپ میں شمولیت اختیار کی لیکن مخالفین میں شامل سوشلسٹ گروپ نے پس پردہ Kurdistan Toilers League کے نام سے جماعت قائم کی۔ 1974ء کو بغداد نے تمام معاہدات منسوخ کرکے KDP کے خلاف جارحانہ فوجی آپریشن کا آغاز کیا۔ 6 مارچ 1975ء کو بغداد اور تہران کے درمیان Algiers Agreement طے پایا، ایران نے KDP کی مدد بند کردی جبکہ KDP نے بغیر کسی منصوبہ بندی کے جنگ کا اعلان کردیا اس کے سبب ہزاروں جنگجو عراق کے سامنے سرنڈر کرتے ہیں اور لاکھوں لوگ عراقی کردستان سے نقل مکانی کرکے ایرانی کردستان میں چلے جاتے ہیں۔

Kurdistan Toilers League کا موقف تھا کہ KDF اپنے روایاتی انداز وفکر اور سوچ کے ساتھ کردستان کے قومی آزادی کی تحریک کو قیادت کرنے کا اہل نہیں ہے۔ KDP کے کونسل کے ایک رکن جلال طلبانی جو کہ کونسل میں بارزانی کا سب سے بڑا ناقد رہا ہے۔ جلال طلابانی اور KTL نے مشترکہ طور پر Patriotic union of Kurdistan کا قیام عمل میں لایا اور عراقی کردستان میں مسلح جدوجہد کا آغاز کیا جس کے کامیاب اقدام نے KDP کو دوبارہ مسلح جدوجہد پر مجبور کیا۔ KDP کے مضبوط اثر و رسوخ

Dohuk Governorate میں تھا جبکہ PUK کے اثر و رسوخ Erbil ، Kirkuk اور sulaymaniyah ریجن میں تھا PUK کے عراقی کردستان کے علاقوں میں 75 فیصد مضبوط اثر ورسوخ قائم تھا۔

70ء کی دہائی میں عراق کے کرد علاقوں میں تباہ کن آپریشن نے شام ، ایران اور عراق کے سرحدی علاقوں میں 100 سے زائد کرد علاقوں کو تباہ کیا ان کو پہاڑی علاقوں سے نکال کر میدانی علاقوں میں آباد کیا۔ستمبر 1980ء میں عراق اور ایران کے درمیان جنگ کا آغاز ہوا۔ جس سے ایران اور عراق ایک دوسرے کے خلاف جنوبی اور مشرقی کردوں کو استعمال کرتے تھے ۔ KDPاور PUKکے درمیان سیاسی طریقہ کار اور نظریاتی اختلافات شدید تھے ، ان کے درمیان شدید تضاد پایا جاتا تھا جو اکثر ایک دوسرے کے خلاف طاقت کا استعمال کرتے تھے۔لیکن ایران نے اپنے مفادات کیلئے جولائی 1987ء PUKاور KDPکے اتحاد پر مجبور کیا جس کے سبب ان دونوں نے کردستان فرنٹ کے نام سے اتحاد قائم کرلیا۔

1987ء کو ایران اور عراق کے درمیان تنازعہ شدت اختیار کرتے ہیں تو عراق اندورونی طور شدید مسائل کا شکار ہوتا ہے ۔عراق نے کردوں کے خلاف حتمی کاروائی کا فیصلہ کرتے ہوئے آپریشن کا آغاز کیا۔فروری تا ستمبر 1988ء تک یہ آپریشن جاری رہا جس کے آٹھ مراحل تھے عراق نے کرد مزاحمت کے خلاف کرد ملیشیا قائم کیا جو آپریشن میں عراقی فوج کو مدد کرتا تھا۔ اس آپریشن میں عراق کرد علاقہ Halabja پر کیمیکل ہتھیار وں کا استعمال کرتا ہے ہیومن رائٹس واچ کے مطابق 4 ہزار سے 7 ہزار کرد قتل ہوئے ۔ ہیومن رائٹس واچ کے ایک اور رپورٹ کے مطابق 1970 تا 1990ء کے درمیان عراق نے 50 ہزار تا ایک لاکھ لوگ قتل کیے لیکن امریکن پروفیسر David McDowann اپنی کتاب A Modern History of Kurds کے صفحہ نمبر 357 تا 360 میں ذکر کرتا ہے کہ یہ تعداد ایک لاکھ پچاس ہزار دولاکھ کے درمیان ہے ۔ یہ کرد نسل کشی اتنا شدید تھا کہ یہ انسانی المیہ قرار دیا گیا تھا اس کے سبب لاکھوں کرد ایران ، عراق اور ترکی کے اہم شہروں سمیت یورپ میں نقل مکانی





کر گئے ۔

1991ء گلف وار میں عراق کی شکست کے بعد کردوں کی جانب سے ایک شدید مزاحمت کا آغاز کیا جاتا ہے ۔PUKاور KDP مکمل عراقی کردستان کو اپنے کنٹرول میں لیتے ہیں ان تمام مراحل کو تین ہفتوں میں تشکیل دیتے ہیں ۔ 1992ء کردستان ریجنل گورنمنٹ (KRG) کا قیام عمل میں لایا جاتا ہے ۔(عراقی کردستان میں KRG کے دو متوازی ساخت ہیں۔PUK اور KDP مشترکہ حکومت کررہے ہیں ۔)

KRG قائم ہونے کے بعد ان میں اختیارات کے حصول میں آپسی رسہ کشیاں بھی شروع ہوئے اور ان کے درمیان اختلافات بھی تھے۔

اس دوران عراق کی کوشش تھی ان علاقوں کو ترقی کے نام پر دوبارہ کنٹرول کیا جائے لیکن نائن الیون کے بعد یہ کوشش ناکام ہوئی ۔ جون 2002ء کو PUK اور KDP ایک مشترکہ معاہدے میں فیصلہ کرتے ہیں عراق کے خلاف امریکی اتحاد شامل میں ہوجائے گے ۔ 9اپریل 2003ء امریکی اتحادی فوج کے عراق کا کنٹرول سنبھالنے کے بعد کرد پیش مرگہ (پیش مرگہ کرد جنگجو ہے جس کے معنی ہے موت کا سامنا کرنے والا) کچھ کرد علاقوں کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لیتے ہیں۔2005ء کو عراق میں عام انتخابات منعقد ہوئے اس الیکشن کے بعد عراقی آئین میں عراقی کردستان کی نیم خودمختیاری کو تسلیم کیا گیا واضح رہے کہ PUK کے بانی کرد رہنما جلال طالبانی 2005ء میں عراق کے صدر منتخب ہوئے ۔جون 2005ء میں کردش پارلیمینٹ کا پہلا اجلاس Erbil میں منعقد ہوا جس میں KDP کے مسعود بارزانی خودمختیار کردستان کے صدر منتخب ہوئے جبکہ 2009ء کو دوسری اور 2013ء کو تیسری مرتبہ بھی مسعود بارزانی صدر منتخب ہوئے ۔مئی 2007ء کردش ریجنل گورنمنٹ کردستان کے تین صوبوں کی سیکورٹی کی ذمہ داری امریکہ سے واپس لیکر خود اپنے کنٹرول میں لیتی ہے۔ دسمبر 2005ء کردستان گورنمنٹ یہ اعلان کرتا ہے کہ کرد علاقوں میں تیل کے ذخائر برآمد ہوئے ہیں جون 2009ء بین القوامی مارکیٹ تیل کی فروخت شروع کرتا ہے ، یومیہ 90 ہزار

تا ایک لاکھ بیرل تیل عراقی پائپ لائن کے ذریعے ترکی میں منتقل کیا جاتا ہے اور عراقی حکومت اس شرط پر اجازت دیتا ہے کہ عراقی حکومت کو ریونیو سے کچھ فیصد دیئے جائے، حالیہ وقت میں یومیہ چھ لاکھ بیرل تیل عراق و ترکی کے پائپ لائن کے ذریعے بحرہ روم کے ٹرمینلز تک برآمد کیا جارہا ہے۔ اگست 2014ء کو داعش کرد علاقہ سنجر کو قبضے کرکے یزیدی کردوں کو علاقہ بدر کیا جاتا ہے، داعش کے خلاف کرد پیش مرگہ کو امریکہ عسکری مدد کرتا ہے۔ جبکہ جولائی 2014ء کو عراقی کردستان میں آزادی کیلئے ریفرنڈم کا اعلان کیا جاتا ہے لیکن داعش کے خلاف جنگ جاری رہنے کی وجہ سے ستمبر 2014ء کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں۔ 2015ء کو کردش پیش مرگہ اور PKK امریکہ کے عسکری مدد سے سنجر کو دوبارہ داعش کے قبضے سے آزاد کرتے ہیں۔ کردستان ریجنل گورنمنٹ کو داعش کے خلاف جنگ میں امریکہ، اسرائیل اور یورپی ملکوں کی عسکری مدد حاصل ہے۔

اپریل 2017ء روس کے مشہور کمپنی Rosneft عراقی کردستان کے گورنمنٹ کے ساتھ تیل منصوبے کیلئے ایک بلین ڈالر کا معاہدہ کرتا ہے خیال کیا جارہا ہے کہ اس معاہدے سے کردستان حکومت اقتصادی حوالے سے بہت زیادہ مستحکم ہوگا۔ جون 2017ء کو کردستان کے مختلف سیاسی پارٹیوں کا اجلاس صدر مسعود بارزانی کے صدارت میں منعقد ہوا جس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ 25 ستمبر 2017 کو آزادی کیلئے ریفرنڈم کیا جائے گا۔ لیکن امریکہ اور یورپی ممالک نے ریفرنڈم کی مخالفت کرتے ہوئے اسے عارضی طور پر ملتوی کرنے کیلئے کہا ہے کیونکہ ان ممالک کا موقف ہے کہ اس سے داعش کے خلاف جنگ متاثر ہوگا۔ ریفرنڈم کے حوالے سے روس کی پالیسی واضح نہیں ہے ریفرنڈم کے حمایت اور مخالفت دونوں نہیں کیے گئے ہیں۔ جبکہ اسرائیل اور فرانس نے ریفرنڈم کی حمایت کی ہے واضح رہے کہ اسرائیل اپنی ضرورت کے 77 فیصد تیل کردستان سے درآمد کرتا ہے۔ جبکہ عراق، ترکی اور ایران براہ راست اس ریفرنڈم کی مخالفت کررہے ہیں وہ اس ریفرنڈم کی اپنے علاقائی خودمختیاری کے حوالے سے خطرہ محسوس کررہے ہیں۔ 25 ستمبر 2017ء ریفرنڈم منعقد ہوا جس میں 90 فیصد سے زائد نے آزادی کے حق





میں ووٹ ڈالے لیکن یہ واضح رہے کہ اس ریفرنڈم سے فوری طور پر آزادی ممکن نہیں ہے یہ صرف ایک مینڈیٹ ہوگا جس سے آزادی کیلئے بات چیت کا آغاز کیا جائے گا۔

**مغربی کردستان میں تحریک (شام کا مقبوضہ علاقہ)**

شام میں کردوں کے خلاف جبر کا آغاز شام میں فرانس کے اثر و رسوخ کے زمانہ سے شروع ہوا۔ 1920 تا 1946ء کردش زبان اور تعلیم پر مکمل پابندی عائد کی جاتی ہے شام میں کردوں نے 1920ء کو قومی آزادی کیلئے جدوجہد کا آغاز کیا۔ 1957ء مشرقی وسطی میں عرب قوم پرستی کے ابھار کے بعد شامی سرکار نے یہ کوشش شروع کی تھی کہ کردوں کو غیرملکی قرار دیا جائے اور یہاں ان کو آبادکار یا پناہ گزین قرار دیا جائے اس لیئے شام میں کردوں کو شامی شناختی کارڈ تک نہیں دیا گیا (واضح رہے کہ شام میں کردوں کو شامی شناختی کارڈ 2011ء کو شام کے اندورونی حالات کے پیش نظر میں فراہم کیے گئے)۔ زبان، شناخت، تہذیب وتمدن پر مکمل پابندی عائد کردی گئی تھی۔ شام میں کرد علاقے وسائل سے مالا مال علاقے ہیں 1962ء میں شامی سرکار نے ایک پالیسی بنائی تھی کردوں کو ان علاقوں سے بے دخل کیا جائے ایک اندازے کے مطابق 60ہزار سے ایک لاکھ کے درمیان کرد اپنے علاقوں سے نقل مکانی کرچکے ہیں۔ اگست 2001ء کرد اور شام حکومت کے درمیان ایک مفاہمت پر دستخط ہوا جس میں کہا گیا کردوں کے حقیقی مسائل حل کیے جائے گے لیکن ان پر عمل نہیں کیا گیا۔

2004ء کو شام میں Democratic Union Party(PYD) شام کے خلاف جنگ کا آغاز کرتا ہے اس جنگ کے بعد People's Protection Units(YPG) کا قیام عمل میں لایا گیا جو PYD کا عسکری ونگ ہے۔ YPG کا اہم کردار 2011ء میں شام میں سول وار کے ابتداء سے سامنے آیا۔ 2012ء کو YPG اور شامی فوج کے درمیان شام کے کرد علاقوں میں تنازعہ شروع ہوگیا جس کے بعد ایک معاہدے کے ذریعے شام کے اہم کرد علاقے Amuda,Kobani,Afrin کے کنڑول YPG کے حوالے کرتا ہے۔ 2013ء کو Kurdistan Women's protection Units (YPJ) ء کا قیام عمل میں

لایا گیا جو شام میں داعش کے خلاف اہم کردار ادا کر رہا ہے ۔YPG شام میں داعش کے خلاف جنگ میں امریکی اتحادی ہے ۔

2014ء کو داعش نے شام کے کرد علاقے کوبانی کو قبضہ کرلیا۔امریکہ نے آئی ایس آئی ایس کے خلاف YPG کا فضائی محاذ میں عسکری مدد کیا جبکہ جنوبی کردستان کے پیش مرگہ بھی YPG کے مدد کیلئے کوبانی پہنچ جاتے ہیں۔کوبانی کو داعش کے قبضے سے آزاد کرنا YPG کی سب سے بڑی کامیابی تھی اس کامیابی نے YPG کو دنیا کا توجہ حاصل کرنے میں مدد دی ۔ امریکہ و یورپی شہریوں کی مختلف گروپوں نے داعش کے خلاف YPG میں رضا کارانہ طور پر شمولیت کی ہے ۔

2014ء کو داعش کے کرد علاقوں میں اثر ورسوخ کے بعد PKK تمام کرد تنظیموں کو داعش کے خلاف مشترکہ جنگ کرنے کا مشورہ دیتا ہے جو ایک موثر مشورہ تھا جس پر عمل کیا جارہا ہے ۔لیکن ترکی کا کہنا ہے کہ YPG، YPD، YPJ یہ تمام تنظیمیں PKK کے ونگ ہیں جو شام میں داعش کے خلاف امریکی اتحادی ہے جبکہ ترکی مسلسل مریکہ و یورپی مما لک سے ان تنظیموں کو مدد کرنے پر اپنی تحفظات کا اظہار کرتا آرہا ہے۔

## کرد تحریک میں سول وار

جولائی 1983ء PKK اور KDP ایک معاہدے پر دستخط کرتے ہیں جس کا نام تھا The Principle of Soliderty اس میں عہد کرتے ہیں کہ ہم ہر طرح کے سامراجیت کے خلاف جنگ کریں گے اور کردستان ریجن میں دوسرے تمام انقلابی پارٹی و تنظیموں کے مدد و تعاون کریں گے اس معاہدے میں اس بات پر زور دیا گیا کہ جدوجہد کا سرچشمہ کرد عوام ہوگا بیرونی طاقتوں پر انحصار نہیں کریں گے اور اس معاہدے میں یہ بھی شامل تھا کہ ایک پارٹی دوسری پارٹی کے اندورونی معاملات میں مداخلت نہیں کریگا اور اگر کسی نے معاہدے کی خلاف ورزی کی تو اس کو تنبیہ کیا جائے گا اگر تنبیہ کو نظر انداز کیا گیا تو یہ معاہدہ ختم ہوگا۔ابتدائی زمانے میں یہ معاہدہ مفید ثابت ہوگیا اس معاہدہ سے فائدہ اٹھا کر PKK نے شام اور لیبیا سے عراق





منتقل ہوکر عراق میں اپنے بیس کیمپ قائم کیے ۔PKK نے اپنا سب بڑا بیس کیمپ شمالی کردستان عراق، ترکی اور ایران کے باڈر پر قائم کیا جس میں پارٹی پبلیکیشن ، ریڈیو اسٹیشن اس کیمپ سے کنٹرول ہوتے تھے ۔ KDP نے مبینہ طور پر الزام عائد کیا کہ PKK عراقی کردستان میں بچوں اور خواتین کو تشدد کا نشانہ بنا رہا ہے اسے قومی آزادی کیلئے نقصان قرار دیا 1987ء کو KDP اور PKK کے درمیان اتحاد ختم ہوگیا درحقیقت KDP نے ترکی کے ساتھ روابط شرع کیے تھے اور PKK نے اس روابط کے خلاف سخت رویہ اپنایا جس کے سبب تعلقات کشیدہ ہوگئے اور اس اتحاد کو ختم کرنے میں ترکی کا اہم کردار تھا ۔ 1988ء کو عراقی کردستان کے پارٹی PUK اور PKK کے درمیان دمشق میں ایک معاہدہ ہوا جس کا نام تھا Protocol of Understanding اس کا مقصد قومی تحریک کو زیادہ سے زیادہ متحد کرنا تھا لیکن ایک سال کے اندر عبداللہ اوژلان نے اس اتحاد کو بے سود مند قرار دیا اور اس کو ختم کیا ۔اس کے بعد عراقی کردستان میں PUK اور KDP ایک فرنٹ قائم کرتے ہیں ۔ 1991ء میں عراقی کردستان فرنٹ PKK کے خلاف باقاعدہ جنگ کا اعلان کرتا ہے اس کے بعد ترکی شمالی عراق میں PKK کے ٹھکانوں پر حملہ شروع کرتا ہے۔اس دوران PUK اور KDP نے باقاعدہ ترکی سے معاشی اتحاد قائم کرلیا تھا۔ PUK اور KDP کے ترکی کے ساتھ اتحاد نے PKK کو شدید مشکلات کا شکار کردیا۔KDP اور PUK نے الزام عائد کیا کہ PKK نے عراقی کردستان کے Erbil کو قبضہ کیا اور وہاں اپنی حکومت قائم کرکے ٹیکس وصول کررہا ہے اور KRG کے اندورانی معاملات میں مداخلت کررہا ہے ۔ 4 اکتوبر 1992ء PUK اور KDP عراقی کردستان میں ترکی کے مدد سے PKK کے مرکزی کیمپ پر حملہ کرتے ہیں اس حملے کے بعد PKK اور ان کے درمیان جنگ شدت اختیار کرتا ہے ترکی، PUK اور KDP تمام علاقے کو گھیرے میں لیکر PKK کے تمام سپلائی لائن کو بند کرتے ہیں اور PKK کے خلاف ان کا رویہ انتہائی جارحانہ ہوتا ہے کہ 28 اکتوبر 1992ء کو پی کے کے کو اس علاقے میں شکست دیتے ہیں۔ترکی کے فوجی سربراہ نے دعوی کیا کہ چار سے پانچ ہزار

PKK کے جنگجو قتل ہوئے اور عبداللہ اوژلان خود زخمی ہوئے ۔لیکن PKK مطابق انکے تین سو زائد جنگجو قتل نہیں ہوئے جبکہ جون 1993ء کو PKK دوبارہ ترکی میں شدت کے ساتھ جنگ کا آغاز کرتا ہے 1995ء کو PKK عبوری فائر بندی کا اعلان کر کے سول وار کا خاتمہ کرتا ہے ۔

1994ء میں عراقی کردستان میں KDP اور PUK کے درمیان سول وار کی ابتداء ہوئی ۔ جس میں ایران، عراق، شام اور ترکی نے اس سول وار سے فائدہ اٹھایا اس سول وار میں تین ہزار سے پانچ ہزار کے درمیان جنگجو اور عام کرد قتل ہوئے ۔ان کے درمیان سول وار کی اصل وجہ PUK کے ایران اور KDP کے عراق سے تعلقات تھے یہ دونوں ممالک ان پارٹیوں کو ایک دوسرے کے خلاف استعمال کرتے تھے۔KDP نے PUK کے ایران کے ساتھ تعلقات کی بنا پر PUK کے خلاف محاذ کھولنے کے بعد بغداد کے ساتھ اتحاد کرلیا اور بغداد کو دعوت دیا کہ PUK کے زیر اثر علاقوں کو دوبارہ اپنے کنٹرول میں رکھے ۔ اگست 1996ء عراقی فوج PUK کے زیر کنٹرول علاقوں میں اپنے فوج کو داخل کرتا ہے لیکن امریکی فضائیہ عراقی فوج کو واپس نکال لیتے ہیں لیکن KDP sulaymaniyah ریجن میں PUK کے زیر کنٹرول علاقوں میں حملہ کر کے قبضہ کرتا ہے ۔ 1997ء کو PUK دوبارہ sulaymaniyah ریجن میں اپنی حکومت کا اعلان کرتا ہے ۔لیکن PUK اور KDP ایک دوسرے کے علاقے میں حکمرانی کا دعوی کرتے ہیں ۔ان کے درمیان صلح کروانے میں امریکہ اور PKK کا اہم کردار تھا ۔ 1998ء جلال طالبانی اور مسعود بارزانی واشنگٹن میں ایک امن معاہدے پر دستخط کرتے ہیں اور KRG انتظامیہ کو دونوں گروپ میں تقسیم کیا جاتا ہے ۔

### کردش تارکین وطن کا کردار

کردش تارکین وطن مشرقی ترکی، یورپ، مڈل ایسٹ، نارتھ امریکہ، آسٹریلیا میں آباد ہیں، کردش تارکین وطن منظم تارکین وطن ہیں ۔ کرد قومی تحریک کو بین الاقوامی سطح پر منوانے اور یورپ و امریکی حکومت کے ایجنڈے میں کرد تحریک کو شامل کرنے کیلئے ان کا بہت بڑا کردار ہے ۔ کرد تارکین





وطن کردش لٹریچر پر سب سے زیادہ کام کررہے ہیں کردش زبان کو ماڈرن لٹریری زبان بنانے کے لئے جدوجہد کررہے ہیں ۔ جرمنی اور سویڈن کے تارکین وطن کی بڑی تعداد کا تعلق PKK سے ہے ۔ 1983ء کرد دانشوروں نے پیرس میں دی انسٹیوٹ آف پیرس قائم کیا جس کا مقصد کرد زبان و ادب کو ترقی دینا ہے ۔اس کے علاوہ کردش انسٹیوٹ 1989ء برسلز ، 1994ء کو برلن ، 1996ء کو ماسکو اور واشنگٹن ڈی سی میں قائم ہوئے ۔ 1997ء کو سویڈن کے دارالحکومت اسٹاک ہوم میں کردش لائبریری کا قیام عمل میں لایا جاتا ہے ۔ ان سب اداروں کا کرد ثقافت ، زبان ، تاریخ اور قومی اتحاد کیلئے مشترکہ ایجنڈا ہے ۔سویڈن ، جرمنی ، فرانس ، نیدرلینڈ اور بیلجیم میں کردش زبان میں کتاب اور جرنل شائع کرتے ہیں ۔ 1995ء کو یورپ میں تارکین وطن ایک کردش MED TV کے نام سے ایک سیٹلائٹ ٹی وی چینل کا ابتداء کرتے ہیں ٹی وی چینل کی ابتداء کرنے میں PKK کا بنیادی کردار تھا ۔ یورپ میں کردش انسٹیوٹ ، ٹی وی چینل ، پرنٹ میڈیا ، لینگویج کورسز نے کرد قومی تحریک میں اہم کردار ادا کیا ۔ 1995ء کو The Kurdish Parliment of Exile ء نیدرلینڈ میں قائم کیا گیا۔اس کے قیام میں بھی PKK کا کردار تھا اس پارلیمینٹ میں عراق، ترکی ، ایران اور شام کے کردوں کے نمائندگی شامل تھی اس کا مقصد عالمی دنیا کو کرد قومی تحریک کی جانب راغب کرنا اور قومی تحریک کیلئے دنیا سے مدد حاصل کرنا تھا اور اس پارلیمنٹ نے متعدد یورپی ممالک میں تحریک کیلئے لابنگ کرنے میں اہم کردار ادا کیا ۔ Kurdish Human Rights Organization لندن اور جرمنی میں قائم ہوا جس کا مقصد کردوں کے خلاف ہونے والے انسانی حقوق کے پامالیوں کو دنیا بھر میں اجاگر کرنا ہے ۔ کرد تحریک میں PKK واحد جماعت ہے جس کو تارکین وطن کے اہمیت کا صحیح اندازہ تھا PKK نے تارکین وطن کو منظم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ۔ 1990ء کی دہائی میں PKK نے اس بات کو تسلیم کیا کہ قومی تحریک کیلئے عسکری محاذ کے ساتھ ساتھ سفارت کاری سمیت تمام محاذوں کی یکساں اہمیت ہے اس کے سبب PKK نے تارکین وطن ، سفارت کاری ، سیاسی محاذ ، ہیومن رائٹس ، میڈیا ، لیٹریچر سمیت تمام محاذ میں جدوجہد شروع کیا ۔

# چین، عالمی سیاست اور بلوچ جدوجہد

☆ کہبر بلوچ ☆

**اگر** ہم بلوچستان کی مجموعی صورت حال اور یہاں کے مختلف عوامل اور عناصر کا تجزیہ کرتے ہیں تو یہ حقیقت واضح ہوجاتی ہے کہ بلوچ کے زمین کی اہمیت دنیا اور عالمی سیاست سے وابستہ رہا ہے۔ یہ مقولہ عام ہے کہ' آپ کیا چاہتے ہیں یہ اہم نہیں ہے بلکہ بڑی طاقتیں اور بڑی ممالک کیا چاہتے ہیں' یہ اہم ہے۔ ممکن ہے کہ بلوچ عالمی طاقتوں کی رسہ کشی میں شامل ہونے کا خواہاں نہ ہو لیکن دنیا کی سیاست اور مفادات آج اس طرح تشکیل پا چکے ہیں کہ انہوں نے بلوچ کی مرضی اور منشا کے بغیر بلوچ کی زمین کو اپنی نظروں میں رکھا ہے۔ کیونکہ بلوچ کی زمین تزویراتی لحاظ سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، بلوچ سرزمین دنیا کے بہت سے خطوں کو آپس میں ملاتا ہے یا کہ اپنی وسیع سمندر کے ذریعے دنیا کے لئے عسکری اور تجارتی راستوں کو اتنا مختصر بناتا ہے کہ خطے کی بہت سے ممالک بلوچ سمندر کو بطور تجارتی گزرگاہ استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ دنیا کی بڑی طاقتیں اس بات کا خواہاں ہیں کہ وہ کسی نہ کسی طرح بلوچستان کو اپنے زیرتصرف رکھیں، تاکہ ان کی مفادات کو محفوظ بنانے کے لئے ان کے اخراجات کا بوجھ کم ہو سکے۔

تاریخ پر ایک طائرانہ نظر ڈالیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ اور ماقبل تاریخ ہی سے بلوچ زمین اپنی جغرافیہ اور اہم گزرگاہوں کی وجہ سے ہمیشہ اہم رہا ہے۔ ایک وقت میں روس دنیا میں اپنی سیاسی اثرات کو پھیلانے اور اپنی رسوخ بڑھانے کے لئے بلوچستان میں اپنی موجودگی کو ممکن بنانے کی کوشش میں مصروف عمل دکھائی دیتا ہے۔ لیکن برطانیہ کی یہاں قبضہ زار کی گرم پانیوں تک پہنچنے کے خواہش پر پانی پھیر دیتا ہے۔ بلوچ سرزمین، سمندری گزرگاہیں، گہری اور قدرتی بندرگاہیں، درّوں کو استعمال کرکے ایک سو سال تک انگریز افغانستان پر قبضہ جماتا ہے





تاکہ وہ وہاں سے دیگر خطوں پر اپنی اجارہ اور اثر و رسوخ کو برقرار رکھ سکے۔ 1990 کے بعد سے سوویت یونین کے ٹوٹنے کے بعد دنیا کی طاقت کا توازن امریکہ کے حق میں چلا گیا۔ لیکن جب 2000 کے بعد سے چین بتدریج اپنی اثرورسوخ بڑھانا شروع کرتا تو ایک بار پھر بلوچستان کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ کیونکہ بلوچستان پر پاکستانی قبضہ اور چین سے مختلف حوالوں سے قربت و ہمکاری ایک نئے دور میں داخل ہوجاتا ہے۔ چین چیئرمین ماؤ کے برعکس سرمایہ دارانہ طرز معیشت کو اپنا کر دنیا بھر میں اپنی سیاسی، عسکری اور معاشی تسلط جمانے کے لئے جارح پالیسیوں کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے اور چین دنیا پر اپنی معاشی وعسکری تسلط کے لئے بلوچ سرزمین کو استعمال کرنے کے لئے واضح طور پر نوآبادیاتی طرز کی کوششیں کررہا ہے، آج چین دنیا کا دوسرا بڑا معاشی طاقت ہے اس کے ساتھ ایک developing ملٹری طاقت بھی ہے اپنی معاشی وعسکری طاقت کو بڑھانے اور مختلف خطوں پر اپنی تسلط جمانے کے لئے اُسے تزویراتی لحاظ سے اہم خطوں پر براجمان ہونا ہوگا کہ ان کے ذریعے ہی پورے دنیا پر معاشی اور عسکری تسلط کو برقرار رکھ سکے۔

اسی بنیاد پر چین 2013 کو پاکستان کے ساتھ چین پاکستان اقتصادی راہداری معاہدہ کرتا ہے۔ لیکن اس معاہدے سے پیشتر پاکستان بلوچستان میں آبادی میں تبدیلی لانے کی غرض سے میگا پروجیکٹس کی تعمیر کا اعلان کرتا ہے۔ آبادکاروں اور فوج کی آمد و رفت کے لئے ایک سڑک بھی (کراچی تا گوادر) تعمیر کرتا ہے، یہ سڑک عسکری لحاظ سے بھی اس لئے اہم ہے کہ جنگ کی صورت میں فوج سرعت سے نقل وحمل کرسکتی ہے۔ لیکن بلوچ تحریک کی ابھار نے نئی آبادکاری کو بڑی حد تک ناکام بنا دیا۔ جن طاقتوں نے وہاں (گوادر میں) سرمایہ لگایا تھا اور مختلف منصوبوں پر کام کررہے تھے ان کا سرمایہ ڈوب گیا اور انہیں ناکامی سے دوچار ہونا پڑا۔ لیکن جب 2013 کو چین پاکستان کے ساتھ CPEC معاہدہ کرتا ہے تو ان استحصالی منصوبوں پر دوبارہ کام شروع ہوجاتا ہے جو کہ تحریک کی شدت کی وجہ سے التوا کا شکار تھے۔

یہاں عسکری لحاظ سے اہمیت سے قبل معاشی نقطہ پر ایک جائزہ لیتے ہیں کہ اقتصادی حوالے

سے کس طرح چین اس سے( گوادر پورٹ وسی پیک سے )فوائد حاصل کرسکتا ہے؟ دنیا میں جب تجارتی روٹ بنتے ہیں تو ممالک کوشش کرتے ہیں کہ مختصر مسافت اورکم لاگت سے وہ معاشی منڈیوں تک پہنچ سکیں اس طرح وہ منڈی اور مارکیٹ پر اپنی اثر ورسوخ برقرار رکھ سکتے ہیں۔اور اسی طرح ہی وہ اپنی اثر رسوخ میں روزافزوں اضافہ کرسکتے ہیں ۔چین دنیا کی سب سے بڑی آبادی رکھنے والا ملک ہے اور وہاں خام مال کی فراوانی اور محنت سستا ہے۔مصنوعات کے تیاری لاگت دوسرے ممالک کی نسبت انتہائی کم ہے اپنی مصنوعات کو دنیا تک پہنچانے اور مارکیٹوں پر قبضہ کے لئے چین کو مختصر روٹ درکار ہیں۔آج چین دنیا کے ساتھ تجارت کرنے کے لئے جن روایتی سمندری راستوں کو استعمال کررہا ہے اسے دوسرے خطوں تک پہنچنے کے لئے طویل مسافت ، زیادہ وقت اور کثیر سرمایہ خرچ کرنا پڑتا ہے مثلاً یورپ تک پہنچنے کے لئے 11845 میل ، مشرقِ وسطیٰ تک 5250 میل، پاکستان تک 4645 میل کا مسافت طے کرنا پڑتا ہے جو کہ چین اپنے شنگھائی یا دوسرے بندرگاہوں کے ذریعے اپنی مصنوعات دنیا تک پہنچاتا ہے ۔لیکن پاکستان چین اقتصادی راہداری منصوبے کا مرکز سنکیانک صوبے میں کاشغر کا مقام ہے تو یہ راہداری درجہ بالا مسافت اور سفر کی سیکیورٹی کے مسائل اور مسافت پرآنے والی لاگت کو انتہائی کم کرتا ہے ۔جب یہ راہداری باقاعدہ فعال ہوجائے تو یورپ تک مسافت 11845 میل کے بجائے 7847 میل،مشرق وسطیٰ تک 2554 اور کاشغر سے گوادر تک 1750 میل رہ جائے گا۔اس طرح یہاں سرمایہ اور وقت کا بچت چینی معیشت کے لئے نہایت دوررس نتائج کے حامل ہوں گے ۔چین آج دنیا کا دوسرا بڑا اقتصادی طاقت ہے یہ اقتصادی راہداری اسے دنیا کا پہلا معاشی طاقت بنانے کے لئے راہ ہموار کرسکتا ہے۔

اس اقتصادی راہداری کی فعالیت سے چین گوادر پورٹ کے ذریعے یورپ ،مشرق وسطیٰ اور دوسرے خطوں تک رسائی حاصل کرتا ہے اس کے ساتھ ہی اسی روٹ کے ذریعے ایک تہائی آبادی پر اپنی اثر ورسوخ قائم کرسکتا ہے ،اس اقتصادی راہداری کے ذریعے ایک جانب وہ





ایشیاء سے منسلک ہوتا ہے ،دوسری جانب وہ یورپ سے منسلک ہوتا ہے تو تیسری جانب وہ افریقی ممالک سے منسلک ہوجاتا ہے۔

یہ ہم بعد میں دیکھتے ہیں کہ چین کس طرح دنیا میں امریکہ اور چین کے اثر ورسوخ کو ختم کرنے کی کوشش کرکے اپنی اجارہ بڑھا رہا ہے ،جن خطوں میں چین موجود نہیں تھا اُن خطوں یا تزویراتی لحاظ سے اہم جگہوں پر رسائی حاصل کرنے کی کوشش کررہا ہے تاکہ اس کے لئے نئی راہیں پیدا ہوجائیں اور چین پہلا معاشی طاقت بن جائے۔

دوسری طرف گوادر اور اس سے ملحقہ ساحلی بیلٹ ہے، یہ چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ چین کی بیرونی سرمایہ کاری کا اکلوتا منصوبہ نہیں بلکہ چین کی ویژن 2025 کا ایک حصہ ہے۔اس منصوبے کو one-belt one road یا سلک روڑ کا نام دیا گیا ہے۔لیکن چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ سلک روڑ کا دل ہے۔ اگر چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ کامیاب ہوجائے تو one-road one belt کا تصور حقیقت کا روپ دھار سکتا ہے اگر یہ منصوبہ نہیں بن سکے یا ناکام ہوجائے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ سلک روڑ بھی نہیں بن سکتا ہے لیکن جو فوائد چین حاصل کرنا چاہتا ہے یا چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ سے جو فوائد چین کو مل سکتے ہیں تو وہ محض ایک خواب رہیں گے۔

اگر عسکری یا ملٹری حوالے سے دیکھیں تو چین کی بھارت کے ساتھ دیرینہ تنازعات چل رہے ہیں چین بھارتی صوبے مشرقی ہماچل پردیش کو اپنا حصہ قرار دیتا ہے اور گلگت بلتستان میں فوجی مرکز قائم کرکے جنگ کی صورت میں بھارت پر کم وقت میں فوجی دباؤ بنا سکتا ہے لیکن وہ گوادر کا انتخاب کرتا ہے کیونکہ آبنائے ہرمز( سمندری گذرگاہ) گوادر سے خاصے قریب ہے اور آبنائے ہرمز سے دنیا کا چالیس فیصد تیل گزرتا ہے یہاں اگر چین عسکری مستقر بنائے تو تیل پر منحصر دنیا کی معیشت ،جنگی حالات میں اس روٹ پر قبضہ کرکے چالیس فیصد تیل کے سپلائی لائن کو بند کرسکتا ہے یا اسے سبوتاژ کرسکتا ہے اس لئے یہ بات اہمیت اختیار کرتا ہے کہ یہاں( گوادر میں )چین کو اگر اقتصادی فوائد نہیں مل سکے تو اس کے باوجود عسکری یا فوجی لحاظ

سے اتنے فائدے مل سکتے ہیں کہ وہ اس سرزمین اور اس روٹ سے کسی بھی صورت میں دست بردار ہونے کے لئے تیار نہیں ہوجاتا ہے ، کیونکہ تجزیہ ہمیں یہی بتاتا ہے کہ بلوچستان کی ضرورت چین کے لئے اقتصادی سے زیادہ عسکری یا فوجی نقطہ سے ہے ۔ یہاں عسکری بیس بنانے کی صورت میں وہ پوری دنیا پر اپنی اثر ورسوخ قائم کرسکتا ہے ۔ دنیا کی تیل کا ایک بڑی مقدار روس، وینزویلا پیدا کرتے ہیں جن کا مغرب کے ساتھ تصادم موجود ہے اور مغرب کے لئے تیل کی ایک بڑی مقدار خلیجی ممالک سے اسی گذرگاہ سے جاتی ہے اس حوالے سے یہاں پر قبضے کی صورت میں دنیا پر کافی حد تک چائنا اپنی اجارہ قائم کرسکتا ہے ۔

آج کے دنیا میں طاقت کا توازن تبدیل ہو چکا ہے اور علاقائی طاقتیں سر اٹھا رہے ہیں اور جنوبی ایشیاء میں جتنے ممالک اور علاقائی طاقتیں موجود ہیں ان میں ایک علاقائی طاقت بھارت ہے اور دنیا کے جو طاقت چین کی طاقت کو آگے بڑھنے سے روکنے کی کوشش کررہے ہیں وہ چین کے مقابلے میں بھارت کو سامنے لانے کی کوشش کررہے ہیں۔ یہاں سے ایک بڑی تبدیلی کی لہر وجود میں آرہی ہے، لال قلعے میں بھارتی وزیر اعظم نریندرا مودی کی بلوچستان بارے بیان اس بات کی واضح غمازی کرتا ہے کیونکہ دنیا قطعاً اس بات کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہے کہ طاقت کا توازن چین کے حق میں چلا جائے ،آج کل ایک نئی اصطلاح استعمال کی جارہی ہے ''رنگ'' یا گول دائرہ۔اگر چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ اور سلک روڑ پائے تکمیل تک پہنچے تو چین سمندری اور خشکی کے راستوں کے ذریعے بھارت کا گھیراؤ کرنے میں کامیاب ہوجائے گا کہ مختلف اہم خطوں پر چین بندرگاہیں بنانے کے معاہدے کررہا ہے جن میں بنگلہ دیش اور سری لنکا شامل ہیں لیکن سری لنکا میں سری سینا سرکار کے بعد وہ وہاں مشکلات سے دوچار ہے ،جنوبی چینی سمندر پر مکمل اختیار جتارہا ہے کہ ساؤتھ چینی سمندر اس کا ہے ،چین سمندری راستوں کے ذریعے بھارت کو گھیرنے کی کوشش کررہا ہے اور ہندوستان کی خواہش ہے کہ وہ چینی گھیرے کو توڑے،اس لئے بھارت بلوچستان کے حوالے سے بات کررہا ہے کیونکہ اتر پردیش اور ہماچل پردیش پر چین دعویٰ کررہا ہے کہ وہ





اس کا حصہ ہیں جب بھارتی وزیر اعظم وہاں کا دورہ کرتا ہے تو چین باقاعدہ احتجاج کرتا ہے کہ یہ متنازعہ خطہ ہے ۔

درجہ بالا مقاصد کی حصول کو مدنظر رکھ کر چین ایک مکمل نوآبادیاتی طاقت کے طور پر بلوچستان میں اپنی موجودگی بڑھا رہا ہے جس کا اولین خمیازہ بلوچ قوم کو نسل کُشی کی صورت ادا کرنا پڑ رہا ہے ،اکیسویں صدی کے آغاز میں شروع ہونی والی بلوچ قومی تحریک کا ابھار چینی نوآبادیاتی مقاصد کی راہ میں رکاوٹ بن چکا ہے اس لئے ہم دیکھ رہے ہیں کہ چین حتیٰ الوسع کوشش کررہا ہے کہ وہ پاکستان کو بلوچ قومی تحریک آزادی کو ختم کرنے میں مدد وتعاون کرے،اسی بنیاد پر وہ مغربی روٹ' معاہدے کے مطابق وہاں کی سڑکیں دو رویہ نہیں بلکہ چھ روے ہونے چاہئیں' کی تعمیر کررہا ہے ۔ زیر تعمیر مغربی روٹ کی سڑکیں بھاری ٹریفک کا بوجھ برداشت نہیں کرسکتی ہیں،اس لئے کہا جارہا ہے کہ سی پیک کے نام پر پاکستان مغربی روٹ کو تعمیر کرکے اپنی فوج کو اُن علاقوں میں آسان نقل وحمل کے مقاصد کو حاصل کرنا چاہتا ہے۔

اس لئے ہم دیکھ رہے ہیں کہ پاکستان چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ کے اردگرد علاقوں کو چھاؤنیوں میں تبدیل کررہا ہے ۔اس گزرگاہ کے قریبی آبادیوں کو تہس نہس کررہا ہے ،انہیں نقل مکانی پر مجبور کیا جارہا ہے ،ایک سال قبل پاکستان نے اعلان کیا تھا کہ بلوچستان میں چھاؤنیوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے گا ایف سی کا ایک کور پر مشتمل الگ چھاؤنی تربت میں بنایا جائے گا جس کا الگ کورکمانڈر ہوگا تاکہ وہ اس روٹ کا تحفظ کرسکے اور اس روٹ کے لئے پاکستانی فوج نے 17500اہلکاروں پر مشتمل ڈویژن پہلے ہی سے تشکیل دیا ہے ،صرف چھاؤنی نہیں بلکہ چھاؤنی کے ساتھ ساتھ فوجی کیمپوں اور چوکیوں کا ایک جال بچھایا جارہا ہے جیسا کہ دشت کُنچتی کے زمینوں پر قبضہ کرکے وہاں نیوی کا ایک کیمپ بنایا جارہا ہے ،تربت میں کوہِ امام پر نیوی کیمپ بن چکا ہے اس امر پر غور ضروری ہے کہ نیوی کیمپ ساحل پر بنائے جاتے ہیں مگر یہاں سے ساحل کافی دور ہے اس کے علاوہ لوڑی ءِ جنگ جاہ ،تلار، ہیرونک ،ہوشاپ اور بالگتر میں بڑی بڑی فوجی کیمپ قائم کئے جاچکے ہیں اس کے ساتھ نئی کیمپوں کی

تیاریاں جاری ہیں تا کہ وہ اس روٹ کے محفوظ بنا سکے،

اس لئے چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ سے ملحق علاقوں اور تحریک کے حوالے سے مضبوط علاقوں میں آپریشنوں کا ایک وسیع سلسلہ 2013 سے جاری ہے اور روز بہ روز اس کی شدت میں اضافہ ہورہا ہے دشت ،تمپ، گومازی، تربت، شاپک ، ہیرونک ،بالگتر ،کولواہ، آواران اور پروم جیسے علاقوں میں پے درپے آپریشن اس سلسلے کی کڑی ہیں تا کہ پاکستان نام نہاد چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ کو محفوظ بنائے اور اس استحصالی پروگرام اور قبضہ گیرانہ ہوس کی تکمیل کر سکے ۔نیز بلوچستان کے دیگر حصوں میں جاری آپریشن ،فوجی درندگی اور ڈیتھ سکواڈز کی ظلم وستم اس کے علاوہ ہیں ۔

دنیا کے دیگر معاشی وعسکری طاقتوں کے متاثر کرنے کے لئے مختلف خطوں میں inaugration یا مختلف منصوبوں کی افتتاح ہوتے ہیں یا کہ حال ہی میں اس نام نہاد چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ سے جو قافلہ گزارا جاتا ہے تا کہ وہ دنیا کو دکھا سکیں کہ یہاں اس پائے کی سڑک اور ’اقتصادی حب‘ بنائی جارہی ہے تا کہ دنیا بھی اس پر سرمایہ کاری کرے ۔اس قافلے کے بارے میں یہ باتیں بھی کی جارہی ہیں کہ دراصل یہ تجارتی قافلہ چین کا نہیں بلکہ پاکستان کا تھا جسے چین کے سرحد لے جا کر واپس اسی نام نہاد چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ سے گزارا گیا تا کہ یہ تاثر دیا جاسکے کہ یہ منصوبہ محفوظ ہے اس پر سرمایہ کاری بھی محفوظ ہے تا کہ اس منصوبے میں دوسرے ممالک کی شمولیت سے چین و پاکستان فائدہ اٹھا سکیں نہ صرف یہی روٹ بلکہ بلوچستان کے ہر وہ علاقے جہاں تحریک میں شدت پائی جاتی ہے تو وہاں وسیع پانے پر آپریشن جاری ہے ،ڈیرہ بگٹی ،بولان ،نصیر آباد، مری علاقوں ،قلات ،اسپلنجی اور مستونگ میں روز بہ روز آپریشنوں میں شدت لائی جارہی ہے تا کہ جلد از جلد اس جنگ کو کچلا جا سکے ۔

یہ نام نہاد چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ نہ صرف چین بلکہ پاکستان کے لئے نہایت اہم ہے کیونکہ آج پاکستان مذہبی جنونیت کی کفالت اور انہیں بطور پراکسی دنیا کے مختلف خطوں





میں استعمال سے تنہائی کا شکار ہورہا ہے حتیٰ پاکستان کا ہمسایہ ایران کے ساتھ بھی تضادات سامنے آرہے ہیں ،افغانستان کے ساتھ تعلقات بدترین دور میں داخل ہو چکے ہیں اور اب افغانستان کے لئے پاکستان قطعی طور پر قابلِ اعتبار نہیں ہے ،بھارت کے ساتھ دیرینہ دشمنی اب حدوں کو چھورہا ہے جو کسی بھی وقت ایک جنگ کی شکل اختیار کرسکتا ہے، یورپ ،امریکہ پاکستان کے منافقت اور دوغلی پالیسیوں کی وجہ سے اب اس کے دوست نہیں رہے ، ایسے حالات میں پاکستان کو فوجی و اقتصادی لحاظ سے ایک اتحادی کی ضرورت ہے تا کہ وہ پاکستان کو چلا سکے۔ پاکستان اس نام نہاد چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ کے ذریعے اس انفراسٹرکچر ،اقتصادیات کو مضبوط کرنا چاہتا ہے اور اسی منصوبے کے ذریعے پاکستان اپنی تنہائی کو ختم کرنے کی متمنی ہے ،آپریشنوں کی شدت اور راہداری منصوبے کی چند حصوں کا افتتاح کرنا 2018 کے الیکشن سے بھی جڑے ہیں تا کہ نواز شریف پاکستان کی ترقی کا علامت بن کر ایک بار پھر سرکار میں آسکے اور ان آپریشنوں کا ایک مقصد مقبوضہ بلوچستان میں الیکشن سے بھی وابستہ ہے تا کہ 2013 کے بلوچ عوام کی پاکستانی انتخابات کے واضح بائیکاٹ کے بعد پاکستان کی عمل داری کے خاتمے کے بین الاقوامی اثرات کو زائل کیا جا سکے ۔ بلوچ قومی تحریک کی شدت ،چینی انجینئروں پر حملہ ،تیل و گیس تلاشنے والی کمپنیوں پر حملے اور بھارت، افغانستان ، بنگلہ دیش، افغانستان کا بلوچ قومی تحریک کی حمایت کے عندیے سے پیدا شدہ صورت حال کو تبدیل کر سکے ،چونکہ بلوچ قومی تحریک حوالے سے میڈیا بلیک آؤٹ ہے یہاں عالمی میڈیا پر قدغن ہے اور مقامی میڈیا واضح طور پر پاکستانی بیانیے کو آگے بڑھانے پر مامورر ہے اس لئے دنیا کے سامنے ان آپریشنوں کی شدت اکثر صورتوں میں واضح نہیں ہے اس لئے 2018 کی متوقع انتخابات پاکستانی ریاست اور مقبوضہ بلوچستان میں ان کی باجگزاروں کے لئے نہایت اہمیت کا حامل ہیں ۔ وہ اسے ہر صورت میں دنیا کے سامنے کامیاب دکھانے کی کوشش کررہے ہیں بلوچ قومی تحریک بلوچ قومی آزادی ،بلوچ قومی بقاء وتشخص کی حفاظت اور قومی مڈی پر کسی بھی عالمی یا علاقائی سودے بازی کی مخالفت ہے اور یہ نام نہاد چین پاکستان اقتصادی راہداری

منصوبہ بلوچ قومی مرضی ومنشا کی صریحاً خلاف ورزی ہے،اس لئے پاکستان کی ایک کوشش یہ بھی ہوگی کہ وہ بلوچ قومی تحریک کی عالمی پزیرائی اور وسعت کے اثرات کو زائل کرکے یہ دکھانے کی کوشش کرے گا کہ بلوچ سرزمین کے اصل وارث وہی ہیں جوکہ انتخابات کی صورت میں منتخب ہوکر پاکستانی پارلیمان میں آگئے ہیں۔

اس مجموعی صورت حال میں عالمی مفادبھی کارفرما ہیں چونکہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ آج دنیا کا پہلا معاشی وعسکری طاقت ہے،بھارت کے چین کے ساتھ علاقائی تنازعات موجود ہیں جنوبی ایشیاء میں امریکہ بھارت کے ذریعے چین کو کاؤنٹر کرنے کی کوشش کررہاہے جیسا کہ امریکہ بھارت کے ساتھ مختلف معاہدے کررہاہے جن میں ایٹمی ری ایکٹروں کی تعمیر،ایک دوسرے کے فوجی اڈوں کی استعمال کے دوسرے عسکری واقتصادی معاہدے بھی شامل ہیں اور بھارت سی پیک اورچین کے دوسرے تزویراتی لحاظ سے اہم منصوبوں کے ذریعے بھارت کے گرد ایک حلقہ بنانے کی چینی کوششوں کا توڑ پیدا کرنے کے لئے ایران کے ساتھ چابہار پورٹ کا معاہدہ کررہاہے تاکہ چاہ بہار پورٹ کے ذریعے وسطی ایشیاء کے قدرتی وسائل کے ذریعے اپنی اقتصادی ضروریات کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ چین کے اثر ورسوخ کوکم اورختم کرسکے اور یہاں یہ امربھی بعید از قیاس نہیں کہ ایران کے خلاف پابندیوں کا خاتمہ بھی اسی صورت حال سے جڑاہواہے تاکہ مستقبل میں بھارت ایران کے ساتھ معاہدات کرسکے اور بھارت ایران،افغانستان آپس میں معاہدات کرکے چینی کوششوں کو آگے بڑھنے سے روکا جاسکے، بھارت اقوام متحدہ میں ویٹو پاورحاصل کرنے کی کوشش میں ہے تاکہ اقوام متحدہ کے مستقل اراکین میں شامل ہوجائے اس لئے وہ اقوام متحدہ کے پانچ مستقل اراکین کے ساتھ اپنی تعلقات میں اضافہ کررہاہے، بھارت اپنی اسلحہ کا ساٹھ سے ستر فیصد روس سے حاصل کرتا ہے،تمام تنازعات کے باوجود چین کے ساتھ تجارت کررہاہے، بھارت سب میرین فرانس سے حاصل کررہاہے، برطانیہ سے بھی معاشی واقتصادی معاہدات موجود ہیں،امریکہ کے ساتھ تعلقات نہایت مضبوط ہیں۔





ٹرمپ نے اپنے الیکشن کمپیئن کے دوران ایک بات کہی تھی کہ وہ امریکہ میں چینی اثر کم کرے گا اسی بنیاد پر امریکہ چین تائیوان مسئلہ اٹھارہاہے تائیوان آج عسکری واقتصادی حوالے سے امریکہ کا اتحادی ہے لیکن دنیا نے تائیوان کو بطور ملک قبول نہیں کیا ہے ٹرمپ کی تائیوان کے وزیراعظم کوفون یہی عندیہ دیتا ہے کہ وہ one-china پالیسی سے نکل رہاہے جوکہ چین کے معاشی واقتصادی اثرورسوخ کوکم کرنے کی امریکی کوششوں کا غماز ہے۔

عالمی سیاست میں روس ایک بار پھراپنا مقام بنارہاہے آزادی کے بعد بھارت غیروابستہ تحریک سے منسلک ہونے کے باوجود نظریاتی طور پر روس کے ساتھ اپنی رشتہ قائم رکھا ہے کیونکہ نہرو کے سوشلسٹ نظریات کی وجہ وہ ابتداء ہی آپس میں اتحادی بن جاتے ہیں لیکن 1990 میں سوویت یونین کے انہدام سے روس اقتصادی وعسکری حوالے سے کمزور ہوجاتا ہے لیکن 2000ء سے روس اپنی معاشی وعسکری طاقت کی تجدید میں کامیاب ہوجاتا ہے تو اسی بنیاد پر روس کے بھارت سمیت مختلف ممالک کے ساتھ فوجی مشق ہورہے ہیں،اقتصادی معاہدات ہورہے ہیں،اس کے ساتھ شام،ایران،افغانستان میں اپنی اثر بڑھارہاہے اس تمام صورت حال کا تجزیہ یہی بتاتا ہے کہ دنیا یک قطبی کے بجائے کثیر قطبی طاقتوں کی صورت میں نمودارہورہاہے اس میں اہم بات یہ ہے کہ دنیامیں طاقت کا توازن امریکہ یا یورپ کے بجائے ایشیاء میں منتقل ہورہا ہے چونکہ طاقت کا ارتکاز اسی خطے میں منتقل ہورہا ہے تو مختلف جنگیں بھی اسی خطے میں چل رہی ہیں۔

بلوچ سرزمین نہایت اہمیت کا حامل ہے یہاں یہ سوال اہم ہے کہ دنیا کے مفادات یا اثرورسوخ کی جنگ میں بلوچ اپنی قومی مفادات کوکس طرح ہم آہنگ بناتا ہے تو ہمارے لئے کامیابی کے امکانات یقینی نظر آتے ہیں لہٰذا ہمیں بحثیت قوم دنیا کے مفادات کا مطالعہ اور تجزیہ کے ساتھ اپنی شرائط پر دنیا کے ساتھ معاملات طے کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ آج جس طرح ہمیں عالمی دنیا کی حمایت وتعاون کی ضرورت ہے اسی طرح عالمی طاقتوں کو بھی ہماری تعاون کی ضرورت ہے لہٰذا ہماری پالیسیوں کو جھکاؤ ایک طرف رکھنے کے بجائے کثیرالجہتی ہونے کی ضرورت ہے

اور بڑی طاقتوں کے ساتھ ساتھ اپنے ہمسائے اور چھوٹے ممالک کے ساتھ قابل بھروسہ پالیسی اور رشتہ قائم کرنے کی کوشش کریں۔ لیکن اس امر پر بحیثیت قوم ہمیں ژرف نگاہی، دوراندیشی اور اعلیٰ سیاسی بصیرت سے قومی پالیسیوں کا تعین کرنے کی ضرورت ہے تاکہ پاکستانی نسل کُشی کو روکنے، وسیع استحصالی منصوبوں کو ناکام بنانے اور قومی آزادی کے حصول کے لئے ہم کامیاب سفارت کاری کے ذریعے بڑے ممالک کے ساتھ ساتھ چھوٹے ممالک کا بھی سیاسی اور سفارتی مدد حاصل کرنے میں کامیاب ہوجائیں لیکن یہاں بلوچ قومی آزادی کے لئے برسرپیکار سیاسی اور مزاحمتی پارٹیوں کو جامع اور متوازن پالیسیوں کی ضرورت ہے، غیر متوازن اور ایک جانب جھکاؤ کی پالیسی ہماری مشکلات میں کمی کے بجائے اضافہ کا باعث بھی بن سکتا ہے ماضی میں سوویت یونین پر انحصار کی پالیسی اور یونین کے انہدام کے بعد ہماری قومی تحریک پر اس کے مضر اثرات ہماری بے عملی کا سبب بن گئے، اسی طرح ہم بارہا اقوام متحدہ سے مداخلت کی اپیل کرتے ہیں جو کہ بین القوامی برادری کا عالمی ادارہ ہے جس کا وجود ہی ایسے مسائل اور قومی تنازعات کا حل ہے اس کے ساتھ عالمی طاقتوں سے اپنی اثر ورسوخ استعمال کرکے بلوچ نسل کُشی پر روک لگانے کی مانگ بھی کی جاتی ہے مگر ایک فیکٹر کی جانب سے ایک ملک کو مداخلت کی دعوت دینا ناپختہ سیاست کا غماز اور قومی مفادات کے منافی ہے، جس سے دشمن آسانی کے ساتھ تحریک کو یا تحریک کے اُس جزو کو پراکسی قرار دے سکتا ہے اور یہ دشمن کے کام کو آسان کرنے کے مترادف ہے۔ قومی تحریک آج تمام پارٹیوں سے یہ تقاضا کرتا ہے کہ ان کی پالیسیاں بالیدگی اور اعلیٰ سیاسی معیار کی حامل ہوں جو متوازن اور بلوچ قومی مفادات سے ہم آہنگ ہوں، دنیا میں چلنے والی تمام تحریکوں کا تجزیہ یہ ثابت کرتا ہے کہ انہوں نے کسی حد تک بیرونی امداد پر ضرور انحصار کیا ہے مثلاً مقامی ہونے کے باوجود فیڈرل کاسترو کی سربراہی میں چلنے والے کیوبا کی تحریک، چین میں ماؤ کی قیادت میں چلنے والی تحریک کو سوویت یونین کا حمایت حاصل تھا اسی طرح ہماری تحریک کو مضبوط اور کامیاب ہونے کے لئے امداد کی ضرورت ہے لیکن ہم کسی بھی ملک یا طاقت سے ملنے والی امداد پر اپنے قومی مفاد کو ترجیح دیتے ہیں۔





# انقلاب فرانس پر مختصر نظر

☆ داد جان بلوچ ☆

**کہتے ہیں کہ بھوک افلاس بے حسی اگر انقلاب کو جنم نہ دے تو مجرم کو جنم دیتی ہے۔**

**انقلابی** حقائق کو ساتھ لیکر چلتے ہیں۔ ان کے پیچھے خام انسانی فطرت اور بھوک کے مارے خالی پیٹ ہوتے ہیں۔ یہی کچھ ہمیں فرانس میں نظر آتا ہے۔ 1794 سے 1789 کے پانچ فیصلہ کن برسوں میں بھوک کے مارے عوام حرکت میں آگئے۔ اُس وقت لوئس سیزدھم کا جانشیں اس کا پوتا لوئس چاردھم 1715ء میں تخت نشین ہوا اور اس نے 69 برس تک حکومت کی اور عوام پر ظلم کے پہاڑ توڑ دیئے، اور خود خوب عیاشی کی۔ لوئس چاردہم کی موت 1774 کو ہوئی اور اس کے بعد اس کا پوتا لوئس پازدہم تخت نشین ہوئے، لوئس پازدھم کی بیوی میری 'جو کہ آسٹریا کے شہنشاہ کی بیٹی تھی' کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ بادشاہوں کے خدائی میں یقین رکھتی تھی اور اُسے عام لوگوں سے سخت نفرت تھی۔ لوئس پازدہم اور اس کی بیوی نے بادشاہی کے تصور کو لوگوں کیلئے قابل نفرت بنانے میں کوئی دقیقہ فرو گزاشت نہ کیا۔

لوئس ایک بہت غاصب جابر اور ظالم حکمران تھا۔ بادشاہوں اور آمروں کا ایک سہارا فوجی قوت ہوا کرتا ہے فرانس میں بھی یہی کچھ ہوا سات سال کی یورپ کے ساتھ طویل جنگی کیفیت نے فرانس کی معیشت پر کاری ضرب لگائی، معیشت دیوالیہ ہونے کو تھی، پادری ٹیکسوں سے مستثنیٰ تھے، لیکن لوئس کو قرضوں کی ادائیگی اور دربار کی فضول خرچیوں کیلئے رقم درکار تھی عوام بے چارہ کدھر جاتے، محنت مشقت کرنے والے عوام کی حالت تو مسلسل ابتر ہو رہی تھی، کم بخت ٹیکسٹ دہندہ عوام کی تعداد اڑھائی کروڑ تھی جب کہ ان پر 2% آبادی بادشاہ اور پادری حکمرانی کر رہی تھی، انہی 98% عوام کی ٹیکس سے فرانس چل رہا تھا۔

ایک اندازے کے مطابق فرانس( 3 livre Billions) جواس وقت کی کرنسی تھی کی مقروض ہوگئی اس وجہ سے لوئس نے مزید ٹیکس لگانے کا فیصلہ کیا۔لوئس پازدھم کے دور حکومت میں فرانس کے عوام کی حالت ناگفتہ بہ تھی یہی وجہ تھی کہ بھوکے عوام نے ہنگامے شروع کردئے۔ 1777 کوحکومت کی طرف سے بتایا گیا کہ فرانس میں گیارہ لاکھ بھکاری ہیں،اس سے عوامی غربت کی ابتری کا بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

قرضہ اتنے بڑھتے جارہے تھے کہ اب بادشاہ کے پاس خرچہ کرنے کیلئے رقم کی کمی تھی جب کہ وہ پہلے ہی کئی طریقے سے عوام سے ٹیکس وصول کررہے تھے۔پہلی زراعت سے tithe نام سے ٹیکس لی جاتی تھی اور یہ چرچ کو دیا جاتا تھا اور taile نام کی ٹیکس بادشاہ کو ملتا تھا جب کہ ایک اور ٹیکس تھا جسے indirect ٹیکس کہتے تھے یہ۔ بادشاہ اور پادریوں چرچ کے لوگوں کی کھانے پینے اور خوراک کیلئے استعمال ہوتی تھی جب کہ ان کے زمینوں پر کسانوں سے بلا معاوضہ کام لیا جاتا تھا فرانس کے اسمبلی کوstate General کہا جاتا تھا لیکن یہ برائے نام اسمبلی تھی یہاں طبقہ کے حساب سے نمائندے برائے نام بیٹھے تھے جب کہ مطلق العنان حکمران لوئس ہی تھے ،حکمران طبقہ جنہیں ہم نوبل کہتے ہین نہ نوبل ٹیکس ادا کرتے تھے اور نہ پادری فرانس کی ٹیکس دھندہ لوگ عوام تھی جتنی ٹیکس لی جاتی تھی یہی ادا کرتے تھے اور جتنی پیسہ آرہا تھا وہ ان ہی غریبوں سے آرہا تھا۔

یہاں کچھ دانشور فلاسفر تھے جنہیں شاید کوئی نہ جانتا ہو۔ان میں سے ایکJohn lock تھا ،Lock خود UK سے تھے۔اس نے عوام کو نیا نظریہ دے دیا، تما لوگوں کو زندہ رہنے اور آزاد رہنے کا حق ہے اور تمام لوگوں کو جائیداد رکھنے کا حق ہے تمام لوگ اپنا کاروبار کرسکتے ہیں۔ یہ جان لاک کا نظریہ تھا۔ایک اور دانش ور لکھاری تھے جن کا نامjean_jacques تھا اور یہ خود سوئزرلینڈ سے تھے انہون نے عوام کی حالت زار پر اور بادشاہت کے خلاف ایک کتاب لکھی جس کا نام تھاSocial contrectاور یہ کتاب کافی مقبول ہوئی انہوں نے کہا کہ لوگوں کو آزادی چاہے قانون تمام لوگوں کیلئے ہونی چاہے، انصاف ہر کسی کی دسترس میں ہو۔





ایک اور فلاسفر Baren de Montesquieu تھے، انہی فلاسفروں نے عوام میں بیداری اور رائے عامہ کو ہموار کرنے میں بہترین کردار ادا کیا، اپنے آرٹیکلز اخبارات اور لٹریچر کے ذریعے عوام میں بیداری پیدا کرتے رہے۔ جب کہ فرانس کے لوگ انقلاب امریکہ سے بھی متاثر ہونے لگے۔فرانسی فلاسفروں کے ان خیالات اور تصورات نے انقلاب پر قوی اثر کیا۔

فرانس سے جنرمارک امریکہ کی انقلاب میں حصہ لے چکے تھے اور انہوں نے فرانس آکر عوامی موبلائزیشن شروع کی، انہوں نے کہا کہ جب امریکی لوگ انقلاب لاسکتے ہیں تو ہم بھی انقلاب کیلیے جدوجہد کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم اس بادشاہت کو اکھاڑ پھینک سکتے ہیں جو کہ ہماری خون پسینہ سے عیاشی کرتی ہے جب کہ ہماری حالت روز بدتر ہوتی جارہی ہے اور اوپر سے مزید ٹیکس لگانے کی مطالبہ ہورہی ہے۔

جب کہ بادشاہ نے 1789 4 may برائے نام جنزل اسمبلی کی میٹنگ بلائی۔اس اجلاس کا مقصد مزید ٹیکس لگانا تھا جب کہ اس مقصد کیلئے بادشاہ لوئس نے Jacques necker کو اپنا مشیر مقرر کردیا اور اس کے ساتھ پادری طبقہ سےmirabeau تھے۔ Jacques neckerنے بادشاہ کے حکم کے برخلاف تما طبقہ بشمول نوبل او پادریوں پر ٹیکس لگانے کی مطالبہ کردی جب کہ عوام تو پہلے ہی یہ مطالبہ کررہے تھے۔جب لوئس نے دیکھا کہ معاملہ الٹ ہورہاہے تو انہوں نے نیکر کو بلاکر عہدہ سے فارغ کردیا کیوں کہ بادشاہ اور پادری نہیں چاہتے تھے کہ ان پر ٹیکس لگائی جائے۔کونسل میں جو کچھ عوامی نمائندوں نے کیا وہ لوئس کیلئے ناقابل برداشت تھا۔اس نے سب کو اجلاس سے باہر نکال دیا وہ سب فورا ٹینس کورٹ میں جمع ہوئے اور سب نے عہد کیا کہ ہم ایک آئین بنائینگے اس واقع کو( اوتھ آف دی ٹینس ) کہا جاتا ہے انہوں نے 17June1789 کو tennis court کی جگہ اپنی نیشنل اسمبلی بنائی اور انہوں نے اعلان کیا کہ قانون سازی ہم کرینگے کیونکہ ہم خود ٹیکس دیتے ہیں فرانس ہمارے ٹیکس سے چلتاہے اس لئے ہمیں حق ہے اور فیصلہ ہم خود کریں

گے۔ انہوں نے یہیں سے حلف لے لیا اس لئے اسے لوگ tennis court oath کہتے ہیں۔ جب یہ مرحلہ آیا تو بادشاہ نے اپنے سپاہیوں کو باغی ارکان کو منتشر کرنے کا حکم دیا لیکن سپاہیوں نے طاقت کے استعمال سے انکار کردیا، بادشاہ لوئس خوف زدہ ہوکر محل میں چلا گیا، اور پھر اس نے اپنے معمول کی حماقتوں میں ایک اور اضافہ کرتے ہوئے غیر ملکی فوجیوں کو اپنے عوام پر گولی چلانے کیلئے منگوالیا، عوام میں صبر کی حد ختم ہوگئی۔ عوام نے 14 جولائی 1789 کو پیرس میں ہنگامہ کھڑا کردیا اور عوامی ہجوم نے 14 جولائی 1789 کو بیسٹائل جیل پر حملہ کردیا بیسٹائل کے قید خانہ پر قبضہ کرکے تمام قیدیوں کو رہا کردیا (14 جولائی کو فرانس میں قومی دن کی مناسبت سے منایا جاتا ہے یہ بیسٹائل جیل پر حملہ کا دن ہے)

یہ پورے فرانس میں لوئس کے خلاف انقلاب کی نشانی تھی اسی خوف سے لوئس نے بربریت شروع کردی۔

عوامی نمائندوں کے گھروں کو آگ لگانا، عوام کو جیلوں میں ڈالنا قتل کرنا شروع کردیا۔ فرانس ایک جنگی قتل گاہ کی شکل اختیار کرگیا۔ جب کہ عوام میں جزبہ مزید مستحکم ہوتی جارہی تھی۔ یہیں سے فرانس میں ایک، قدیم شہنشاہیت، جاگیردای اور مراعات کی نظام کا خاتمہ اسی انقلاب سے ہی ممکن ہوا اور یہ انقلاب کی جانب پیش قدمی کی شروعات تھی۔

اس کے بعد عورتوں نے ایک مارچ شروع کرکے لوئس کے محل کا گھیراو کیا، ان کی تعداد ہزاروں میں تھی۔ یہ صورتحال دیکھ کر لوئس بھاگ جاتا ہے لیکن پھر احتجاجی عورتوں کی سخت موقف کی وجہ سے مجبوراً اسے واپس آنا پڑتا ہے اور آتے ہی لوئس کو گرفتار کرکے قیدی بنائی جاتی ہے۔

یہاں نیشنل اسمبلی ایک قرار دار پاس کرتی ہے، لوئس خاندان اور پادریوں کی زمینون کو قرضہ جھکاوء کیلئے بھیج دی جائیگی اور عام لوگوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ اسمبلی چرچ کو سیکولر بنانے کا فیصلہ بھی کرتی ہے۔ موقع ملتے ہی lous خاندان کے ساتھ بھاگنے کی کوشش کرتی ہے اور پھر varrennes فرانس کے مقام پر دوبار پکڑا جاتا ہے اور دوبارہ قیدی بنایا جاتا ہے





جب کہ یہ خوف یورپ کے دیگر ریاستوں میں پھیل جاتی ہے کہ کہیں ان کے ہاں عوامی انقلاب برپا نہ ہو۔ انقلاب کے شعلے ان تک نہ پہنچیں اس خوف سے King of Austria اور لوئس کے بھائی جو بھاگ کر آسٹریا گئے تھے یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ pressia king of لوئس کی مدد کی جائیگی اور انقلاب کو کچلا جائے گا یہ Pilniz کے مقام پر ایک decleration پر دستخط کرتے ہیں۔ اس میں یہ تمام باتیں موجود ہوتی ہیں کہ لوئس کی مدد اور انقلاب کو کچلنا لوئس کو آزاد کرکے دوبارہ بادشاہ بنانا۔

اور اس بات کا پتہ چلتے ہی نیشنل اسمبلی ایک قرار دار پاس کرتی ہے کہ آسٹریا کے ساتھ جنگ کی جائیگی اور اس کے لئے وہ اٹھارہ سال سے پچیس سال تک کی عمر کے لوگوں کی بھرتی کرتے ہیں اسے the war of first coalation کہا جاتا ہے جب کہ جنگ مزید تیز ہوجاتی ہے اور لوئس کو اقتدار تو نہیں ملتی البتہ ان کی اقتدار اور بادشاہت کے خاتمے کا عواما علان کرتی ہیں۔ اور یہیں سے لوئس کی بادشاہت کے دن ختم ہوجاتے ہیں اور فرانس کی ریپلک ہونے کی اعلان کی جاتی ہے۔

21sep 1792 کو نیشنل اسمبلی کی میٹنگ ہوجاتی ہے جسے National convention کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اسی کنونشن میں یہ فیصلہ لیا جاتا ہے کہ فرانس ریپبلک ہوگا، بادشاہت کا خاتمہ کیا گیا۔ تمام فیصلوں کو قانونی شکل دی گئی۔ نیشنل اسمبلی کے ممبران کا تعلق عوام سے تھا، لیکن ان میں دو گروپ ابھرے ایک (Jacobins) دوسری (giraundi) گروپ تھیں ان دونوں گروپوں کا تعلق عوام سے تھا۔

جیکوبین کا لیڈر Robespierre تھے یہ قانون دان تھے یہ ریڈیکل خیالات کے مالک قدرے سخت موقف رکھنے والے تھے اس نے انقلاب میں قائدانہ کردار ادا کیا تھا لہذا اس کی قائدانہ صلاحیت یا پھر نیت پر کوئی شک نہیں کرسکتا تھا۔ اس گروپ کا مطالبہ تھا کہ غداری کرنے والوں کو سرعام گولی ماری جائی یا پھر پھانسی دی جائی اور جب کہ جیرونڈک گروپ قدرے نرم اور مذاکرات پر یقین رکھنے والے تھے۔ جیکوبین گروپ پرانے گند کو صاف کرنے کیلئے

dictitor ship کا مطالبہ کررہی تھی۔ وہ اس میں کامیاب بھی ہوئے، کنونشن جو کہ جیکو بین کی پارٹی تھی گروپ کو جیکو بین کہا جاتا ہے ان کے ایکر کن Dr joseph نے غداری کی سزا اور مجرموں کی سزا کیلئے ایک قرارداد پیش کی کہ ان کو Guillotine کیا جائے۔ یہ ایک مشین تھی جو کہ سر کو جدا اور تن کو الگ کرتا تھا جسے Guillotine کہتے تھے یہ اس ڈاکٹر کا نام تھا Dr joseph Guillotine جو کہ Guillotine کی نام سے مشہور ہوئی جب کہ 21jan 1793 کو لوئس کو فیملی کے ساتھ Guillotine کردیا گیا۔ اب شاہ لوئس چلا گیا۔ جب زیادہ تعداد کی اس طرح وحشیانہ پھانسی سے عوام میں خوف کی لہر دوڑنا شروع ہوگیا اور Robespierre ایک عامر ظالم ڈکٹیٹر بن گئے۔ انہوں نے اپنے مخالفین کی بھی Guillotine شروع کردی۔ جب عوام نے احتجاج شروع کیا تو احتجاجیوں کی ڈر سے اگر چہ Robespierre نے the committies of public safety بنائی تاہم اس کے اختیارات بھی آمرانہ تھے۔ یہ پانچ ممبران تھے جو کہ Guillotine کا فیصلہ کرتے تھے وہ غدار ہوتے یا مخالفین، یا پالیسیوں کی مخالفت کرنے والے ہوتے، اس کمیٹی کا طریقہ کار بس یہی تھی Guillotine کرکے سر الگ کرنا۔ ایک سال تک اس کمیٹی نے ہزاروں لوگوں کو Guillotine کیا۔ اس سال کو تاریخ میں the reign of terror کہا جاتا ہے۔ پھر ہوا یوں کہ جس شخص نے سزا کا یہ نظام بنایا تھا اسی اژدھا نے رُخ موڑ دیا 27 جولائی 1794 کو Robespierre کو خود Guillotine نے نگل لی۔ Robespierre خود the reign of terror کی آخری شکار ہوئے۔

اگست 1795 کو ایک نیا آئین بنائی جاتی ہے اور اس میں سے آمرانہ قوانین کو ہٹایا جاتا ہے اور ایک نئی Directory سسٹم کی اعلان کی جاتی ہے جس کے چلانے والے پانچ لوگ ہوتے ہیں۔ ایک exacutive برانچ بھی بنائی جاتی ہے لیکن یہ لوگ اتنے ناتجربہ کار ہوتے ہیں کہ انہیں سرکار کرنے یا قانون سازی کی فن نہیں آتی اس وجہ سے فرانس مزید بحرانوں کی طرف جانا شروع کردیتا ہے





ان کی طرز حکمرانی جیکو بین سے بدتر ہوجاتی ہے کیونکہ ان کے جو ڈائریکٹرز ہوتے ہیں، وہ من پسند اور لوئس کی طرز اپنے خاندان والوں کیلئے دروازے کھول دیتے ہیں جب کہ عوام کو کوئی فائدہ نہیں ہوتی ان کی زندگی بدتر ہوجاتی ہے۔ لوئس کی حکومت کی طرح یہاں خوراک کی کمی اور معاشی بحران مزید سر اٹھاتا ہے۔ اس ساری صورتحال کو دیکھتے ہوئے Napoleon ان کے خلاف اعلان جنگ کرتا ہے۔ نپولین ایک فوجی جنرل تھے اور انقلاب فرانس میں بڑھ کر حصہ لینے اور آسٹریا کے خلاف لڑنے اور بہادری کی وجہ سے وہ بہت مشہور تھے۔ نپولین ایک ایسا نجات دہندہ ہیرو تھے جس نے انسانیت کو بہت سے بندھنوں سے آزادی دلائی وہ ایک غیر معمولی عظیم جنرل تھے۔ نپولین انقلاب کا بیٹا تھا۔ Napoleon ڈائریکٹری نظام کو ختم کرنے میں کامیاب ہوجاتا ہے۔ Napoleon پھر خود 1804 کو کنگ آف فرانس بن جاتی ہے لیکن اس کنگ کے پاس لوئس جیسی پاور نہیں ہوگی انقلاب کا یہ فائدہ ہوا کہ absolutitism کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ عوام اپنا فیصلہ کرنے میں آزاد ہوجاتے ہیں ۔لوگ پراپرٹیز کے مالک بن جاتے ہیں، جب کہ fundamintal of right ،freedom اور equelity لوگوں کو مل جاتی ہے۔ بے تحاشہ قربانیوں کے بعد بالاخر عوام اپنے حقوق حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں، اور اپنے ملک کے حقیقی مالک حکمران بن جاتے ہیں۔

# لکی! رخصت اف آوار اُں سنگت

☆چراگ بلوچ☆

**لکی** یار ایک دوست اور نظریاتی سنگت ہونے کے ناطے گزشتہ دس مہینوں کی کارکرگی کا ذکر کرتا چلوں کہ اس دوران دس میں نے کیا کام سرانجام دیا ہے۔ جب سے آپ لا پتہ افراد کی لسٹ میں شامل ہوں گئے ہیں، تب سے میں روز خود کو کوستا ہوں، کہ کیسا دوست ہوں آپ سے اگر چہ مل نہیں سکتا لیکن آپ سے مکالمہ تو کرسکتا ہوں۔ اس لئے آج میں نے پکّا ارادہ کرلیا ہے کہ آپ سے مکالمہ کروں گا تا کہ آپ کی گمشدگی کا غم غلط کرسکوں۔ مگر اس دوران یہ مشکل پیش آئی کہ دس مہینوں کا قصہ کہاں سے شروع کروں، سوچ و بچار کے بعد فیصلہ کیا کہ گزشتہ دس مہینوں سے جو اہم سیاسی واقعات رونما ہوئے ہیں، انہیں آپ کے ساتھ شیئر کروں، مگر آپ کو تو میری کاہلی کا بخوبی اندازہ ہے کہ میں کتنا سست الوجود ہوں۔ میں آج اور کل میں پھنس چکا تھا کہ میرے اور آپ کے مشترکہ کولواہ کے دوست دوستیں نے پہل کر کے آپ کو موجودہ سیاسی حالات سے آگاہی دلائی، اس لئے میں نے فیصلہ کیا کہ اس دوران میں نے جو کتابیں پڑی ہیں، ان کا زکر سرسری طور پر آپ سے کروں، کیوں کہ مجھے معلوم ہے آپ نے دس مہینوں سے کتابیں نہیں پڑی ہے۔

لکی، میرے ہمبل آپ کو یہ تو معلوم ہوگا کہ جب آپ لا پتہ ہوئے تو مجھ سمیت تمام دوست تقریباً ایک مہینے تک کچھ کرنے کی اور لکھنے کی حالات میں نہیں رہے تھے۔ دوستوں نے بہت کوشش کی، مگر انہیں آپ کی عدم موجودگی کی وجہ سے الفاظ بھی اچھی طرح سے ساتھ نہیں دے رہے تھے۔ مجھے تو اب بھی مناسب الفاظ نہیں مل رہے ہیں کہ کیسے آپ کو مخاطب کروں۔ ایک فقرہ مشہور ہے کہ دوستی میں کوئی احسان نہیں کرتا بلکہ دوستی نبھاتا ہے، لیکن میں اس بات کا





قائل نہیں، آپ ایک دوست ہو، ایک محسن دوست۔ اس لئے میں یہ انصاف نہیں کرسکوں گا کہ جو کچھ میں نے پڑھا ہے یا محسوس کیا ہے انہیں ہوبہو بیان کرسکوں۔

لکی، میں نے آپ کی گمشدگی کے ایک مہینے بعد جو پہلی کتاب پڑھا، وہ ایک مہروان دوست کا تحفہ تھا جسے ترکی کے شہرت یافتہ ناول نگار اورحان پامک کا سفید قلعہ تھا۔ اسے آپ نے بھی شاید پڑھا ہے۔ شاید اس لیئے کہ آپ نے اس کے پڑھنے کا زکر مجھ سے نہیں کیا ہے۔ پامک نے اپنے اس ناول میں زمانہ قدیم کے ممالک اور اُس وقت کے حکمرانوں کی خواہشات ، دولت کی ہوس، ایک دوسرے کے ساتھ تجارت ، سمندری راستوں پر اُس وقت کے ممالک کی آپس میں لوٹ ماری کو ایک خوبصورت طریقے سے بیان کیا ہے۔ ناول کچھ اس طرح ہے کہ ناول کا کردار کہیں سفر پر جا رہا ہوتا ہے کہ راستے میں ترکی کے بہری بیڑے کے مسلح قذاق انکی لانچ پر اچانک ہلہ بول دیتے ہیں اور جہاز کے تمام ارکان انکے قیدی بن جاتے ہیں، وہاں لوٹ مار کے بعد تشدد کرنے کے دوران ناول کا مرکزی کردار خود کو ایک کتاب پڑھنے میں مصروف کردیتا ہے تا کہ تشدد اور جیل کے وقت یہی کتاب کے خیال اسے پریشانی سے بچائے رکھے۔ دوران مطالعہ وہ بھی گرفتار ہو جاتا ہے تو اس سے پوچھا جاتا ہے کہ آپ کون ہو، کیا جانتے ہو؟ وہ تشدد سے بچنے کی خاطر کہتا ہے کہ میں جہاز کا ماہر فلکیات ہوں میں استاروں کو دیکھ کر جہاز کی سمت کا تعین کرتا ہوں، تو اسی مناسبت سے مار پیٹ سے بچ جاتا ہے، دوران سفر مذید بخشش حاصل کرنے کی غرض سے کہتا ہے کہ میں ڈاکٹر بھی ہوں۔ اسکی ان صلاحیتوں دیکھ کر اسے شاہی دربار پر لے کر جاتے ہیں وہاں وہ شاہ کے قیدیوں کا علاج کرتا ہے جب شاہ کو معلوم پڑھتا ہے کہ اسکے نئے آنے والے غلاموں میں سے ایک ماہر امراض ہے تو شاہ خوش ہوتا ہے۔ کیونکہ شاہ خود کسی مرض کا شکار ہوتا ہے مگر کسی سے اسکا زکر نہیں کرتا۔ اس نئے قیدی کو بادشاہ کے حکم سے وہاں لے جایا جاتا ہے، وہاں وہ بادشاہ کا اعلان کرنا شروع کردیتا ہے۔ اس غلام کے ہنر سے متاثر ہوکر بادشاہ اس غلام کو ایک ’’آزاد غلام‘‘ کے ہاں بیجا جاتا ہے تا کہ وہ اُس کی علم میں اپنی علم سے اضافہ کرسکے۔ وہاں اس پر ذہنی تشدد کے ساتھ ساتھ جسمانی تشدد

بھی کیا جاتا ہے۔تشدد کے دوران نیا غلام یہی سوچ رہا ہوتا ہے کہ اُس کے خاندان والے آئیں گے اور اس بادشاہ کی غلامی سے نجات دلائیں گے ،مگر اسے آزادی کبھی نصیب نہیں ہوتی بلکہ بادشاہ اس کو ایک آزاد غلام کی حیثیت دے کر اپنے پاس رکھتا ہے ، اسی حالت میں ناول اپنے اختتام کو پہنچتا ہے ۔

کہتے ہیں کہ بہترین ناول وہی ہے جو پڑھنے والے کو تجسس میں مبتلا کرے ،آپ کی گمشدگی کے بعد جو دوسری کتاب میں نے پڑھا، وہ بھی ایک ناول ہی تھا۔ یہ ناول فیودر دوستوفسکی کا’’ پاگل کی ڈائری‘‘ تھا۔ یہ کتاب آپ نے یقیناً پڑھا ہوگا،لیکن قصہ بیان کرنے میں کیا حرج ہے۔اس ناول کو پڑھتے ہوئے یہ خیال ذہن پر حاوی ہوجاتا ہے کہ اس کا مرکزی کردار میں خود ہوں۔اس ناول کا قصہ ہر شخص ہے، ایک عام انسان جو ضدی بھی ہے، جو دوستی کرتا ہے، جو نفرت کرتا ہے، جو پریشان ہوتا ہے،غرض کہ پڑھنے والا اس کتاب کو پڑھتے ہوئے ایسا محسوس کرتا ہے کہ وہ اپنے بارے میں ہی پڑھ رہا ہے۔کتاب کا نام ایک پاگل کی ڈائری ہے، جیسے فیودر دوستوفسکی نے پڑھنے والوں کو ابہام میں رکھا ہے کہ کردار کوئی خاص نہیں ہے مگر یہ کردار شاہد آپ کے اردگرد میں پایا جاتا ہے ۔وہاں ذکر کچھ اس طرح ہے کہ نامعلوم کردار خود میں ایک بحث کو چھیڑتا ہے کہ میں تو ہر فن مولا ہوں ،کبھی کہتا ہے کہ میں بلکل ناچیز ہوں،ایک عام انسان، جو چھوٹی کامیابی سے بہت زیادہ خوش اور چھوٹی سے ناکامی سے مایوس ہوجاتا ہے۔اسی کش مکش میں ناول اپنے اختتام کو پہنچ پاتا ہے ،نامعلوم کردار آخر تک یہ تعین کرنے میں ناکام رہ جاتا ہے کہ مجھ میں کونسی صلاحیت پائے جاتے ہیں؟ اور میں کیا کرسکتا ہوں؟

پاگل کی ڈائری پڑھنے کے بعد ارادہ کرلیا کہ اب کسی ناول کو اٹھانے کے بجائے تاریخ کی ایک کتاب پڑھوں گا۔ تاریخ ایک ایسا مضمون ہے جو کسی لگی لپٹی کے بغیر گزرے واقعات کی کرداروں کو جارحانہ طور پر بے نقاب کرتا ہے۔ ایسے کرداروں کو پڑھنا دلچسپی سے خالی نہیں جنہیں تاریخ نے بے رحمی سے غدار،ضمیر فروش،قوم دشمن،وطن دشمن ،اور نالائق کے القابات سے نوازے ہیں۔ تاریخ کا مضمون اس لئے بھی اہم ہے کہ دوسرے اقوام اور لوگوں کے





بارے میں مطالعہ کر کے ان کی جدوجہد ،دوران جدوجہد انکی کامیابیوں اور ناکامیوں کے اسباب نظر سے گزرتے ہیں، ان کو جان کر کسی حد تک اُن کی کمزوریوں کو دہرانے سے بچا جا سکتا ہے۔ قابض اپنے مقبوضہ علاقوں کے لوگوں سے کیا چاہتے ہیں یا اُن کے ساتھ قابض کا رویہ کیسا ہوتا ہے، یہ بھید بھی تاریخی کا مطالعہ کھولتا ہے۔تو اسی مناسبت سے سبط حسن کی انقلاب ایران کی تاریخ پر کی جانے والی تصنیف کو منتخب کیا۔ اس کتاب کو پڑھ کر اس بات پر یقین محکم ہوگیا کہ انقلاب کی قیمت آسان نہیں ہوتی ہے۔قابض جس نوعیت کا بھی ہو، وہ اپنی اجارہ داری کو قائم رکھنے کی غرض سے ہر جگہ کم وبیش یکساں جبر روا رکھتے ہیں۔انقلاب ایران کا مطالعہ جدوجہد کی پیچیدگیوں، مشکلات اور حاکم کی جبر کو واضح الفاظ میں ظاہر کردیتا ہے، حالانکہ ایرانی انقلابیوں اور بلوچ جہد کاروں میں نظریاتی حوالے سے دن رات کا فرق ہے، لیکن یہاں جو چیز مشترک ہے وہ بلوچوں پر پاکستان کی جارحیت اور ایرانی انقلابیوں کے خلاف اُس وقت کے شاہ اور اس کے خفیہ ساواک کی بربریت ہے۔اس کتاب کو پڑھنے کے بعد میں نے اپنی دانست میں ایران کے شاہ اور پاکستان کے حکمرانوں کا تقابلی جائزہ لیا تھا، اُس جائزے میں یہ بات واضح ہوگئی کہ حکمران طبقہ جب کسی قوم یا گروہ کو اپنی راہ میں مزاحم پاتا ہے تو ہر قسم کے جبر کو اپنا صوابدیدی اختیار سمجھتا ہے۔ ایران کی شاہ کے خفیہ دستوں نے ہزاروں لوگوں کو غائب کیا، ایرانی باغیوں اور اُن سے ہمدردی رکھنے والوں کی گھروں کو مسمار کیا، بہنوں اور ماؤں پر بے تحاشا ظلم ڈھائے، پاکستان بھی بلوچستان میں یہی سب کچھ کررہا ہے، اس کتاب میں سبط حسن نے ایک ایسی تشدد کی منظر کشی کی ہے کہ بلوچوں کی موجودہ نسل اسی طرح کی تشدد کا عملاً شکار ہے۔جب میں سبط حسن کی انقلابِ ایران پڑھ رہا تھا تو ایسا محسوس ہوتا تھا کہ ساواک کے اذیت گاہوں میں اذیت سہنے والے آپ، چیئرمین زاہد، ذاکر مجید، دین جان،غفور، حاصل ،رمضان ،ارشاد،وسیم سمیت تمام بلوچ اسیران ہی کے متعلق پڑھ رہا ہوں۔ایسا محسوس ہوتا تھا کہ اُن لوگوں سے ہمارا ایک روحانی رشتہ ہے۔

ھمبل! اس کتاب کے بعد ایک مہربان دوست نے ارشد محمود کی کتاب ’’ ثقافتی گھٹن اور

پاکستانی معاشرہ'' گفٹ کیا، ویسے کتاب سب سے بہترین تحفہ ہوتا ہے۔ ارشد محمود انسانوں کے اس بے حس ہجوم کو حقیقت پسندی پر مبنی تجزیہ کرتا ہے، اپنی کتاب میں ارشد محمود لکھتا ہے کہ پاکستانی معاشرے کی جمود کی وجہ ریاستی پالیسوں میں مذہبی بیانیہ ہی ہے، انہی پالیسوں کی وجہ سے معاشرہ ترقی کے بجائے تنزلی کی جانب حرکت پزیز ہے۔ پاکستان کے تمام ادارے بشمول تعلیمی ادارے جہاں ترقی کے راہیں متعین ہوتی ہیں، وہاں ترقی پسندی کے رجہانات قدرے زیادہ پائے جاتے ہیں، وہاں روشن خیالوں کا بسیراا ہوتا ہے، آج کل یہ ادارے بھی مذہبی دخل اندازیوں کی وجہ سے ترقی پسندی کے بجائے رجعت پسندی کے اڈے بن چکے ہیں۔

لکی، ویسے میرے مطالعہ کرنے کا رفتار سست ہے، لیکن آپ کی گمشدگی کو اب ایک سال سے زائد ہو چکا ہے، اس دوران میں نے مندجہ بالا کے علاوہ بھی چند چھوٹی بڑی کتابوں کا مطالعہ کیا جن میں ایک پاکستانی صحافی فیض اللہ خان کی ہے، جو طالبان کے ترجمان احسان اللہ احسان کو افغانستان میں انٹریو کرنے کی غرض سے جاتا ہے تو وہاں جاسوسی کے شبے میں گرفتار ہوتا ہے۔، وہ اپنے گزرے ہوئے واقعات کو ایک کتاب 'ڈیورنڈ لائن کا قیدی' کی شکل میں قلم بند کرتا ہے۔ ایک اور چھوٹی کتاب شردل غیب کا ایک ناوُلٹ ''آخری خط'' بھی پڑا، شیر دل غیب ایک بلوچ تخلیق کار ہے۔ اس کے بعد پاوُلو کوئیلو کا ناول ''سپاہی'' پڑھا، یہ ایک کمال کا ناول ہے جس میں ماتا ہاری اپنے قوم وملت کی خاطر شہادت نوش کر لیتی ہے مگر قومی رازوں کو پاش نہیں کرتی ہے۔ وہ ایک حقیقی قومی ہیروہیں بن جاتی ہے، جب میں یہ ناول پڑھ رہا تھا تو بلوچستان کی آزادی کے لئے پابند سلاسل قیدیوں اور اُن کی تشدد سے مسخ شدہ لاشوں کے واقعات یاد میرے آنکھوں کے سامنے گھومنے لگے۔ انسانی ذہن میں شاید ایک خود کار سسٹم موجود ہے کہ وہ متعلقہ واقعات کا لاشعوری طور پر تقابل کرنے لگ جاتا ہے۔ اس کتاب کے واقعات اور ہماری عملی زندگی میں رونما ہونے والے واقعات میں یکسانیت نے میری تجسس بڑھا دی اور میں بے اس کتاب کے آئندہ واقعات کو جاننے کے لئے بے چینی کی کیفیت میں مبتلا ہو گیا۔ اس ناول کا کردار ماتا ہاری اپنے وطن کے لئے شہید ہوتا ہے، ایسا صرف ماتا ہاری





کے ساتھ نہیں بلکہ ہر اُس شخص کے ساتھ ہوسکتا ہے جو اپنے وطن کے لئے جدوجہد کر رہا ہے۔ ایسے کرداروں کو بلوچستان کا تقریباً ہر شخص جانتا ہے جو کل تک ہنستے کھیلتے زندہ نوجوان تھے اور آج 'شہید' ہیں۔

شیر دل غیب کا ناولٹ پڑھنے والوں کے مطابق مصنف کی عشقی داستان ہے۔ تخلیق کار کا کمال یہی ہے کہ وہ واقعات کی اس طرح منظر کشی کرے کہ واقعات عملی زندگی سے ہم آہنگ ہوں، شاید اسی وجہ سے شیر دل غیب پر یہ 'الزام' لگتا ہے کہ یہ ناولٹ اس کا اپنا عشقی داستان ہے۔ بہر حال جو بھی ہو، یہ ناوُلٹ عشق ومحبت کا داستان ہونے کی وجہ سے آج کل کے یونیورسٹی اور کالجز کے نوجوانوں کو خوب اپنی طرف کھینچ لاتی ہے۔ شیر دل چونکہ بلوچستان کا تخلیق کار ہے، اس لئے اُس کی تحریر میں بلوچستان کے واقعات کا تذکرہ بھی ملتا ہے، اس لیے تعریف کا بھر پور حق رکھتی ہے۔

لکی، میں نے بہت سے دوستوں کی زبانی جارج آرویل کے ناولوں کا تذکرہ سن رکھا تھا تو آپ کو پتہ ہے کہ ہمارے دوست اتنے مہربان ہیں کہ جب کسی کتاب کا نام لو تو وہ کتاب چند لمحوں آپ کے ہاتھ میں ہوگی۔ جب میں نے جارج آرویل کا ناول اینمل فارم کا نام لیا تو کسی دوست نے اسی دن دلوایا۔ یہ ناول فرضی کرداروں پر مشتمل ایک شاہکار ہے، اس ناول کے سارے کردار کسی فرضی نظریے کے لئے یکجا ہوتے ہیں اور پھر ان میں پھوٹ پڑتی ہے۔ کردار کچھ اس طرح ہیں کہ جانور انسانوں سے بیزار ہو کر بغاوت کر دیتے ہیں مگر وہاں اُن میں آپسی رسہ کشی اور انسانوں کی مکاری اُنہیں ایک دوسرے کے خلاف کر دیتے ہیں۔ کتے اور سور جو کہ اس فرضی نظام میں اثر و رسوخ کے مالک ہوتے ہیں انکی آپس میں ٹکراوُ ہو جاتی ہیں اور یہ ٹکراوُ انکے اُن کے نظام کی ناکامی کا سبب بنتا ہے۔ انکی خواب ہوتی ہے کہ وہ اپنے لئے ایک عمارت تعمیر کریں گے مگر وہاں چاروں طرف سے سازشی عناصر درمیان میں آکر انکی تمام خوابوں پر پانی پھیر دیتے ہیں اور وہ آپس میں لڑ کر اپنی دنیا قائم کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔

کامریڈ اس ناول کے مطالعہ کے بعد جی چاہ رہا تھا کسی اچھے لکھاری کا تاریخ کے موضوع پر لکھے گئے ایک کتاب پڑھ لوں ۔ایک دن دوستوں کی محفل میں اوریانا فلاشی کی کتاب کا تذکرہ ہوا تو اسے پڑھنے کا ارادہ کرلیا۔ اس کتاب کو حاصل کرنے کے بعد تقریباً چند ہی دنوں کے اندر ختم کرلیا۔ کتاب کا نام انٹرویو ود ہسٹری ہے اور اس کا اردو ترجمہ 'تاریخ کا دریچہ' ہے۔ یہ کتاب اپنے اندر ایک مکمل تاریخ ہے جو بیسیوں صدی کے اہم ترین شخصیات کی انٹرویوز پر مشتمل ہے۔اس کتاب میں انڈیا کی بہادر لیڈر اندرا گاندھی کا انٹرویو بھی موجود ہے۔اس کتاب میں جتنے بھی اشخاص کے انٹرویوز موجود ہیں، اُس وقت کے حالات و واقعات کے حوالے سے اُن کا اپنا نقطہ نگاہ بھی ہے۔ ان انٹرویوز کو پڑھ کر کسی حد تک اُن شخصیات کو سمجھا جا سکتا ہے جو جنگوں کا سبب یا امن معاہدات کی وجہ بنے۔ اس کتاب میں اسرائیل کی متاثر کن شخصیت 'آئرن لیڈی' گولڈا مئیر اور فلسطین کے جنگجو یاسر عرفات کی انٹرویوز بھی شامل کیے گئے ہیں۔ یہ دونوں شخصیات تاریخی حوالے سے ایک دوسرے کے حریف ہیں، اس لئے فلسطین اور اسرائیل کے درمیان ہونے والی طویل مذاحمت، اس کے حل اور اسباب کے حوالے سے ان کا اپنا نقطہ نگاہ ہے۔ یاسر عرفات اسرائیل کو تسلیم کرنے کے بجائے جنگ پر آمادہ ہے، گولڈا مئیر اُن علاقوں سے پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں جن پر انہوں نے عربوں کو پسپا کر کے قبضہ کیا تھا۔ یاسر اور گولڈا مئیر آج اس دنیا میں نہیں لیکن فلسطین اور اسرائیل کا مسئلہ اب بھی جوں کا توں ہے۔

فلاشی نے جارڈن کے شاہ حسین کو بھی انٹریو کیا تھا کیونکہ اسرائیل اور عرب جنگ میں مصر کے ساتھ جارڈن بھی جنگ میں شریک تھی، جنگ ہارنے کے بعد فلسطین کے گوریلہ دستوں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ ساتھ فلسطین سے بڑی تعداد میں عوام نے بھی نقل مکانی کر کے وہاں پناہ لیا ہوا تھا۔ یہ پناہ گزین جارڈن کے لئے مصیبت تھے کیونکہ وہ جارڈن کے شاہ کو ایک حکمران نہیں مانتے تھے وہاں پناہ گزین ہو کر بھی خود کو خودمختار کرنا چاہتے تھے اس لئے جارڈن نے انہیں مار بھگا دیا تھا۔ دوسری بات جارڈن کا اسرئیل کے ساتھ بھی تضادات تھے۔ انٹرویو میں شاہ حسین فلسطینی پناہ گزینوں کی طرف سے پیدا کی جانے والے بدامنی کو تسلیم کرنے سے





ہچکچاتی ہے۔لیکن بعد میں شاہ حسین خود فلسطینوں کو زبردستی جارڈن سے نکال باہر کرتی ہے۔

اس کتاب میں اوریانا ہنری کسنجر کا انٹرویو بھی شامل کرتی ہے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب امریکہ ویتنام کی جنگ میں بری طرح پھنس چکا تھا۔ ویت کانگ کے مذاحمت کار امریکہ کی فوج کا بے جگری سے سامنا کر رہے تھے، امریکیوں فوجیوں کی ہلاکت اور مالی نقصانات کی وجہ سے امریکی حکومت بھی شدید دباؤ میں تھی۔فلاشی نے امریکی صدر کی پرسنل سیکریٹری مسٹر ہنری کسنجر کو انٹریو کیا تھا جو اس جنگ میں پیش پیش تھے دوسری طرف ویتنامی گوریلہ کمانڈر جنرل نگوین گیاب کو بھی انٹریو کیا تھا دونوں کے انٹریو جنگ اور وہاں پیدا ہونے والے تباہی پر کے حوالے سے تھے۔ ویتنام جنگ کا مطالعہ کرنے سے یہ نتیجہ اخذ کرنا مشکل نہیں ہوگا کہ عوام کو کوئی بھی طاقت شکست نہیں دے سکتا ہے۔امریکہ دنیا کا ایک سپر پاور ملک ویتنامی عوام سے جنگ میں ناکام ہوجاتی ہے۔

اوریانا فلاشی یونان کی آزادی پسند مسلح جہدکار پاپا پینا گولس، سائرس کے پادری اور آزادی پسند لیڈر آرچ بشپ میکریس، جرمنی کے چانسلر برائنٹ ولی کو بھی انٹریو کرتی ہے، ولی وہی چانسلر تھے جو مشرقی اور مغربی جرمنی' جو جنگ عظیم دوئم کے بعد وجود میں آئے تھے' کو پھر سے ایک عظیم جرمنی کی شکل میں لانے میں کامیاب رہا تھا، یہ وہی چانسلر تھے جو یورپ کو متحد کرنے کا خواب دیکھ چکے تھے جو بعد میں حقیقت بن کر یوروپی یونین کی شکل میں وجود میں آیا تھا جو آج تک موجود ہے جو آج دنیا کی معاشی منڈی پر یورپی یونین کو خاص دسترس حاصل ہے۔

لکی! چونکہ تاریخ کا مطالعہ میرا شوق ہے، میں اس شوق سے چھٹکارا پانا بھی نہیں چاہتا ہوں۔ فلاشی کی کتاب کے مطالعہ کے بعد کسی دوست نے ڈاکٹر مبارک علی کا ''تاریخ کے نئے زاویے'' کا پی ڈی ایف بھیجا۔مبارک علی کی یہ تصنیف اسکی مختلف ادوار پر لکھے گئے تاریخی واقعات پر مشتمل آرٹیکلز کا مجموعہ ہے۔اس کتاب میں ہندوستان کی تاریخ ،وہاں برطانیہ کا قبضہ بعد میں ہونے واقعات، بغاوتیں اور صادق اور میر جعفر کی کہانیاں اچھی طرح سے قلم بند کی گئی ہیں، یہ کہ کیسے ایسٹ انڈیا کمپنی قائم ہوگئی ،سراج الدولہ کیسے مارا گیا،مسلم لیگ کی تشکیل کیسے اور کن وجوہات کی بنیاد پر

ہوئی تھی، پاکستان میں بائیں بازو کی تحریکیں، پاکستان میں ترقی پسندی کے رجھانات کو کاؤنٹر کرنے کی ریاستی پالیسیاں، پاکستان میں طلبا یونین، اور یہ بھی کہ کیسے طلبا کو اپنے اصل سمت سے ہٹایا جاتا ہے، وہاں بی ایس او کا ذکر بھی کرتا ہے، مگر بی ایس او کا ذکر حقیقت پسندی پر مبنی نہیں ہے کیوں کہ مبارک علی بی ایس او کو بھی سرادارں کا ایک پریشر گروپ اور ہاسٹل میں حقیقی طلبا کی مار پیٹ والا پارلیمانی پارٹیوں کا ایک ونگ لکھتا ہے۔ ریاستی کریک ڈاؤن ، بنگالی طلبا اور کراچی میں این ایس ایف کے کارکنان کی شہادت کا ذکر اس کتاب میں موجود ہے ۔ڈاکٹر مبارک اپنے اس کتاب میں اسٹوڈنٹس یونین پر پابندی کی وجہ ریاست کی پالیسیوں کو قرار دیتے ہوئے کہتا ہے کہ ریاستی پالیساں طلبا کو سیاست سے دور رکھنے کی ہوتی ہیں ۔کیونکہ وہ طلبا کی طاقت سے اچھی طرح واقف ہوتے ہیں۔

اس کتاب کے ختم ہوتے ہی میں نے رسول حمزہ توف کے میرا داغستان کو مطالعہ کی نیت سے اپنے ہاتھوں میں رکھا مگر اس کتاب نے قدرے زیادہ وقت لیا۔

لکی! اس ناول کا تذکرہ آپ مجھے سے کر چکے تھے میں نے کہا تھا کہ ضرور پڑھ لوں گا، اور پڑھ بھی لیا ،رسول اپنے اس ناول میں زبان ،قوم،اوروطن سے دوستی کی ایسے مثالیں پیش کرتا ہے کہ پڑھنے والے دھنگ رہ جاتا ہے ۔رسول اپنے ناول میں اپنے داغستان سے محبت کا ذکر ایسے کرتا ہے کہ ہر پڑھنے والا یہی محسوس کرتا ہے کہ یہ تو ہمارے رسم و رواج اور اطوار کے متعلق ہے ۔موضوع پر رقم طراز ہوتے ہوئے لکھتا ہے کہ میرا موضوع ہی میرا وطن ہے وہ اس لئے کہ اپنے وطن پر لکھتے ہوئے قلم اور سیاہی دھوکہ دہی کے مترادف نہیں ہونگے ،بعد میں رسول ہر قلم اُٹھانے والے کی طرف متوجہ ہو کر لکھتا ہے کہ لکھتے وقت موضوع پر بڑی سوچ و بچار کیا جائے ایسا نہ ہو کہ قلم راستے میں پسپا ہوجائے۔ناول کے اندر قابلیت کے متعلق ایک باب بھی ہے ۔اس میں رسول کہتا ہے کہ قابلیت ایک خداد صلاحیت ہونے کے ساتھ ساتھ محنت پر بھی منحصر ہے ۔جب محنت کرنے والے اپنی قابلیت کو ڈھونڈ کر باہر نکالنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو بعد میں تاریخ کے اوراق میں ہمیشہ کے لئے زندہ لوگوں میں اپنا مقام بنا پاتے ہیں ۔

لکی! اسکے علاوہ اور بھی چند کتابیں ہیں ،موضوع میں طوالت کے پیش نظر ان کا تذکرہ پھر کبھی ۔ کہتے





ہیں امید سے دنیا قائم ہے اس امید کے سہارے ہی توقع ہے کہ ہم ضرور ملیں گے وہاں باتیں ہونگی ،آپ بھی اپنے سفر کا ذکر کرینگے” ہے نا“؟ اپنے ساتھ پابند سلاسل زندانوں میں اذیت سہنے والوں کا ذکر وگے ۔خیر وہ بعد کی بات ہے آخر میں اپنے ایک حالیہ پڑھنے والے ایک کتاب نیلی نوٹ بک جو عمانوئیل کزا کیویچ کی قلم کے ذریعے ہم تک پہنچی ہے،کزا کیویچ اپنی اس کتاب میں سوویت یونین کے پہلے صدر کمیونزم اور سوشلزم کی ایک نامی گرامی رہنما لینن کی روپوشی کا ذکر اچھی طرح سے کرتا ہے ۔جب فروری کا انقلاب ناکام ہوجاتا ہے تو سارے سوشلسٹ رہنماؤں پر زار کی فوج کا کریک ڈاؤن شروع ہوجاتی ہے، بہت سے لیڈر گرفتار ہوکر جیلوں میں بند کئے جاتے ہیں تو کئی کو جلا وطن کر دیا جاتا ہے ،لینن کے پیچھے پڑ جاتے ہیں مگر لینن یہی پیٹروگراڈ کے ہی قریب پارٹی کے ایک پرانے پریوار کے ہاں روپوش ہوتے ہیں ۔یہاں سے مرکزی کمیٹی کو پالیساں دیتا رہتا ہے ،اور اخبارات کے لئے آرٹیکل بھی تواتر کے ساتھ لکھتا ہے۔

لکی اس ناوٗلٹ کو پڑھنے کے بعد یہی محسوس ہوتا ہے کہ دنیا کے تمام انقلابیوں کے لئے مشکلات ایک جیسے ہوتے ہیں۔اُنکی جدوجہد،آنے والے چلنجز ،سہولیات کا فقدان،تشدد اور خوف کے ماحول میں تنظیم کاری،کامریڈوں کی شہادت اور گمشدگیاں اور اسکے بعد وقوع پذیر ہونے والے حالات ،سخت حالات میں تنظیم کاری،رابطہ کاری اور تو اور پروپیگنڈہ کے ذریعے آج بھی زیادہ تر وہی اخبارات ہیں اور وہ بھی حکمرانوں کی بندشوں کی زد میں ہوتے رہتے ہیں۔

اس ناوٗلٹ کا سب سے اہم بات جو ہر پارٹی اور تنظیم پر آج بھی لاگو ہوتی ہے وہ یہ کہ لینن اپنے سیاسی رفیقوں کو یہی تجاویز دیتا ہے کہ ہمیں عوام سے ہمیشہ سچ بولنا ہے اگر ہم شکست سے دوچار ہورہے ہیں تو عوام کو تذبذب میں کبھی بھی نہ رکھیں اُنہیں یہی بتائیں کہ ہم یہ جنگ ہار رہے ہیں اور اگر فتح حاصل کر رہے ہیں تو اُس میں ہیرا پیری نہیں کرنا چاہیے کہ سیدھا بول دینا چاہیے کہ ہم کامیابی حاصل کررہے ہیں تاکہ

وہ خود کو آنے والے خوشی کے ہر لمحوں سے بھر پور مسرت کے لئے تیار کرسکیں۔آخر میں انہی الفاظ کے ساتھ کہ

**” لکی! رخصت اف آوار اُں سنگت“۔**

# ڈیرہ غازیخان نئے حالات کے تناظر میں

☆گل ہانی بلوچ☆

**ڈیرہ غازیخان** مقبوضہ مشرقی بلوچستان کا آخری سیم وحد ہے۔ یہ ریجن اپنی اس خاص محل وقوع کی وجہ سے کافی اہمیت کا حامل ہے۔جس طرح اسکی محل وقوع خاص اہمیت کے حامل ہے اسطرح اس ریجن کے حالات وقت کے ساتھ ساتھ فوجی مقاصد کے تحت بدلتے رہتے ہیں۔ اسکے وجوہات مندرجہ ذیل ہیں۔

**- یورینیم بہتات والا ریجن کوہ سلیمان۔**

**- سیمنٹ ،تیل وگیس فارمیشن والا ریجن کوہ سلیمان ۔**

**- میزائل پراجیکٹ۔**

**- نوآبادکاری۔**

**- فوجی کینٹس ۔**

**- عوامی انقلاب کا خطرہ۔**

پاکستان نے حال ہی میں یہ پراجیکٹ لانچ کئے ہیں اور کچھ تو پاکستان کو انگریز آقا کی طرف سے وراثے میں ملے ہیں۔ جو لانچ کردہ پراجیکٹ ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں

**ا)پھگلہ اور بغلچر پراجیکٹ**

پاکستان ایٹمی پاور کوہ سلیمان کے ریجن سے ہوا اور یہاں یورینیم کی بہتات کی وجہ سے اسکے وہاں پراجیکٹس بھی زیادہ ہیں اور ہر پانچ سال میں تقریبا ایک نئی پراجیکٹ کی شروعات ہوتی ہے۔پھگلہ پراجیکٹ ایک نئی پراجیکٹ ہے ۔ جہاں اس سال کام کی شروعات ہونے والا ہے حالانکہ پھگلہ سے دس کلومیٹر کے فاصلے پر زین ایٹامک پراجیکٹ پچھلے تیس سالوں سے





کام کررہی ہے۔کوہ سلیمان ریجن میں یورینیم کے low Grade والے پہاڑ تو بہت ہیں مگر ان پہاڑوں کے سلسلے بہت کم ہیں۔ اس ریجن میں یورینیم کے High Grade والے پہاڑ کم مگر انکے سلسلے گہرے اور لمبے فاصلے والے ہیں۔ یاد رہے یہاں یورینیم زرد رنگ کا ہوتا ہے جسے جیولوجیکل سروے آف پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کی کوڈ زبان میں Yellow Cake کہتے ہیں اور یہ سب سے طاقتور یورینیم ہے جس سے صرف ایٹمی میزائل بنائے جاتے ہیں۔بغلچر پراجیکٹ نوے کے آخری عشرے میں بند کردیا گیا تھا۔ جسے اب پچھلے ماہ پاکستان آرمی اور پاکستان اٹامک انرجی کے اہلکار سروے کر گئے ہیں اور حال ہی میں آرمی کی چھ اور چار رازشن کی گاڑیاں بغلچر کے نزدیکی علاقہ تھولغ ڈگرمٹ چانڈیہ میں پہنچ کر کیمپ لگایا دیا گیا ہے۔

**کیڈٹ کالج**

ڈیرہ غازیخان کے صحت افزا مقام فورٹ منرو ہے جسکی بلندی 6300 فٹ ہے۔پچھلے سال 14 اگست کو جب فرنٹیئر کور اپنی حدود کو تجاوز کرتے ہوئے فورٹ منرو میں لوگوں کو جھنڈیاں لگانے اور جشن منانے آئے تو بلوچ لبریشن آرمی نے حملہ کرکے ان کے چودہ اہلکار ہلاک کر دیے۔اس حملے کے تین ماہ بعد فورٹ منرو میں کیڈٹ کالج کے نام سے سروے شروع ہوا۔اس واقعے کے فورا بعد سروے اور کیڈٹ کالج کا نام مگر حالات و واقعات سے یہ کینٹ سے کچھ کم نہیں ہوگا۔

**آرمی سلیکشن سنٹر**

یہ سلیکشن سنٹر پہلی دفعہ کوئٹہ روڈ عقب کچھی کینال ڈیرہ غازیخان میں قائم کیا گیا ہے۔ اس ریجن میں جتنے بھی آرمی کی بھرتیاں ہوتی تھی ان تمام کا سنٹر کوئٹہ کینٹ یا ملتان کینٹ ہوا کرتا تھا اسکی وجہ یہ تھی کہ یہ ریجن اٹامک کی روزگار سکیم کی وجہ سے اتنا خوشحال ہے کہ یہاں آرمی سلیکشن سنٹر تک نہیں ہے اور اگر قائم کر بھی دیا جائے تو اتنی خوشحالی کے باوجود اس سنٹر کی طرف کون بدبخت منہ موڑے گا، یہ دعوے ،نعرے،خوش فہمیاں، بہکاوے،لوٹ مار کے سوا کچھ

نہیں۔حالانکہ اس پورے ریجن کے نوجوان آرمی،ایف سی اور دبئی سعودی میں ذریعے معاش کمارہے ہیں۔اسی سال چودہ اگست حملے کے بعد اس شہر میں سلیکشن سنٹر قائم کر دی گئی ہے۔

**فوجی مقامات**

ڈیرہ شہر سے سولہ کلومیٹر کے فاصلے (بمقابل ائر پورٹ اور آرمی کینٹ) پر بمقابل پٹرولنگ ہائی وے پولیس ہیڈ تھانہ کے سامنے آرمی نے محکمہ جنگلات سے 48 کینال زمین نوے سالہ لیز پر لے لی ہیں۔جہاں آرمی نے ایک چھوٹا سا مارکیٹ اور ایک اپنی عسکر پیٹرول پمپ بنایا ہے۔اس مارکیٹ اور پمپ میں کام کرنے والے لوگ تمام کے تمام اندرون پنجاب سے ہیں،شہر سے سولہ کلومیٹر دور مارکیٹ کے اس پاس کوئی آبادی نہیں ہے تو مارکیٹ کے مقاصد کیا ہوں گے۔۔۔؟اندرون پنجاب کے لوگوں کے اس پمپ اور مارکیٹ میں کم اجرت(بقول ورکرز) پر کام کرنے کے مقاصد۔۔۔؟اور اسی کے عقب میں ٹول پلازہ کے ساتھ ایک جنگل نما کیمپ جہاں ظاہرا کچھ نہیں ہے مگر اس کیلئے اس کے ساتھ ایک گریڈ اسٹیشن ہے۔اس جنگل نما کیمپ پہ آرمی کی کیمپ کوڈ نمبر لگا ہوا ہے۔اس جنگل نما کیمپ کو 2008 میں بنایا گیا تھا۔یہ دونوں مقامات دالان میزائل پراجیکٹ،آرمی کینٹ،ائر پورٹ،اٹامک مین کیمپ اور سخی سرور کینٹ ہر اطراف میں پانچ پانچ کلومیٹر کے فاصلے پر ہیں۔

**سرنگ پراجیکٹ**

ڈیرہ غازیخان سرزمین میں سرنگیں اس وقت شروع کی گئی ہیں جب مشرف کے دور میں منموہن سنگھ نے مشرف کو دھمکی دیتے ہوئے یہ کہا کہ مجھے گدائی (گدائی کوئٹہ روڈ پر واقع اندرون سٹی ایک روڈ جنکشن کا نام ہے اور اسی گدائی کے قریب اٹامک مین کیمپ ہے جو 1965 کو بنایا گیا ہے) کی دھمکیاں مت دیا کرو۔اس دھمکی کے بعد اٹامک نے فوجی مقاصد، اپنی نقل و حرکت،اور انڈر گراونڈ یورینیم کوہ سلیمان کے کچھ علاقوں سے نکالنا شروع کر دیا ہے جو شہر سے قریب ہیں۔انڈر گراونڈ یورینیم نکالنے کا فائدہ یہ ہے کہ نہ ہم یورینیم نکال رہے ہیں نہ عوام مانگے گی(نہ رہے گا ڈھول نہ بجے گی بانسری)۔یہ سرنگ اٹامک مین کیمپ سے نکلتے ہوئے





آرمی سلیکشن سنٹر پہلا جنکشن،دوسرا جنکشن دالان روڈ کے قریب خاردار باڑ جو ظاہرا شکار گاہ ہے،تیسرا سرنگ ٹول پلازہ کے عقب میں جنگل نما کیمپ،چوتھا دالان کینٹ،پانچواں بغلچر ایٹما مک پراجیکٹ ہے۔اور اب پاکستان اٹامک انرجی کمیشن زیادہ زور سرنگ پالیسی پہ دے رہی ہے چونکہ اسکے فوائد زیادہ ہیں۔

**نوآبادکاری**

اگر کسی قوم کو اسکی سرزمین میں زندہ ختم کرنا ہے تو اسکے تین طریقے ہیں

ا۔آقا کو عقل کل سمجھا جائے ۲۔قوم کو نشے میں مبتلا کر دیا جائے ۳۔نوآبادکاری کر دی جائے

انگریزوں کے دور میں ڈیرہ جات پر مکمل کنٹرول انگریز آرمی کی تھی تو یہ علاقے قلات سے انتظامی بنیادوں پر الگ کیے گئے۔قیام بلوچستان تک یہ علاقے یا تو لیزڈ ایریا میں آتے یا پھر ڈائریکٹ انگریز کے کنٹرول میں تھے۔اسی طرح ڈیرہ غازیخان ڈائریکٹ انگریز کے کنٹرول میں تھا اور قیام کے ساتھ ڈیرہ جات کو قانون بلوچستان میں شامل کیا جانا تھا مگر توڑو اور حکومت کروکی پالیسی اس کے برعکس تھا۔ڈیرہ شہر میں پہلی نوآبادکاری انگریزوں نے 1947 میں انڈین آرمی کے لوگوں کی کروائی تھی۔اس شہر میں انڈین آبادکاریوں کی ایک زبردست آبادی ہے جو شہر کے وسط اور شہر کی سب سے بڑی انگریزوں کی کنسٹرکٹڈ کالونیوں میں آباد ہیں۔اس شہر کے بلدیاتی اسمبلی میں میئر بلوچ اور ڈپٹی میئر مہاجر ہوتا ہے۔کوئٹہ کی طرح میئر بلوچ اور ڈپٹی میئر پٹھان ہوتا ہے۔دوسری نوآبادکاری پاکستان نے اس وقت کی جب انڈیا کے مشرقی بہار میں 1970 میں ہندو مسلم مذہبی فسادات شروع ہوئے تو پاکستان نے ڈرامائی جذبے مسلمہ(یعنی مسلمان مسلمان کا بھائی ہے) اور بلوچ قوم کو اقلیت میں بدلنے کیلئے بہار سے بہاریوں کو لا کر لیاری،ملیر،جیکب آباد،شکار پور،کشمور،لسبیلہ،گوادر،نصیر آباد اور ڈیرہ غازیخان میں آباد کر دیے۔ڈیرہ غازیخان شہر میں بہاریوں کی ایک زبردست آبادی ہے جو شہر کے دوسری بڑی کالونی بہاری کالونی میں آباد ہیں۔اور اب پاکستان تابوت پہ آخری کیل ٹھونکنے کیلئے افغانیوں کو اس شہر میں آباد کر رہا ہے۔پچھلے سال افغانی اور مہاجر شہر میں لڑ پڑے تو چاروں

طرف پنجاب پولیس، ایلیٹ فورس، رینجر اور آرمی خاموش تماشائی اس دنگل سے لطف اٹھا رہے تھے۔ تو قریب میں میرے ایک دوست نے جا کے آرمی کے سپاہی سے پوچھا کہ آپ لوگ ان کو کیوں نہیں چھڑاتے تو سپاہی کے یہ الفاظ تھے کہ پٹھان ویسے ان سے مار نہیں کھاتے مگر پٹھانوں کو آباد کرنا ہماری ایک پالیسی ہے۔ اس پالیسی سے کچھ یوں لگ رہا ہے کہ پاکستان کراچی کی طرح ڈیرہ غازیخان کو پٹھان اور مہاجروں کو بلوچوں سے لڑوا کر بلوچوں کی نسل کشی کر کے انہیں ان کی اپنی سرزمین پر بے زمین کر دے گی۔ اگر ڈیرہ غازیخان کے بلوچوں نے ان نازک حالات کو نہیں سمجھا تو وہ دن دور نہیں ہوگا کہ بلوچوں کے بچے اپنے وسائل سے محروم ہو کر اپنی دولت مند سرزمین پہ بیٹھے بیگانہ ہو کر غیروں کے سامنے ہاتھ پھیلائیں گے۔ اور اپنی سرزمین میں آپ یوں بے شناخت ہوں گے کہ آپکو اپنی سرزمین میں ایک انچ زمین نہ بیٹھنے کو ملے گی نہ دفنانے کو، جیتے جی ریڈ انڈین کی طرح ختم ہو کر تاریخ کی گمشدہ قوموں کے چند اوراق پہ کالی سیاہی سے لکھے چار الفاظ ہوں گے اور آثار قدیمہ والے آپ کے سرزمین کے دلبند کو چیرتے ہوئے گمشدہ قوم کو ڈھونڈے گی۔ اللہ نہ کرے ایسا ہو مگر قومیں وہ ہوتی ہیں جو اپنے آپ کو وقت سے پہلے ہوشیار کر کے زمانے کے نئے تقاضوں کے ساتھ اپنی وجود سلامت رکھیں اور دنیا میں خود کو تسلیم کروائیں۔

## مذہبی شدت پسندی

حقیقت تو یہ ہے کہ بلوچ قوم ایک سیکولر اور مذہب کے بارے میں ایک انتہائی معتدل خیالات رکھتی ہے۔ اس نفسیات کے باوجود بھی انگریز جنرل ڈائر نے تفتان باڈر پہ بلوچ قوم میں مذہبی شدت پسندی ابھار کر انہیں کنٹرول کیا اور آج تک یہ علاقے افغانستان میں جہاد، یا پھر ایران کے ساتھ جہاد کے نام پر پاکستان انہیں لڑوا رہا ہے۔ پاکستان شروع دن سے اس پاگل پن میں ہے کہ کسی نہ کسی طرح بلوچ قوم کو مذہبی شدت پسندی کی طرف لایا جائے۔ اس سے فائدہ یہ ہوگا کہ مذہبی لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ ہر چیز اللہ دے گا۔ ریاست اللہ کے حکم کے سوا کچھ نہیں کر سکتی۔ دوسرا فائدہ یہ ہوگا کہ انہیں کچھ بھی نہ دیا جائے تو یہ لوگ خدا سے مانگیں گے، اگر کسی





مذہبی کو معلوم بھی ہو جائے کہ یہ ریاست کا حق ہے تو وہ کبھی احتجاج نہیں کرے گا۔ کیونکہ اسکی سوچ یہ ہے یہ اسلامی ملک ہے۔ اس سے حق کیلئے لڑنا بھی عظیم گناہ ہے۔ اور قیامت کے دن اللہ ہمارا حق چھین کے دے گا مگر پاگلوں کو یہ معلوم نہیں کہ قیامت کے دن اس حق کو کیا کرو گے، یہ حق کس شکل میں دیا جائے گا اور وہاں یہ حق لیکر کیا کرو گے۔ وہاں تو صرف اعمال کام آئیں گے نہ کہ لوٹا ہوا سرزمین اور معدنیات۔ تیسرا یہ آپس میں لڑیں گے میرا انہیں خیال بھی نہیں رہے گا نہ اپنے حقوق کا۔ اور یہ لوگ مسلسل نہ ختم ہونے والی استحصال کی بھینٹ چڑھ جائیں گے اور یہ استحصال پوری قوم کو بھکاری بنا کر اسے صفحہ ہستی سے مٹا دے گی۔ اسی پالیسی کے تحت پاکستان اس ریجن میں کئی دہائیوں سے کام کر رہا ہے۔ ان علاقوں میں مذہبی شدت پسندوں کے تین گروپ سرگرم ہیں۔ اول گروپ جہاد کے سب سے بڑے رہنما خطیب لال مسجد مولانا عبدالرشید مزاری، مولانا عبدالعزیز مزاری یہ بھائی ملٹری انٹیلیجنس کے ایجنٹ ہیں اور یہ دونوں بھائی روجھان مزاری میں ایک مدرسہ کئی سالوں سے زبردست تعداد کے ساتھ چلا رہے ہیں۔ انکو ملٹری نے جہاد کی تربیت کا کام سونپ دیا ہے۔ اور دوسرا گروپ عبدالستار تونسوی قیصرانی اور مولانا اعظم طارق کو شیعہ اور احمدی کافر قرار دینے کا کام سونپا گیا ہے۔ یہ دونوں عرصہ دراز سے کئی مدارس میں اس بات کی تبلیغ کرتے رہے مگر ستار قیصرانی مر گئے اور اعظم طارق کو مار دیا گیا ہے۔ مگر اب تک انکے مدارس چل رہے ہیں۔ انہیں کے گروپ نے 2008 کو ڈیرہ غازیخان میں ایک مسجد پر خودکش حملہ کیا جس میں دوسو بلوچ شہید ہو گئے۔ یہ گروپ تونسہ شریف میں عرصہ دراز سے احمدی فرقے سے تعلق رکھنے والے بلوچوں کو شہید کر رہا ہے۔ پچھلے سال انہیں کے گروپ کے نابالغ مجاہدوں نے رمضان مہینے میں احمدی مسجد پر روزہ افطاری کے دوران حملہ کیا اور اسکے بعد وہ لڑکے گرفتار ہوئے۔ اور انہیں جعلی پولیس مقابلے میں بلوچ لبریشن آرمی کے دہشت گردوں کا نام دے کر سخی سرور میں جعلی آپریشن کے دوران انکی ٹارچر شدہ لاشیں پھینک دی گئی۔ اس جعلی آپریشن کے دوسرے دن پھر نابالغ مجاہدین نے تونسہ شریف میں مشہور میڈیکل سٹور اکرام میڈیکل سٹور پر حملہ کر کے اکرام ہتکانی

بلوچ کوشہید کیا۔اکرام کی شہادت کے بعد مادروطن کے فرزندوں نے اپنے سرزمین سے نقل مکانی شروع کر دی ہے۔کچھ ملائیشیا،جرمنی،انڈونیشیا کو چلے گئے تو کچھ ڈیرہ غازیخان اور کوئٹہ شہر میں جا کر آباد ہو گئے۔تیسرا گروپ تبلیغی مجاہدین کا ہے جو جہاد کی فیکٹری کو ایندھن فراہم کرنے کیلئے بنایا گیا۔یہ حضرات کئی سالوں سے سرگرم ہیں اورانہوں نے ڈیرہ بگٹی ،کوہلو،بارکھان ،رکنی ،ڈیرہ غازیخان ،راجن پور،تونسہ شریف میں تو اپنے بڑے بڑے مدارس بنائے ہیں ۔پاکستان اس جماعت سے دو کا م لے رہی ہے ایک جہاد کی پراڈکشن ،سروے اورمردم شماری۔یہ جماعت قبائلی علاقوں میں تبلیغ کے ساتھ ساتھ کارگزاری کا عمل بھی کرتے ہیں،اس عمل کیلئے جہاں جہاں جس جس گھر میں جاتے ہیں وہاں کے علاقے کے راستوں کے نقشے اور علاقے کے تمام افراد کا ڈیٹا لاتے ہیں۔اوران علاقوں میں اپنے چھوٹے مدارس بھی کھولتے جاتے ہیں۔اب لوگوں کی نفسیات اس حد تک بدل گئی ہے کہ کہ ڈیرہ غازیخان میں اگر کوئی ثقافتی پگڑی پہنے تو اسے جاہل سمجھا جاتا ہے۔اور اگر کوئی تبلیغی پگڑی باندھے تو وہ فرشتے سے کم نہیں سمجھا جاتا۔اگر بلوچ سیاسی پارٹیوں اورعسکری اداروں نے اس حوالے سے کوئی منظّم حکمت عملی تشکیل نہیں دی تو یہ اس خطے کے بلوچوں کے لئے بڑے نقصان کا سبب بنیں گے۔یادرہے حال ہی میں حافظ سعید نے یہ بیان دیا ہے کہ بلوچستان میں مجاہدین کی وجہ سے پاکستان کا جھنڈا لہرر ہاہے، یہ اس بات کا واضح اظہار ہے کہ مذہبی شدت پسند بلوچستان میں فوج کے پے رول پر ہیں ۔آئی ایس آئی اور ملٹری آئی کے لوگ مذہبی روپ دھار کرقوم کے درمیان رہ کرتحریک کے بارے میں کنفیوژن پھیلا رہے ہیں اور شدت پسند پیدا کر کے بلوچ تحریک کے خلاف استعمال کررہے ہیں اور کریں گے۔

**محکمہ ویٹرنری**

قوموں کو غلام بنانے کیلئے ریاستوں کے تمام ادارے اپنی اس فرض کو نبھانے کیلئے سرگرم ہو جاتے ہیں۔کہ کہیں اس فرض کوادا کرتے ہوئے کوئی کمی کوتاہی نہ رہ جائے۔جس سے غلام قوم شعوری حوالے سے شعوری عوامی انقلاب نہ برپا کر دیں۔





اس غلامی کو برقرار رکھنے والے فرض کو نبھانے کیلئے پاکستان کے محکمہ ویٹرنری بھی ڈیرہ غازیخان میں سرگرم عمل ہے ۔حالانکہ پاکستان میں محکمہ ویٹرنری کا کوئی رول نہیں ہوتا اور نہ ہی ڈیرہ غازیخان میں،مگر نفسیاتی جنگ میں سرگرم عمل ہے۔ڈیرہ غازیخان میں پاکستان کے تمام جنکشن شاہراہوں اور اندروں شہراور دیہاتوں میں ہر جگہ محکمہ ویٹرنری نے اپنے تمام سائن بورڈز آویزاں کر کے ان پر یہ نقش کیا ہوا ہے۔

**بھیڑبکری پال بلوچا**

**ہوجاخوشحال بلوچا**

ویسے اس نفسیاتی جنگ میں محکمہ ویٹرنری صرف سرگرم عمل نہیں بلکہ تبلیغی جماعت بھی اس صف میں صف اول پر ہے۔یہ حضرات ہر علاقے میں تقریر کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں کہ بکریاں پالو بکریاں نبی کریمﷺ نے پالے ہیں ۔بکریاں پالنا سنت ہے۔دیکھو نبی کریمﷺ کے گھر کچھ نہیں تھا مگر بکریاں پالتے تھے اورخوشحال تھے اورتم لوگ بھی اس سنت کو اپنی زندگی میں اپناواور خوشحال زندگی بسر کرو۔اسکا مطلب یہ ہوا کہ بلوچ صرف بھیڑ بکری پالے تا کہ انہیں زیورتعلیم سے آراستہ نہ کیا جائے اور نہ ہی تعلیم کی ڈیمانڈ کریں اس سے یہ دائم غلام رہیں اور رہیں گے اوراپنے آقا کے سامنے اپنی وفاداری کا ثبوت دینے کے دوڑ میں رہتے ہوئے ایک دوسرے سے لڑایا جائے۔تا کہ اپنے مسائل میں پھنسے رہیں اور آقا کے آقا ہونے کی خبر تک انہیں نہ ہو اور یہ آقا کو اپنا خیرخواہ سمجھیں۔

**جہالت دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہے**

اسکا فائدہ یہ ہے کہ نہ آپ جانتے ہو اور نہ ہی آپ جنجال میں ہو جو کچھ تمھارے خلاف ہو رہا ہے اور جوتم کر رہے ہو۔اس سے تم بے خبر مگر عارضی خوشحالی میں اپنا جی بہلانا،آقا کو عقل کل سمجھتے ہوئے اپنی قوم کو جاہل تصور کرتے ہوئے غلامی کی سیڑھی چڑھنا، اپنے آقا کو مقدس سمجھنااور اپنی ماں ،مادر، مادروطن کو غیر کے ہاتھوں دینا چاہے وہ زمین کا جس طرح چاہے استحصال کرے۔اس سے آگے کی نہ سوچیں اور نہ ہی سوچ سکیں ۔اس نفسیاتی جنگ میں بلوچ

کوایک
ڈبے میں بند کر کے چھوڑ دینا تا کہ اس وائرس کو ڈبے میں آکسیجن ملے یا نہ ملے، مرے یا نہ مرے ہم زمہ دار نہیں کیونکہ وہ اپنی موت آپ مرا ہے مرنے والے کو کون روک سکتا ہے۔مرے تو اور بھی فائدہ ہے ایک بلوچی محاورہ ہے "نہ بی گڈ نہ بی ہلگری" ترجمہ " نہ رہے گلہ تو نہ رہے گی گلے کا ہار"۔

## سی پیک پراجیکٹ

اس سی پیک پراجیکٹ کے نام پہ ترقی کے کھوکھلے نعرے نے ڈیرہ غازیخان ہی نہیں پورے بلوچستان کو منتشر کر رکھا ہے۔یہ چھان مار وسائل کی لوٹ کھسوٹ پر مبنی طاقت کے نشے میں مبتلا بدمست ہاتھی کی طرح پاکستانی فوج اور کمپنیز نے استحصال کے لئے بلوچ علاقوں کے سروئے شروع کیے۔ڈیرہ غازیخان کے چند علاقے جہاں سی پیک روٹس کے نام پہ روڈز پراجیکٹ شروع کیے گئے ہیں جس میں فورٹ منرو اسٹیل پل جو راکھی سے لیکر بواٹہ تک ہے، جو تقریبا پندرہ کلومیٹر ہے۔یہ اسٹیل پل بنانے کیلیئے جاپانی کمپنی کو دی گئی ہے۔جس پہ اب کام جاری ہے۔دوسرا فورٹ منرو ٹاپ سے پہاڑی بلندی سے ہوتے ہوئے" بیسر بن " سے رونگھن کو ملاتی ہے۔تیسرا رونگھن سے ہوتے ہوئے " یک بئی "جو کہ 7430feet بلندی سے ہوتے ہوئے رکنی بلوچستان سے آملتا ہے۔چوتھا رونگھن سے ہوتے ہوئے "مبارکی" جو کہ 6450 feet بلندی سے ہوتے ہوئے کھرڑ بزدار کو ملاتے ہوئے چھپر رکنی سے آ کے ملتی ہے۔ان تمام علاقوں میں یہ illusion پھیلا گیا ہے کہ اگر ژوب روڈ پہ لبریشن کے حملے کا خطرہ ہوا تو یہی روٹس متبادل کے طور پر استعمال کیے جائیں گے اور ان روڈوں سے علاقے میں ترقی آئے گی۔حالانکہ جن ایریاز میں روڈوں کا جال پھیلایا گیا ہے وہاں تیل اور گیس کے پاکستانی کمپنی OGDCL اور Bijing company china نے مشرف کے دور میں ڈرلنگ کی ہے۔جیسا کہ مبارکی کے علاقے سمیلی میں تین جگہوں پہ تیل اور گیس دریافت ہوا۔اور یک بئی کے علاقے بیسر اور نیلغ تھوخ میں دو جگہوں پہ ڈرلنگ کی گئی ہے وہاں بہت بڑی مقدار میں





تیل اور گیس دریافت ہوا۔اور فورٹ منرو میں ایک جگہ پہ تیل اور گیس دریافت ہوا۔ان روڈز کا جال پھیلانے کا مقصد سی پیک نہیں بلکہ تیل اور گیس کا استحصال ہے۔پچھلے دنوں پاکستان آرمی نے یہ کہا کہ وہ بلوچستان میں تیل و گیس جاندران (کوہلو) سے اور سیمنٹ (وڈھ اور خضدار) سے نکالنے پر غور کر رہی ہے۔

## رینجرز

ڈیرہ غازیخان ڈویژن میں رینجرز اور آرمی مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کر رہے ہیں۔حالانکہ رینجرز کو اسی سال ڈویژن میں ورکنگ آرڈر دیے گئے۔رینجرز اس سے پہلے ڈسٹرکٹ راجن پور میں تعینات تھی جو صرف بلوچ سرمچاروں کے خلاف چھوٹے و بڑے پیمانے پر نبرد آزما تھی۔لیکن اب راجن پور کے خاص پہاڑی علاقوں (ان پہاڑی علاقوں میں قبائلی فورس بارڈر ملٹری پولیس بھی کام کرتی ہے) اور دیہاتی علاقوں میں لوگوں کو پکڑنا اور کچھ کو پولیس مقابلے میں شہید کرنا اور کچھ سے پیسے بٹور کر چھوڑ دینا۔آرڈر کے ملتے ہی پہلا آپریشن راجن پور میں غلام رسول مزاری کے خلاف آرمی اور رینجرز کی مشترکہ حکمت عملی پر مبنی آپریشن تھا۔راجن پور کے تمام مظالم، آپریشنیں اور پیسے کے یہ دھندے ذاکر بزدار نامی ملٹری انٹیلیجنس کے اہلکار کی سربراہی میں ہوا اور آج تک ہو رہے ہیں۔ذاکر بزدار وہی بندا ہے جو راجن پور میں بلوچ مسنگ پرسنز کی لانگ مارچ روکنے کے لئے بار بار ماما قدیر کو بلوچیت کے نام پہ دھمکاتا تھا۔ہر وقت ماما سے یہی کہتا "ماما میں بلوچ ہونے کے ناطے آپ کو سمجھا رہا ہوں کہ لانگ مارچ ختم کردو ورنہ آپکا آگے حال برا ہوگا"۔دوسرا آپریشن انڈس ہائی وے سے ملحقہ علاقے شادان لنڈ، یارو، سیمنٹ فیکٹری، پیر عادل، کالا اور زندہ پیر میں کیا۔جہاں کافی تعداد میں لوگوں کو اغوا کر گئے ہیں اور حیرانگی کی بات یہ ہے ان اغوا شدگان کی فیملیز کو آرمی ملتان ہیڈ کواٹر سے مسلسل رابطے میں ہے۔جو اس انداز میں ان کے فیملیز کو میسج کرتے ہیں "سلام آپکا لڑکا صحیح حالت میں ہمارے پاس ہے جسکی انویسٹیگیشن چل رہی ہے۔انویسٹیگیشن مکمل ہونے کے بعد چھوڑ دیا جائے گا۔پاک آرمی زندہ باد"۔تیسرا آپریشن آرمی اور رینجرز فورٹ

منرو اور ماڑی کے درمیانی علاقوں میں کر رہے تھے ۔تو وہاں بلوچ لبریشن آرمی نے ان پر حملہ کر دیا۔ اس حملے میں لبریشن کے دو ساتھی شہید ہوئے اور آرمی ،رینجرز کے پانچ سپاہی صوبیدار سمیت ہلاک ہوئے۔اس حملے کو ریاست نے نیا رنگ دیا تاکہ لوگوں سے نیشنلسٹوں کے حملے کا راز چھپا سکے ہے ۔اگلے روز پانچ بگٹی بلوچوں کی لاشیں چوٹی زیریں میں پھینک کر کہا کہ یہ طالبان کے دہشت گرد تھے جنہیں مقابلے میں مار دیا گیا ہے۔جو ایٹامک مین پلانٹ پر حملے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔حالانکہ یہ تمام کاروائی سرمچاروں کے حملے کے جواب میں اور حملے کے ثرات کو زائل کرنے کے لئے کی گئی۔ان تمام آپریشنز کے دوران جو بے گناہ لوگ اُٹھائے گئے ہیں ۔ان کے بارے معاشرہ میں کوئی ایسے کوئی شواہد نہیں ہیں کہ آیا وہ نیشنلسٹ تھے یا مذہبی شدت پسند۔جن ایریاز میں آپریشن کئے گئے ہیں ان ایریاز میں کوئی نہ نیشنلزم کے بارے میں جانتا ہے اور نہ تو مذہبی شدت پسندوں کے ساتھ ان کا واسطہ ہے۔حیرانگی کی بات یہ ہے کہ تمام اغوا شدگان نوجوان لڑکے ہیں جنکی عمریں سولہ سے اکیس سال تک ہیں۔ اور دوسرا یہ تمام علاقے کوہ سلیمان کے دامن میں واقع ہیں۔یہی خیال کیا جارہا ہے کہ بلوچ شورش جو پہاڑوں سے شہر کی طرف آرہی ہے شاید اسی کے سامنے ان نوجوانوں کو ایندھن بنائیں گے۔یا پھر دامن کو کنٹرول کرنے کے بعد پہاڑی علاقوں کی جانب قدم اٹھائیں گے۔ ڈیرہ کے پہاڑی بیلٹ کوہ سلیمان میں کام کرنے والی قبائلی فورس کو ختم کر رہے ہیں۔ کیونکہ بلوچستان میں قبائلی فورس کا پاکستان تجربہ کر چکا ہے ۔اسکی جگہ رینجرز لے گی اور کافی حد تک رینجرز کو تعینات کرنے کا کام پایہ تکمیل تک پہنچ چکا ہے۔





# قوموں کے عروج وزوال میں لیڈرشپ کا کردار

☆حمید بلوچ☆

کسی بھی قوم یا سماج کی ترقی میں اسکے تعلیمی، سماجی، سیاسی و معاشی نظام کے علاوہ گڈ گورنس کا خاصا عمل دخل ہوتا ہے لیکن اس حقیقت سے کوئی باشعور فرد انکار نہیں کرسکتا کہ ان تمام خوبیوں کو حاصل کرنے میں لیڈرشپ ایک اہم کردار ہوتا ہے کیونکہ مخلص ، باشعور اور معاملہ فہم لیڈر ہی قوم کے لئے ترقی کے راستے کا تعین کر کے مقصد کو حاصل کرنے کے لئے قوم کو آمادہ کرتا ہے اور اپنی بہترین ٹیم ورک کے ذریعے عوام کے ساتھ ملکر جدوجہد کرتا ہے اگر لیڈرشپ بے شعور و بے ضمیر ہوگا تو وہ قوم کے عروج کو زوال میں بدل ڈالے گا۔ دنیا کی تاریخ ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے کہ قابل لیڈروں نے اپنی ذہانت وقابلیت سے زوال پزیر قوموں کو کمال تک پہنچایا ایسے لیڈر تاریخ کے صفحوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے اور ایسے لیڈر بھی ہمیں ملیں گے جنھوں نے چند ٹکوں کی خاطر اپنی ضمیر کا سودا کر کے قوم کے عروج کو زوال میں تبدیل کیا اور تاریخ میں ناکام اور قوم دشمن لیڈر کے طور پر ابھر کر سامنے آئے۔

دنیا کے کامیاب لیڈروں میں ایک نام کوامے نکرومہ تھا۔ جب نکرومہ پیدا ہوا تو گھانا کے عوام غلامی کے استحصال زدہ دور میں زوال پزیری کی جانب گامزن تھی ۔ جب کسی قوم پر بیرونی طاقت قابض ہوجائے تو اس قوم کی نفسیات اور کردار پر منفی اثرات پڑتے ہیں وہ اپنے قومی شناخت کی جگہ قابض کی شناخت کو اپناتے ہیں یہی حال گھانا کا تھا۔نکرومہ نے سامراجی قبضے اور قوم کے زوال کو محسوس کر کے سیاسی جدوجہد کا آغاز 1947ء میں کیا لیکن پارٹی کی ناکام پالیسیوں سے دلبرداشتہ ہو کر ایک نئی انقلابی عوامی پارٹی کی بنیاد رکھی اور اسی پلیٹ فارم سے انقلابی جدوجہد کا آغاز کیا عوام اور قیادت کے درمیان رابطے کو برقرار رکھ کر عوام کو سامراج

کے خلاف جدوجہد پر آمادہ کیا۔عوامی حقوق کے لئے تحریکیں چلائی،عوامی جدوجہد سے 6 مارچ 1957 کو سامراج سے آزادی حاصل کی آزادی حاصل کرنے کے بعد عوام کی زندگی میں نمایاں تبدیلی آئی ، اعلی قیادت کی علم وبصیرت نے گھانا کے عوام کو آزادی دیکر ان کے زوال کو عروج میں بدلنے کا آغاز کیا اس سیاسی تبدیلی میں لیڈرشپ نے ایک اہم کردار ادا کیا جس کی مثال تاریخ کے صفحوں میں بہت کم ملیں گی۔اسی سرزمین پر ہمیں ایک اور کردار نظر آتا ہے جس کا نام جنرل جوزف انکرہ ہے جو ایک عوام دشمن لیڈر کے طور پر سامنے آیا اور گھانا میں استحصالی ریاستوں کے اشارے پر عوامی حکومت کا تختہ الٹ کر جبر کے ذریعے حکومت کر کے عوام کو ترقی سے دور کر کے اپنے فرسودہ نظام کا نفاذ کرتا ہے اور یہی فرسودہ نظام قوم کو زوال کی طرف لے جاتی ہے۔

21 ویں صدی میں دنیا میں ابھرتی ہوئی معاشی طاقت سے پہچانے جانے والے چینی قوم 'افیونی' کے نام سے مشہور تھی جسے طاقت وقت برطانیہ اور جاپان نے اپنی نوآبادیاتی بنا کر اپنے استحصال کا شکار کیا ان پر ظلم وجبر کے ذریعے حکومت کی سامراجی طاقتیں اپنے مفادات کے لئے چین کو زوال کی طرف لے جانا چاہتے تھے لیکن ان طاقتوں کی بدقسمتی کہ وہاں ایک ایسے عوامی لیڈر کا جنم ہوا جس نے سامراجی منصوبوں کو خاک میں ملا کر عوام کو جینے کا گر سکھایا یہ لیڈر ماوزے تنگ تھا جس نے کمیونسٹ پارٹی کو انقلابی اصولوں پر گامزن کر کے عوام کی فلاح و بہبود کے لئے پروگرام دیا،عوام کو منظّم کیا ماو کا شمار ان عظیم لیڈروں میں ہوتا ہے جو بہادر وعلم کی دولت سے مالا مال ہونے کے علاوہ فیصلہ کرنے کی طاقت وصلاحیت سے بھرپور تھا۔ماو کی لیڈرشپ میں چین نے جاپان اور اس کے حواریوں کو شکست دیکر ایک آزاد ریاست قائم کیا اور اسی لیڈرشپ کی معاملہ فہمی بہادری مثبت عمل چین کو دنیا کی سب سے بڑی معاشی طاقت بنا کر سامنے لے آئی۔

لیڈرشپ کی ایک اور اعلی مثال فیڈرل کاسترو اور اسکے ساتھی ہیں، جنھوں نے امریکی سامراج کے کٹھ پتلی بتیستا آمریت کو للکار کر قومی ترقی کی راہ ہموار کی اس کے علاوہ ہوچی منھ، گاندھی





نیلسن منڈیلا یہ دنیا کے وہ عظیم لیڈر تھے جنھوں نے قومی ترقی کے لئے ہمت و بہادری کی اعلیٰ مثال قائم کر کے دنیا کی تاریخ میں اپنا اعلیٰ مقام بنا گئے۔اسٹالن کی معاملہ فہمی نے سوشلسٹوں کو نمایاں کامیابی پر گامزن کیا یہ لیڈرشپ کی خصوصیات تھی کہ جس نے قوموں کو سامراج کے ظلم وستم سے آزادی دی۔ونسٹن چرچل جو برطانیہ کے سربراہ تھے،بچپن میں ان کا شمار آئن اسٹائن کی طرح ناکارہ طالب علموں میں ہوتا تھا لیکن ان کی بلند حوصلے اور علم سے محبت نے اسے ایک عظیم لیڈر بنایا۔اسی طرح ابرام لنکن ایک غریب خاندان سے تعلق رکھنے والا ایک فرد تھا لیکن وہ امریکہ کا صدر بنا اور دنیا میں ایک عظیم لیڈر کے طور پر ابھر کر سامنے آیا۔

مندرجہ بالا لیڈرز کا طرزعمل، معاملہ فہمی، برداشت ، مثبت سوچ ،علم سے محبت ان کی یہ خصوصیات قابل ذکر تھے۔قوم اور ملک کو بھی ان کی پالیسیوں نے ترقی دیکر اعلی اور بلند مقام پر پہنچایا۔عظیم لیڈروں نے ہر مقام پر معاملہ فہمی کا مظاہرہ کر کے الجھے ہوئے مسائل کو حل کیا وہ اپنی تنظیم پارٹی اور جن کی وہ سربراہی کر رہے تھے انکو اپنے کنٹرول سے کبھی نکلنے نہیں دیا اس لئے وہ خود بھی کامیاب ہوئے اور قوم کو بھی کامیاب کیا۔

آج بلوچ قوم کو بھی پاکستانی قبضے کے بعد سے اپنی بقا کا مسئلہ درپیش ہے، اگر بلوچ قومی تحریک خدانخواستہ ناکام ہوئی تو اس کا مطلب صاف ہے کہ بلوچ قوم کا نام ونشان نہیں رہے گا۔دنیا میں بحیثیت ایک قوم کے غلامی کے خلاف مستقل مزاجی سے جدوجہد نہ کرنا قوموں کو زوال کی جانب لے جاتی ہے اور زوال سے مراد قوم کا ختم ہوجانا فنا ہوجانا اور کوئی بھی باشعور وتہذیب یافتہ قوم فنا کے نام سے نفرت کرتی ہے۔

آج بلوچ کے زوال اور عروج کا ذمہدار لیڈرشپ ہے بلوچ لیڈرشپ کیسا ہو یہ سوال ہمارے لئے بہت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ اس نازک دور میں لیڈرشپ کی غلطی بلوچ تحریک کو شدید نقصانات سے دوچار کر سکتی ہے۔ بلوچ لیڈرشپ عمدہ اور بروقت فیصلہ کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہو کیونکہ بروقت فیصلہ کرنا دیر سے کئے گئے کئی اچھے فیصلوں سے بہتر ہے اگر خان آف قلات میر احمد یار خان پاکستان سے الحاق کے مسلئے پر بروقت جنگ کا فیصلہ

کر لیتے تو آج بلوچ سرزمین کی صورتحال مختلف ہوتی لیکن وہ آخری لمحات میں بھی کوئی فیصلہ نہ لے سکے اور بلوچ قوم کو غلامی کے دلدل میں دھکیل دیا۔ بلوچ لیڈرشپ ایسا ہو جو مشکل اور نامناسب حالات میں فیصلہ کرنے کی سکت رکھتا ہو۔۔بلوچ لیڈرشپ علم کی دولت سے مالا مال ہو کیونکہ بلوچ کا سامنا استحصالی ریاستوں سے ہے اور استحصالی ریاستیں کسی قوم کو ختم کرنے کے لئے صرف تشدد کا سہارا نہیں لیتی بلکہ وہ مختلف پالیسیوں کو استعمال کرتے ہوئے قومی تحریکوں کو ختم کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک باعلم لیڈر اس مفاد پرستانہ دور میں اپنے سیاسی شعور کی بدولت اپنے قومی مفادات کا تحفظ باآسانی کرسکتا ہے۔

بلوچ لیڈرشپ اپنے پارٹی کے مضبوطی وسیاسی طاقت پر توجہ دیں کیونکہ پارٹی کی مضبوطی تحریک کی مضبوطی ہے۔ پارٹی میں ممبران کی زیادہ سے زیادہ سیاسی تربیت کریں، ممبران کو سیاسی مراحل سے گزاریں اور ان کو سیاسی ذمہ داریاں دیں تاکہ سخت وقت میں ممبران پارٹی کے قیادت کرنے کے اہل ہوں اور تمام ممبران کو ایک نظر سے دیکھیں کسی بھی صورت میں کارکنوں کے درمیان فرق نہ کریں اگر لیڈر کارکنوں کے درمیان تفریق کریں گے تو یہ رویہ پارٹی میں عدم اعتماد کے رجحان کے فروغ کا سبب بنے گا۔

بلوچ لیڈرشپ کو معاملہ فہم ہونا چاہیے، کیوں کہ معاملہ فہمی کے بغیر لیڈرشپ اگر کوئی فیصلہ لیتی ہے تو اس فیصلے کے بجائے یہ کہ مثبت اثر کے، منفی اثرات قوم کے لئے نقصان کا باعث بنیں گے۔اس سخت حالت میں اگر لیڈرشپ بروقت فیصلے کرے اور قوم کی رہنمائی کے لئے متحرک ہوجائے، تو تمام چیلنجز سے بلوچ قوم کو نکال سکتی ہے، کیوں کہ بلوچ مجموعی طور پر آزادی پسندوں کے فیصلے کا احترام کرنے کے لئے ذہنی طور پر تیار ہے۔





# شبیر زندگی اور روشنی کا استعارہ

☆ دل مراد بلوچ ☆

**کوئی پوچھے کہ شبیر کیا ہے تو بتادو کہ شبیر زندگی اور روشنی کا استعارہ ہے**

**کوئی** پوچھے کہ علامت کیا ہے اس کا تو بتادو کہ یہ زندگی اور روشنی کا استعارہ خوشبو کی طرح پھیل جاتا ہے، ہماری سانسوں میں رواں ہے ہم اس کا مہک محسوس کرسکتے ہیں اور غلامی کے گھٹاٹوپ اندھیرتاؤں میں بھی اس کے ذریعے حال کو دیکھ سکتے ہیں، گھٹاٹوپ اندھیرتاؤں میں مستقبل کو دیکھ سکتے ہیں اور مستقبل کے نظاروں سے محظوظ ہوسکتے ہیں بس جمالی حس کی ضرورت ہوتی ہے۔۔۔کوئی پوچھے کہ ہم نے اس خوشبو کو آج کل کہاں چھپا رکھا ہے، چاہنے والے دیدار کے لئے بے تاب رہے ہیں، رستہ کھو چکے اس کے ذریعے اپنے اپنے راستوں کو کھوج لگانا چاہتے ہیں تو بتادو کہ ”شبیر زندگی اور روشنی کا استعارہ خوشبو کی ایسی کیفیت کی طرح ہے، جس سے شاید عطار بھی اچھی طرح واقف نہیں تھا کہ قدرت نے اپنی قوتِ کاملہ سے کیسی نعمت سے نوازا ہے، کیسی عظیم نعمت سے نوازا ہے، ورنہ وہ اسے یوں سرعام نہیں سجاتا، ہر بزم، ہر محفل کی زینت نہیں بناتا بلکہ اس خوشبو کے چاہنے والوں کو ان کی اسرار اور اشتیاق دیکھ کر ہی اسے دکھایا جاتا، سونگھایا جاتا، مگر کیا کیجئے کہ کیفیت جب تک طاری رہتا ہے ہم اس کی لذتوں میں اس طرح کھوجاتے ہیں کہ یہ فکر نہیں رہتا کہ کب ٹوٹے اور ہمارے ساتھ نہ رہے، شبیر کی صورت میں بکھرے زندگی اور روشنی کا استعارہ اور خوشبو کی کیفیت ہمارے ساتھ یہی کرگئی بلکہ دودوہاتھ کرگئی جب تک ہم کیفیت میں تھے تو انجانی، پُرلطف، پُرلذت پُرکیف سرور میں تھے جب کیفیت ہی ٹوٹا تو ہاتھ مَل رہے ہیں، اب کیا ہوسکتا ہے بس ایک افسوس کی چھتا ہے جس میں ہمارے اَرمان جل رہے ہیں، ہمارے

آرزو جل رہے ہیں ، مستقبل کے سارے خواب جل رہے ہیں ،اب وہ ’براق‘ کہاں سے لائیں جو کئی ہزارنوری سال مسافت پرظلمت کی پاتالوں میں بند ہمارے اُس خوشبو کو واپس لائے،ہم ایک بار پھراُس کی کیفیت میں کھوجائیں۔۔اُس سے جینے کا ہنر سیکھیں۔۔۔اس سے مسرت اورسرور پائیں ۔۔۔کوئی پوچھے کہ شبیر آج کل کیسا ہے تو بتادوشبیر خوشبو سے مہکی زندگی کے وادی میں تیرگیوں کے خلاف برسرِ پیکار ہے۔۔۔تیرگی کے خلاف لڑتے لڑتے سراپا درد میں ڈھل چکا ہے اور آج کے بلوچستان میں بکھرے درد کے سلسلے میں ایک نئی درد کا اضافہ مگر یہ ایک ایسی درد ہے جس سے آشنا وہی ہوتے ہیں جو درد کے سفر میں عقل نامی شئے کو گھر کے کھونٹے میں باندھ دل کے تخت روان پہ سوار ہوکر تیرگی کے خلاف لڑنے زندگی کے وادی میں اُتر جاتے ہیں اور زندگی کے،روشنی کے دشمنوں سے لڑتے ہیں،تیرگی سے لڑتے ہیں ،تیرگی پہ فتح پاتے ہیں ،زندگی کی وقار کو بلند کرتے ہیں ،زندگی کو زندہ ہونے کا احساس دلاتے ہیں وہی احساس جو زندگی غلامی کے تیرگیوں میں کھوچکا ہے وہی احساس جسے زندگی سے شیطانی قوتوں نے دھوکے ،فریب سے ،کھلواڑ سے چھین لیا ہے ،اورزندگی بھی اس احساس سے عاری ہوچکا ہے کہ ’’وہ زندگی ہے ،اسے بھرپور روشن ہونا چاہئے ،اسے تیرگی کے پاتالوں سے نکل کر روشن راہوں میں خوشی کے پھول کھلاتے ،مسکان کی پھلکاریاں بکھیرتے ،نئی امنگوں ،نئی آرزوؤں کوجنم دے دے کر درد کے باہوں میں باہیں ملاکر زندہ اورمنور ہونے کا ثبوت دینا چاہئے‘‘

کوئی پوچھے کہ شبیر زندگی اورروشنی کا استعارہ کیسے بن گیا تو بتادو کہ شبیر بھی زندگی کوزندگی سے بھرپور بنانے کے لئے عقل نامی کو آواران کے کسی کونے میں کدرے میں پابہ زنجیر کرکے دل کے تخت رواں پرسوار ہوکرزندگی کوتاریکی سے چھڑانے کے لئے اُس وادی میں اتر چکا تھاجہاں زندگی کو روشنی سے محروم کرکے تاریکی نے یرغمال بنالیا ہے۔۔۔مگر اس غرض کے لئے بہتوں کے برعکس شبیر میں کوئی پیچیدگی نہیں۔کوئی لگی لپٹی نہیں بس سیدھے دلوں کو دلوں سے ملا رہا تھا گویا پیدا ہی اس مقصد کے لئے ہوا تھا کہ دلوں کو دلوں سے جوڑے،کعبہ دل میں یزیدوں کے





جمائے جمے زنگوں کو،دشت محبت میں نفرت کے گھوڑوں کے اڑائی دھول کو ،وقت کے پیچیدگیوں سے پیدا کدورتوں کوایک مسکان سے ہمیشہ کے لئے مٹادے،شیشہ دل کواس طرح صاف کردے کہ جونظر اٹھے تو انسان کو اپنے سراپے سے اُنس ہوجائے جونظر اُٹھے تو زندگی مسکراتا ہوادکھائی دے اورانسان اپنے انسان ہونے پر ندامت کے بجائے فخر سے سرشار ہو۔

کوئی پوچھے کہ ان کا فلسفہ زندگی کیا ہے

تو بتادوکہ شبیر کازندگی سے پیار کرنے کا فلسفہ بھی خوب ہے ہمیشہ یہی کہتے ہیں کہ ’’زندگی آزاد ہوتو زندگی کہلاتا ہے غلامی میں زندگی ایک بوجھ ہے جسے لوگ ڈھوتے رہتے ہیں لوگوں کو زندگی نامی بوجھ اٹھانے کے لئے ہی سانس لینے کے لئے زندہ رہنے دیا جاتا ہے ورنہ اُن کا چنداں ضرورت نہیں‘‘

اپنے فلسفے پر اس طرح سودل وجان سے عمل پیرا کہ ایسوں کو دیکھ کر ہی لوگوں کو یقین ہوتا ہے کہ واقعی اب کے زندگی بھرپور ہوجائے گا ،صدیوں سے سسکتی زندگی اب آزاد فضاؤں میں سانس کی قابل بن جائے گا ،جنم جنم کے محروم ،مایوسی کو وداع کرکے امید کا جامہ اوڑھ رہے ہیں ،شکستہ حوصلے شیرِ یزداں بن رہے ہیں نام ونسب پر اجارہ داروں کے دن گھٹ رہے ہیں ،بے نام ،بے حسب ،بے نسب صدیوں سے غلامی درغلامی میں زندگی گھسیٹنے والے آفتاب و ماہتاب کی طرح زندگی کے جوبن میں اٹھکیلیاں کررہے ہیں پہلی بار اس خطہ زمین میں لوگ زندگی ڈھونے کے بجائے اسے جینے کے لئے رختِ سفر باندھ چکے ہیں ،مگر آسان نہیں کیونکہ زندگی کے دشمن تاک میں ہوتے ہیں ایسے نایافت ہستیوں کے ،ایسے صدا منوروتابان مشعلوں کے ،ایسے روشنی کے میناروں کے۔۔۔جن سے ایک دہر رہنمائی لے رہا ہے ۔۔۔جوتاریکی میں سسکتی ایک دہر کوایک روشن وتوانا دہر سے ملانے کا تاب رکھتے ہیں تیرگی میں زندگی بتانے والے آنکھوں کو چندھیانے والے روشنی کا نظارہ کراسکتے ہیں ۔۔۔ان پر ایک دہر فدا ہوتا ہے ۔۔۔عظمت ان کا گُن گاتا ہے۔۔۔بلند و بالا چوٹیاں ان کے سامنے سرِتسلیم خم کرتے ہیں، پابہ جولاں اسیرانِ وطن ان کے ہمت وحوصلے کی وجہ سے زندگی سے چمٹے رہتے ہیں ۔۔۔عفت و

آبرواُن میں خود کو مجسم دیکھتے ہیں اور شبیر بھی زندگی اور روشنی کے دشمنوں کے ہتھے چڑھ گیا ہے ۔۔۔تیرگی کے خلاف لڑتے لڑتے آج ایک تنگ و تاریک کوٹھڑی میں جکڑا ہوا پڑا ہے زندگی اور روشنی کے رعنائیوں کا نظارہ کرنے والے آنکھوں پر دبیز پٹیاں سختی سے بندھی ہیں ۔۔۔زندگی کے لئے گرمجوشی سے رقصاں نرم دل پر برف کی بھاری سلیں ہیں ۔۔۔کوچہ تیرگی میں زندگی اور محبت کے سراغ میں ادا کی چال چلتے پاؤں میں نفرت کے بیڑیاں ہیں ۔۔۔ہائے رے ،محبت میٹھے بول بولتے لب فریب و دغا کے دھاگے سے سِل چکے ہیں ۔۔جہاں کوئی مونس و غمخوار نہیں ۔۔۔بس تیرگی ہے ،تیرگی ایسی کہ روشنی کا گزر نہیں ،دور ور تک کوئی جگنو نہیں ایسی مخلوق سے واسطہ کہ جس نے تہیہ کیا ہوا ہے کہ زندگی اور روشنی کے متوالوں کو تیرگی کے سامنے سر بہ سجود کرے گا اور دشمن خوش کہ شبیر زنداں میں مقید نہ صرف اپنے کئے پشیمان ہے بلکہ اوروں کے لئے عبرت کا سامان بن چکے ہیں ،دشمن خوش کہ اب کون ہے جو ایسا بننے کی آشا رکھے ،کون ہے جو سمبل و ریحان کو چھوڑ چھاڑ کر خار وطن پر مر مٹے ،کون ہے جو شبیر کو دیکھ کر زندگی کو زندگی بنانے کا تمنا رکھے ،دشمن خوش کہ اب فکر وطن کی سوتوں پر سوکھا چھا جائے گا محبت در ندگی کا روپ دھار لے گا ۔۔۔مجنون لیلیٰ کی شکل دیکھنا گوارا نہیں کرے گا ۔۔حانی منی وطن کے بجائے 'شاد باذ' کا گونج سنائی گا ۔۔۔عفت و آبرو جان کی امان پر لٹنے کے لئے تیار ہوگا ۔۔۔مگر عقل کے پیادے دشمن کو کون سمجھائے کہ شبیر اپنی زندگی ہی میں جسم سے بالاتر روحوں میں ڈھل چکا ہے ،شبیر فرد نہیں جس کی عدم موجودگی میں کاروان زندگی رک جائے ایسے ہستی زندگی کا محرک ہیں جو لاکھوں میں متحرک ہے ، جسے تم شبیر سمجھ کر زندان میں قید کر چکے ہو وہ کب کا ہزاروں دلوں کی غزالی دھڑکنوں میں شامل ہو کر مچل رہا ہے کیونکہ شبیر زندگی اور روشنی کا استعارہ ہے ۔۔۔شبیر زندگی کا استعارہ ہے زندگی کے لئے جی رہا ہے ۔۔زندگی کے لئے درد جھیل رہا ہے ۔۔۔زندگی کے لئے ،امرتا کے لئے درد کے بہاؤ میں بہہ رہا ہے ۔۔۔زندگی کی لذتوں سے آشنائی کے لئے درد کی کٹھنائیاں سہہ رہا ہے ۔۔۔شبیر حسینی قافلے کا وہ مرد حر ہے آج لشکر یزید میں پابند سلاسل سہی مگر اُن ہزاروں میں آزاد ہے جو شبیر بن





چکے ہیں ۔۔۔جو شبیر بننے کی آشائیں رکھتے ہیں ۔۔۔جو شبیر کی صورت میں زندگی کی صورت گری کر رہے ہیں ۔۔۔جو درد کے بھٹی میں زندگی کا کندن بن رہے ہیں ۔۔۔جو غم کی وادیِ تیرگی میں جگنو کی طرح چمک رہے ہیں جو انگاروں پر زندگی کا پھول کھلا رہے ہیں ۔۔۔جو غنیم کے سامنے سیسہ پلائی بن رہے ہیں ۔۔۔جو حسین ہیں ۔۔۔جو سرمست ہیں ۔۔۔جو سرمد ہیں ۔۔۔جو شہیک ہیں ۔۔۔۔جو امداد ہیں ۔۔۔جو رضا ہیں ۔۔۔

شبیر زندگی ،شبیر زندگی کا استعارہ ۔۔۔کوئی مجھے یہ تو بتائے کہ زندگی کے سیلِ روان کیسے رک سکتا ہے ۔۔۔گو کہ آج زندگی خاک و خون میں لتھڑی ہوئی سہی ۔۔۔درد کی پاتال میں سہی ۔۔۔وقت کے ہاتھوں پامال سہی ۔۔۔حاکم کے ہاتھوں یرغمال سہی ۔۔۔گو کہ زندگی آج ساہوکار کے رہن میں ہے ۔۔۔ساگرِ ظلمت کی نہنگ کے دہن میں ہے ۔۔۔کڑی وقت کے جام میں درد کے گھونٹ پی رہا ہے ۔۔حبس کی فضا میں جی رہا ہے ۔۔۔دَم اس طرح گھٹ جاتا ہے کہ آشائیں مٹ جاتے ہیں مگر زندگی سخت جان ہے ۔۔۔جینے کی تمنا شاشان و بولان کی استقامت پا چکے ہیں ۔۔یہ ہار ماننے کے لئے تیار نہیں کیونکہ اس کا جنم اُس مٹی سے ہوا ہے جس نے غلام محمد پیدا کیا۔۔۔جس نے اللہ نذر پید اکیا ۔۔۔جس نے زاہد پیدا کیا ۔۔۔اور سلسلہ بھی رکا نہیں ۔۔۔اب بھی زندگی کا جنم میں ہو رہا ہے بموں ،توپوں ،مارٹروں ،ہیلی کاپٹروں کے گڑگراہٹ میں ۔۔۔لٹتے کاروانوں میں ۔۔۔جلتے کھیت ،کھلیانوں میں ۔۔۔اجڑتے ، بستے بستیوں میں ۔۔۔زندگی کا ظہور ہو رہا ہے ،زندگی سے لڑنے کے لئے ،زندگی پر فتح پانے کے لئے ،شبیر بننے کے لئے ۔۔۔کیونکہ شبیر زندگی کا ستعارہ ہے ۔۔۔

☆☆☆ناتمام☆☆

# انسانی نشوونماء کی اہمیت اور عمل پر اس کے اثرات

☆ڈاکٹر جلال بلوچ☆

**ہر** شعبہ زندگی میں اکثر کام ایسے ہوتے ہیں جن میں انفرادیت کا عنصر شامل ہوتا ہے۔اس کے پس پردہ بہت سارے عوامل ایسے ہوتے ہیں جو انفرادیت کے اس عنصر کی انسانی دماغ میں پرورش کرتے ہیں وہ چاہے زندگی کے کسی بھی شعبے سے تعلق رکھتا ہواس میں اس کی کوشش اور خواہش ہوتی ہے کہ وہ کچھ ایسا کرجائے جو اس کی پہچان بن جائے۔ انسانی کام جو انفرادی نوعیت کے ہوں یا اجتماعی اس میں انفرادی کردار اہمیت کا حامل ہوتا ہے اس حوالے سے بہت ساری مثالیں موجود ہیں جنہوں اپنے اعمال سے دنیا کو نئے رنگوں سے نوازا۔ اگر ہم دنیا میں اصولوں (Theories) کی بات کریں انہیں پیش کرنے میں انفرادی کردار کا ہی عمل دخل ہوتا ہے لیکن آگے چل کر یہی اصول ذہنوں پر اجتماعی اثرات مرتب کرنے کا پیش خیمہ بن جاتے ہیں اور لوگ انفرادی اور اکثر اجتماعی زندگی کو صحیح سمت دینے کے لیے انہیں اپناتے ہیں ۔جیسے مذہب سے وابستہ اصول جنہیں انبیاء کرامؑ نے پیش کیے اور انہیں سماج نے اپنایا،مختلف ادوار میں مفکرین کی وضع کردہ اصول جیسے معیشت کی دنیا میں کارل مارکس کا نظریہ اشتراکیت جس نے دنیا میں ایک انقلاب برپاء کیا جس کی وجہ مظلوم اور ظالم کے درمیاں خلیج اتنی بڑھ گئی کہ اس سے ریاستوں کا نئی سمت میں جنم ممکن ہوا، روسو، لاگ اور ہابس نے انسان کو یہ سوچ دی کہ سماج نے ریاستوں کی شکل اور اپنے اختیارات ریاستوں کو کیسے سونپ دی (نظریہ عمرانی)، ارسطو نے نئی سیاسی سوچ دی جس نے آنے والے دنوں میں یونان کو متحد کرنے کی جانب گامزن کی،نفسیات کی دنیا میں سگمنڈ فرائڈ نے ایسی راہیں متعین کیں جس نے انسانی دنیا میں انسان کے کردار اور اس کی نشوونماء اور اسے پرکھنے کا زاویہ دیا۔ان کے علاوہ اگر ہم تاریخ





کا مطالعہ کریں تو مختلف موضوعات میں ہمیں ایسے کردار نظر آئینگے جنہوں آنے والوں کے لیے راہوں کا تعین کیا جن پہ عمل پیرا ہو کے انسان نے دنیاوی زندگی کا نقشہ بدل دیا۔

ہما را موضوع سماجی رویوں اور انسانی نشونماء سے متعلق ہوگا جس میں انفرادی اور اجتماعی پہلوؤں، وجوہات اور سماج پہ اس کے اثرات کا جائزہ لینے کی کوشش کی جائیگی ۔

کسی مسلئے کی تشخیص اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اس کی محرکات سامنے نہیں آتے ۔ انسانی کردار اور رویوں کو دیکھنے ، پرکھنے، سمجھنے اور ان کی اصلاح کے لیے ضروری ہے کہ جب ہم کوئی کام یا کچھ نیا کرنے جارہے ہوں تو سب سے پہلے اپنی صلاحیتوں کو دیکھیں کہ جو میں کرنے جارہا ہوں آیا اس کام کو کرنے کی صلاحیت مجھ ہے یا نہیں، اگر نہیں تو وجوہات کیا ہیں یا کسی کو جب کوئی ذمہ داری سونپ رہے ہوتے ہیں تو اس میں بھی انہی باتوں کا خیال رکھنا ہوگا کہ جسے ذمہ داری سونپی جارہی ہے آیا وہ اس معیار پہ پورا اترتا بھی ہے کہ نہیں؟ اس پہ منطقی بنیادوں پہ سوچھے ، سمجھیں اور جب کسی نتیجے پہ پہنچوں تب جا کے کوئی فیصلہ کرنا۔ کیونکہ آنے والے دنوں میں آپ جب کام کی نگرانی کرتے ہیں تو وہ ان توقعات کی رو سے ہوتی ہیں جو آپ نے وابستہ کی تھی اور اگر صلاحیتوں کو پرکھے اور سمجھے بغیر کسی کو ذمہ داری دی جائے جو اکثر دیکھنے میں آتا ہے تو ہم مطلوبہ مقاصد حاصل نہیں کر پاتے جس کی آس لگاتے ہیں ۔ہم اکثر جذبات کی رو میں بہتے ہیں لیکن زندگی فقط جذبات کا نام نہیں بلکہ عملی زندگی تو منطق کی بات کرتی ہے جو جذبات کی نفی ہے۔

انسانی جبلتوں کے اس عمل کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم انسانی نشوونماء ، تربیت اور اس کے ماحول کو دیکھیں۔ جو مختلف مراحل سے گزرتی ہے جس کے اثرات انسانی صلاحیتوں پر پڑتے ہیں۔

اصولوں کی رو سے انسانی نشوونماء پانچ بنیادی مراحل سے گزرتی ہے۔

ا۔شکن مادر سے لیکر ۲ سال تک کا دورانیہ:۔

(الف) شکن مادر:۔ ماہ کی کوکھ انسان کی پہلی درسگاہ ہوتی ہے ۔ ۹ ماہ کا یہ دورانیہ جہاں بچہ

نشوونماء پارہا ہوتا ہے اس میں ۱۶ ہفتوں کے بعد کا دورانیہ انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے جہاں خوراک ، ماحول اور رویوں کے اثرات برائے راست شکمِ مادر میں موجود طفل پر پڑتے ہیں ۔ماہرین کا یہ کہنا ہے کہ اس دوران ماں کو جیسا ماحول میسر ہوگا اس کے اثرات عملی زندگی میں بڑی حد تک آنے والے انسان کے کردار کا حصہ ہوتے ہیں ۔

